ملک دین محمد اینڈ سنز تاجرانِ کتب

کشمیری بازار لاہور

ملک دین محمد نے بہ اہتمام خود اپنے دین محمدی الیکٹرک پریس میں طبع کرا کر
کتب خانہ دین محمدی۔ بل روڈ۔ لاہور سے شائع کیا

۷۸۶

مکمل انسانی تندرستی اردو

عرف مسمّیٰ بہ

مجرّبات فقیر

من تصنیف لالہ فقیر چند اگروال ریاست کپورتھلہ

برائے فرم

ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشرز

وتاجران کتب لاہور بازار کشمیری

اپریل ۱۹۳۲ء میں ملک دین محمد پبلشرز نے فیروز پرنٹنگ ورکس سرکلر روڈ باہتمام عبدالحمید خاں منیجر چھپوا کر کشمیری بازار لاہور سے شائع کیا

بار دوم قیمت ایک روپیہ

۷۸۶

دیباچہ

اوّل اُس مالک قادر کریم پاک پروردگار کا جو کل مخلوقات کا مالک خالق واحد ہے ہزار ہزار شکریہ ہے جس کی رحمت سے اوّل پوتھی گیان گیتا جس کو تمام مذاہب والے پڑھکر پاک پروردگار کی عبادت میں مقبول ہوجاویں لیکن تمام دارمدار صحت پر ہے اِس کے مطابق اس مسکین ذرہ بمقدار نے اکثر مدّت سے فن طبابت کے رسالہ جات و کتب ہائے طب کا مطالعہ کیا کرتا تھا جس کے باعث اس خادم نے رفاہ عام کی خاطر ظاہر کرنا زیر اہتمام سیّد فضل حسین صاحب کی کرم نظر سے انسانی تندرستی کے تصنیف کا شوق دامن گیر ہوا جس کا ہر گھر میں رہنا ضروری ہے بے شمار کتابوں کی ورق گردانی کا نچوڑ ہے صرف اکیلی کتاب ہے جسکو بڑی محنت و جانفشانی سے لکھا۔ تمام قسم کا علاج و نسخہ جات وغیرہ ہمہ قسم باتشریح سر سے پاؤں تک بمعہ کشتہ جات درج کئے ہیں جو ہر فرد بشر آسانی سے بخوبی سمجھ سکتا ہے اُمید ہے کہ شائقین اس بے نظیر کتاب کا ملاحظہ فرماکر اس عاجز کو نہ عاجز سے یاد فرماوینگے ؛

جس کا کچھ خلاصہ ذیل میں درج ہے ملاحظہ کیلئے کیا گیا ہے

اوّل تمام امراض بچگان بمعہ نسخہ جات ہر چہار قسم ؛ دوئم - علاج جوان سے بڈھاپا تک باتشریح بمعہ نسخہ جات سوئم کل امراض مستورات علاج و نسخہ جات

چہارم حصہ میں علاج و نسخہ جات جس کی تفصیل یہ ہے ؛

(۱) طریقہ بارہ ۱۲ ماہ کے اصول تندرست رہنے کا ہر ماہ کا علیحدہ علیحدہ بیان ہے۔

۲۱۲ - لبوب تقویت دماغ	۲۱۳ - اوصاف برہمی
۲۱۴ - حالات کتاب انسانی تندرستی	

+ اے صاحبان اگرچہ یہ سُرخیاں بھی ۳۰۰ سو سے زائد ہیں نیز یہ تفصیل باب چہارم کی ہے اگر اول کے تین باب کا حوالہ دیں تو جدید کتاب بن جاوے یہ کتاب اپنی طرز کی ایک نئی انوکھی معلومات کا سمندر ہے جو شاید ایک کتاب میں سب کچھ نظر انداز ہوا ہو۔ علحدہ علحدہ حصے خریدیں تو ایک کافی رقم صرف کرنی پڑے۔ صرف اکیلی کتاب سے تمام کے علاج جو سُنے ہوں یا دیکھے ہوں اس میں ملیں گے ٭

الراقم خاکسار

فقیر چند اگروال ریاست کپورتھلہ سمت ۱۹۹۰ بکرمی

سستی کتابیں ملنیکا پتہ

ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشرز و تاجران کتب لاہور بازار کشمیری

ملک دین محمد اینڈ سنز تاجران کتب
کشمیری بازار لاہور

باب اوّل یعنی فصل نمبر ا

بچونکی بیماریاں اور اُن کا علاج

ابتدائی روگ

اگر معصوم کی والدہ بچے کے دودھ پلانے کے زمانہ تک طبیعت پر جبر سے قابو پالے اور کسی قسم کی بدپرہیزی نہ کرے تو ہرگز بچہ بیمار نہ ہوگا اور طاقتور ہوتا چلا جاویگا۔ ہمارے ملک کی نادان عورتیں کھانے پینے میں مطلق احتیاط نہیں کرتیں اور بچوں کے بیمار ہونے پر جادو منتر کا آسرا لیکر ادھر اُدھر پھرتی ہیں کم عقلی سے آپ ہی بچے کی جان تلف کردیتی ہیں اگر ذرا سوچ کر تجربہ سے بچہ کی طبیعت کی واقفیت حاصل کرلیوے بچہ صحت کی حالت میں کبھی رونے کا نام تک نہ لے گا بچہ ہو یا سیانہ روتا اُسی حالت میں ہے جب کوئی تکلیف ہو جب بچہ صحت یافتہ چنگا بھلا ہوگا جب رونے لگے تو سمجھنا چاہئے کہ آج ضرور کوئی چیز بچہ کی والدہ نے خلاف طبیعت سخت غذا کھائی ہوگی آئندہ ضرور خیال کرکے پرہیز کریں باقاعدہ پاخانہ اور نیند میں فرق نہ آوے تو کوئی شکایت نہ ہوگی اگر پاخانہ قبض سے آوے تو والدہ صرف ہمراہ دودھ کے گلقند ۲ تولہ یا بادام روغن ۶ ماشہ ڈال کر پی لیوے فوراً صحت ہوگی جہانتک ہوسکے آرام سے بچہ کو دُودھ پلاوے خود زیادہ تکان کا کام نہ کرے اگر شاید کرنا پڑے تو بچہ کو دودھ دینے سے پیشتر خود آرام کرلیوے تاکہ مشقت کی تکلیف

ذرا کم ہو جاوے ہر وقت دودھ دینا بھی باعث خرابی ہے اس کیلئے
یہی طریقہ کریں تین دفعہ یا چار دفعہ کافی ہے۔ ہر تین یا چار دفعہ کافی ہے
ہر تین گھنٹے کے بعد ہمیشہ شانتی سے تحمل سے نیز غذا والدہ بچہ کی ہمیشہ زود ہضم
ہلکی استعمال کرے۔ اگر دودھ پیتے بچہ کو نزلہ۔ زکام ہو تو صرف دودھ میں
لعاب بیدانہ نکالکر ملا کردے دیں۔ اور گرم پانی سے نہلا دیں آرام ہوگا۔
اگر دانت نکالتے وقت اسہال ہوں تو بند نہ کریں۔ اگر کثرت سے ہوں
تو شربت صندل میں ٹھنڈا پانی ملا کر پلا دیں۔ دیگر نسخہ ڈاکٹری عام ڈاکٹر
دوکانداروں سے ملتا ہے۔ بسمتھ سب نائیٹر ½ اگرین۔ پلور آئی ½ اگرین
تین پوڑیہ بنا کر ایک صبح ایک شام کو دیں آرام ہوگا۔
ویدک نسخہ۔ عود زہر مہرہ ۲ رتی پانی میں گھس کر پلا دیں
نسخہ سنیاسی۔ بیلگری ۲ رتی سفوف کرکے دودھ خام یا پانی ملا کر دیں۔
پرہیز والدہ بچے کی صرف ایک دو یوم کھچڑی یا ساگودانہ دودھ میں بنا کر یا
دال چاول کھلا دیں۔

اگر حمل نہ ہوتا ہو تو حیض سے فارغ ہونے پر پیپل کے پھل لیکر سایہ میں سکھا کر
پیسکر ۶ ماشہ روزانہ ایک ہفتہ استعمال کریں حمل ٹھہر جاوے دیگر درد دانت
پیپل کی چھال کو اوبال کر غرغرہ کریں آرام ہوگا۔

چنبل دافع دیمک تمہ یعنی حنظل کے پتوں کا پانی نکال کر دیمک کی جگہ
چھڑکیں دفعہ ہوگی۔

آشوب چشم بچوں کی آنکھیں عموماً آنکھوں کو میلا رکھنے سے آتی ہیں بعض
دفعہ قبض یا گرمی کی وجہ سے عورتیں اکثر چاکسو ڈالکر پٹی باندھ
دیتی ہیں۔ اکثر بچے اس کم عقلی کے باعث اندھے۔ کانے بیمار چشم ہو جاتے

ہیں بجائے مستورات کے ایسے موقعہ پر کسی حکیم یا ڈاکٹر سے دوا کی کرائیں۔ ورنہ آملہ برادہ جست بھگو کر مٹی کے برتن میں رات کو پانی ڈالکر رکھیں۔ صبح آنکھوں میں چھینٹے ماریں مفید دوا ہے۔

ڈاکٹری نسخہ سچورٹیڈ بورک ایسڈ سولیوشن سے دن میں چار دفعہ آنکھیں دھوئیں آرام ہوگا۔

سبطری پلک } یعنی پلکوں کا موٹا ہو جانا **نسخہ** مکوہ کا پانی لگانے سے دو تین دن میں آرام ہوگا۔

ہر قسم کی آشوب چشم کو مفید ہوگا۔ نسخہ ویدک۔ بابونہ۔ افیون۔ پھٹکری۔ رسوت۔ ہلدی پانچوں اشیائے گلاب کے عرق میں پیسکر لگاویں مجرب ہے

کان کا بہنا } شہد میں زعفران رگڑ کر بتی کو لگا کر کان میں بتی رکھیں آرام ہوگا۔

کرم شکم } نمک۔ سونچل۔ ہلیلہ سیاہ۔ باؤبڑنگ ہر سہ کا سفوف بنا کر قریباً ۲ ماشہ شربت افسنطین میں حل کر کے چٹاویں۔ مجرب ہے۔

نسخہ ڈاکٹری۔ ایسڈ ہائیڈرو کلورک ڈل ۷ بوند۔ ٹنکچر چرائیتہ نصف ڈرام ٹنکچر کواشیاہ ۵ بوند۔ سپرٹ کلوروفارم ۱۰ بوند۔ ایکوا ینتھی پپ نصف اونس سب کو شیشی میں بھر کر دس خوراک کریں۔ ایک دن میں ۳ خوراک کریں فی ۳ گھنٹہ کے بعد۔ اور والدہ بچہ کی غذا میں نمک زیادہ استعمال کرے۔ پرہیز۔ ثقیل غذا ممنوع۔ قے آنا یعنی دودھ کا ہضم نہ ہونا اول باعث قبض شکم والدہ۔ اگر والدہ کا باعث ہے اُس کا علاج کریں ورنہ بچے کو دس تولہ پانی میں ایک تونہ کلعی حل کر کے دو تین گھنٹہ بعد اوپر سے پانی نتارلیں۔ ایک دفعہ نتارا ہوا پانی پھر صاف کر کے رکھ چھوڑیں

یہ پانی دودھ کے بعد ایک چمچہ معمولی پلا دیا کریں۔
نسخہ ڈاکٹری:- ایک گرین بسمتھ کاربد و تولہ دودھ بکری میں حل کر کے دیں
نسخہ ویدک:- پنساچن دو رتی عرق پودینہ میں ملا کر دیں آرام ہوگا مجرب ہے

دانت نکالنا بچوں کو عموماً دانت نکالنے کے موقعہ پر ازحد تکلیف ہوتی ہے اول دانت نکالنے کے دنوں میں ماں کو نرم غذا زود ہضم کھانی چاہیے۔ دیگر نمک شہد مل دیا کریں۔ چیچک یا خسرہ وغیرہ نکل آوے تو ازحد لازمی امر ہے۔ صفائی پارچات مکان اور اچھوت وغیرہ اور عموماً مضر اشیاء استعمال کرائیں اور پرہیز ہمہ قسم اور ٹیکا ضرور کرائیں۔ غذا دال چاول کھچڑی آب نخود وغیرہ عرق گاؤزبان۔ عرق بید مشک۔ شربت نیلوفر ہمراہ عرق سونف وغیرہ کے دیں۔

کھانسی ازحد تکلیف دہ مرض ہے۔ نسخہ یونانی کتیرا رب السوس۔ مغز بادام شیریں شکر تیغال۔ خشخاش ہموزن شربت زوفا ۴ تولہ میں ملا کر چٹنی سی بنا کر ماشہ ۲ ماشہ صبح شام چٹائیں۔ آرام ہوگا۔

نسخہ ڈاکٹری وائنم ایپی کاک ابونڈ عرق سونف و شہد ۶ ماشہ میں ملا کر دیں فوراً قے ہو کر بچہ کی طبیعت صاف ہلکی ہو جاوے گی بعد میں شربت کے ہمراہ بادام روغن چٹائیں۔

دودھ کم ہو تو ذیل کی دوا استعمال کرائیں

نسخہ:- سونف۔ زیرہ کرمانی ستاور ہموزن لیکر سفوف بنالیں اور چنے بھگو کر اس پانی میں شکر ملا کر چند یوم قریباً ہفتہ دوائی ۹ ماشہ کھاویں۔
دودھ زیادہ ہو اور کم کرنا چاہیں تو یہ دوا کریں۔ نسخہ:- تخم کاہو۔

مسور کا چھلکا اور زیرہ سیاہ بقدر ۶ ماشہ روزانہ پانی کے ساتھ نگلوائیں دودھ کم ہو جاوے گا۔

دیگر:۔ جو عورت کسی مرض میں مبتلا ہو تو اس کا دودھ بچے کو ہرگز نہ دیں صحت کے لئے تدبیر کریں۔ بچوں کو اکثر گھونٹی دی جاتی ہے۔ سو مناسب نسخہ گھونٹی یہ ہے۔ پودینہ ۴ رتی۔ سونف ۴ رتی۔ مروڑ پھلی ۴ رتی۔ سونٹھ ۲ رتی املتاس ۲ رتی بلاس پاپڑا ۲ رتی۔ پت پاپڑا ۴ رتی۔ عناب یک دانہ۔ زیرہ ۴ رتی۔ ثناء مکی۔ نرکچور ۲ رتی۔ سہاگہ ۲ رتی۔ نمک سیاہ ۴ رتی۔ ان سب ادویات کو پہلے کوٹ لیں اور پھر باریک شدہ سفوف میں پانی قریباً ½ ۱ چھٹانک ڈالکر جوش کریں جب نصف سے کم رہے مصری ملاکر کپڑے کی بتی بنا کر تر کر کے بچے کو دیں۔

چٹکی اطفال کی بنس سلوچن۔ پودینہ خشک۔ زیرہ سفید۔ الائچی خورد مصطگی رومی۔ ہموزن کوٹ کر کپڑ چھان کریں۔ ایک تولہ شہد میں ادویہ ایک ماشہ حل کر کے کئی بار دن میں چٹاویں **اوصاف** دست آور گرڑتی۔ بدہضمی بچے کا دودھ پھینکنا وغیرہ کو مانع ہے۔

بچے کی پسلی کا درد کی اس سے بچہ دم کھینچ کر لینے لگتا ہے۔ اگر جلد تدارک نہ کیا جاوے تو بچہ مرجاتا ہے **علاج و نسخہ** عرق تلسی میں ہینگ عمدہ رگڑ کر گولی مونگ برابر بنا کر دودھ کے ہمراہ دیں دن میں ایک یا دو دفعہ۔ آرام ہو گا۔ باقی ادویہ کارک والی شیشی میں رکھیں۔

سوکھے مرض کا ایک جادو ٹونہ کی جس بچہ کو مرض سوکھا ہو۔ اس مرض میں بچہ روز بروز دبلا ہوتا جاتا ہے۔ اونٹ چلا جا رہا ہو۔ اُس کے نیچے سے بچے کو نکالنے یعنی ایک طرف سے انسان بچے

کو دوسری طرف اور آدمی کو بچہ پکڑا دے۔

بچہ کے بخار کی دوا

بخار میں نہ کوئی دوا دے سکتے ہیں نہ کوئی ترکیب کر سکتے ہیں۔ جس سے جلدی بخار جاوے سہل نسخہ یہ ہے۔ دو چار پتے سبز تلسی کے لیکر باریک پیس کر پانی میں حل کر کے مصری ملا کر پلا دیں فوراً آرام ہوگا۔

بچے کی ہچکی کی دوا۔ بڑے کو بھی فائدہ بخشے

نسخہ:۔ کنول گٹہ کو پانی میں رگڑ کر پلا دیں۔ کوئی نقصان کی چیز نہیں ہے اب یہاں پر اتنا ہی اکتفا کرتا ہوں۔ ویسے تو مرضوں کا اندازہ نہیں ہے، اب دوسرا باب انسان کے امراض سر کا علاج شروع کیا جاتا ہے

فصل نمبر ۲

دردسر ہمہ قسم داخلی و بیرونی صدمہ سے نام یونانی صداع سانج خارجی نام نسخہ اول ہولاس یعنی نسوار چاول مدار کے دودھ میں ملا کر سائے میں خشک کر کے نسوار لیں۔ دیگر نکچھکنی۔ کشمیری پٹھہ۔ نوشادر کی ہولاس لیں آرام ہوگا (انگریزی نام ہینور یلجاب ہیڈ ایک کہا جاتا ہے)

نسخہ ڈاکٹری۔ اگر دردسر دی کے سبب ہو تو بیرونی منتھل آئینٹ مینٹ کی ماتھے پر مالش کریں۔ آرام ہوگا۔

دیگر:۔ اندرونی کیفیٹن فینسی سیٹن ہر یک ایک رتی یا ۲ رتی گرم پانی سے کھاویں

نسخہ یونانی:۔ چاء ۳ ماشہ۔ دارچینی ۲ ماشہ بغیر دودھ کے پکا کر شکر ملا کر چھان کر پلا دیں۔

نسخہ سنیاسی۔ نصف رتی کشتہ ہڑتال طبقی دودھ کی ملائی میں رکھ کر کھلائیں۔ غذا ہلکی استعمال کریں۔ اگر گرمی کی وجہ ہو تو دردسر کے لئے نسخہ۔

نسخہ ڈاکٹری: پوٹاس بروما ئیڈ دس ۱۰ رتی ایک اونس پانی میں ملا کر پلا دیں

نسخہ یونانی:۔ شربت لیموں یا شربت صندل بقدر ۳ تولہ ٹھنڈا پانی ڈال کر دن میں دو دفعہ پلائیں۔ صندل گھسکر یا کا ہو لگا دیں۔ مجرب ہے۔

نسخہ سنیاسی۔ برگ بھنگ یک ماشہ۔ مغز بادام ۲ تولہ رگڑ کر مصری حل کرکے چھان کر پلا دیں۔

نسخہ ویدک:۔ برہمڈنڈی ۷ ماشہ کو باریک کرکے سفوف بنا کر صبح شام دودھ بکری یا پانی کے ہمراہ پھانک لیں۔

دیگر:۔ دردسر ہر قسم کے لئے استاد صاحب کا مجرب نسخہ ہے۔ کشنیز۔ مغز بادام تیرہ میں چینی نیشکر سفید ملا کر کوٹ کر سفوف بنا کر خوراک ۳ ماشہ صبح ۳ ماشہ شام ہمراہ دودھ گاؤ کے استعمال کریں۔

دردسر کے لئے جنتر ہندو۔ اوم۔ اوم۔ اوم۔ اسلام۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ تین دفعہ پڑھ کر کاغذ کی نلکی بنا کر ناک سے اسکا دھواں کھینچی کا غذ حنائی ایک طرف آگ لگا کر دوسری طرف سے دھواں لیوے سگرٹ کی طرح انشاءاللہ آرام ہوگا۔

نسخہ لیپ:۔ صندل سفید گھس کر ماتھے پر لگا دیں آرام ہوگا۔

فصل نمبر ۳

سر کا گھومنا - انگریزی نام ورٹی گو

ایسے مریض کو ہر چیز اپنے گرد چکراتی ہوئی نظر آتی ہے - مریض کھڑا نہیں ہو سکتا ہے یہ امراض باشِشہ کے سبب سے ہوتا ہے یا بواسیر کے باعث خون خارج ہونے کے باعث یا نکسیر کے باعث -

نسخہ ڈاکٹری :- کروسیو سولیمنٹ نصف رتی گلیرین روغن سنگھو سنگونا ۲ اونس سب کو ملا کر ایک ڈرام کے قریب ایک دن میں تین مرتبہ تک ایک اونس پانی میں حل کر کے دیا کریں -

نسخہ سنیاسی :- کشتہ قلعی بقدر ½ رتی گائے کے مکھن میں رکھکر صبح کو کھلاویں غذا دال مونگ چاول پالک گو یا ہلکی زود ہضم - جماع وغیرہ سے پرہیز کریں -

فصل نمبر ۴

آنکھ کی بیماریوں میں

آنکھ کا دُکھنا :- یا آشوب چشم یہ مرض زیادہ گرمی کے باعث یا گرد غبار یا بدہضمی یا زہریلا کرم کوئی آنکھ میں داخل ہو جاوے - آنکھ کی جھلی سُرخ اور شدت درد و پانی جاری رہنا - مریض اوجالا برداشت نہیں کرتا ہے -

نسخہ انگریزی :- ٹنکچر اوپیم ۱۰ بوند - زنک سلفاس دو گرین - بورک ایسڈ

۲۰ گرین صاف پانی ۸ اونس۔ سب کو ملا کر چند قطرے آنکھ میں ڈالا کریں ایک صاف گدی تر کر کے آنکھ پر رکھیں۔ آرام ہوگا۔

نسخہ یونانی۔ پھٹکری۔ رسوت۔ زعفران۔ افیون چاروں ہموزن عرق گلاب میں رگڑ کر آنکھ کے چاروں طرف لیپ کریں اور ایک قطرہ اندر داخل کریں اگر گکرہ چشم ہو جاویں یا دیرینہ ہو تو لباس صاف ستھرا صبح سیر ہلکا سا جلاب

نسخہ سنیاسی۔ کشتہ جست ڈالا کریں سلائی سے اور غذا ہلکی زود ہضم کھٹائی سے پرہیز کریں۔ جماع سے پرہیز کریں۔

آنکھ کے گکروں کا مجرب نسخہ پروٹیرگول protargol شناخت گھلی نسواری رنگ چمکیل ۵ رتی ۱۱ اونس عرق گلاب میں حل کر کے ڈراپر سے ڈالیں اس سے بڑھ کر دوائی اور نہیں ہے۔ عام ڈاکٹری دوکان سے ملتی ہے۔

فصل نمبر ۵

موتیابند نزول الما کے بیان میں

انسان آنکھوں سے نور بہتا ہوا بھی بصارت سے خالی ہو جاتا ہے۔ اس کے کئی سبب ہیں۔ نشہ بکثرت۔ ذیابیطس یا ضربہ یا بڑھاپے کی نقاہت۔ اصل علاج اپریشن ہے۔ مگر عام کے فائدہ کے لئے نسخہ جات درج کرتا ہوں۔

ڈاکٹری ہائیڈرارجیرائی پرکلورائی ڈائی ½ گرین عرق گلاب ایک اونس میں حل کر کے آنکھ میں ڈالا کریں۔

نسخہ سنیاسی:۔ رتن جوت کو شہد میں گھسکر دو تین دفعہ سلائی سے آنکھ میں لگاویں۔ سرمہ تمام امراض آنکھ کو مجرب ہے۔ سرمہ اصفہانی ۲ تولہ زیرہ عقیق سُرخ ۲ تولہ۔ شلجم کا کچلا ہوا پانی آدھ سیر میں کھرل کریں اور سرمہ آنکھ میں لگائیں۔

ککرے مرض سخت ہے:۔ نسخہ۔ مازو سوختہ۔ سہاگہ۔ پھٹکری۔ چست سوختہ چاروں ہموزن کا سرمہ بناکر آنکھ میں لگائیں آرام ہوگا۔

آنکھ کیلئے دیسی زنگ لیوشن پھٹکری ایک رتی۔ ایک تولہ عرق گلاب یا پانی بارش میں حل کر کے سلائی سے ڈالیں۔

نسخہ یونانی۔ سفیدہ کاشغری۔ چاکسو۔ مغز تخم سرس ہر ایک دو تولہ نیلا تھوتھہ پتہ بکری ۶ ماشہ۔ پتہ گربہ ۶ ماشہ۔ پتہ چیل ۶ ماشہ تمام ادویات کو آٹھ دن عرق گلاب میں گھسکر رات کو آنکھ میں سلائی سے لگاویں۔ غذا ہلکی اور ایک ہرڑ مربہ کھاویں سوتے وقت ہمراہ دودھ مفید ہوگی۔

ناخونہ اور پھولہ کیلئے آک کی جڑ گھسکر آنکھوں میں رات کو سلائی سے لگاویں

شب کوری یعنے رات کو نظر نہ آنا:۔ ریٹھہ کا چھلکا گھسکر عرق سولف میں ہر روز صبح و شام سرمچو سے لگائیں یہ مرض اکثر تیز دھوپ کے ہوتا ہے۔ بہا ذمیں سلائی لگاکر لگائیں آرام ہوگا۔

فصل نمبر ۶

کان کے امراض میں درد وغیرہ

نسخہ ڈاکٹری۔ مارفیا ایک گرین۔ اٹرو پین ۲ گرین۔ عرق گلاب چار ڈرام سب کو ملاکر کان میں ڈالیں۔

نسخہ سنیاسی - بھنگ کے پتوں کا پانی نکال کر قدرے ایک رتی افیون حل کر کے کام میں ڈالیں -

یونانی - شہد خاص ٹپکائیں / دیگر نیم کی پتی سبز کی بھاپ کان میں دیں

دیگر - روغن کنجد عمدہ بہت مفید ہے - مجرب ہے -

فصل نمبر ۷

بہرہ پن

یہ مرض اکثر عرصہ دراز تک کان کو میلا رکھنے سے ہو جاتا ہے -

نسخہ ڈاکٹری } ٹارپن آئیل - روغن تلخ میں حل کر کے دو تین قطرہ صبح شام ٹپکائیں
۱۰ بوند ۶۰ بوند

نسخہ یونانی شرطیہ - روغن تارپین ۱/۲ تولہ - روغن بادام النولہ انکو ملا کر روئی تر کر کے رات کو کان میں رکھ لیا کریں - صبح نکال دیا کریں - چند یوم میں مُدت کا بہرہ پن دُور ہو گا -

فقیری نسخہ - بنولے کا تیل کف دریا ملا کر لگائیں پھولا کٹ جاوے گا -

نسخہ سنیاسی - اندرائن کا پانی نکال کر نیم گرم ڈالا کریں کان کھلجائیگا - غذ گھی - آب نخود کھاویں

فصل ۸

نزلہ زکام کے بیان میں

یہ مرض سردی سے یا گرم سرد ہونا یا گرم گرم غذا کھا کر اوپر سے پانی سرد پی لینا

وغیرہ - جو رطوبات ناک سے جاری ہوں اس کو زکام کہتے ہیں - اور جو حلق سے ٹپکے اس کا نام نزلہ ہے - خلق میں خرخری معلوم ہوتی ہے آنکھوں سے پانی قدرے دردِ سر - بخار - طبیعت بے چین - بھوک مرجاتی ہے - پیاس ستاتی ہے چھینکیں آتی ہیں - **اوّل** تو ناغہ کریں ورنہ بادام بطور سردائی رگڑ کر پئیں - قبض کو دور کریں - **پرھیز** تیل ترشی تقویت دماغ کی صلاح کریں -

نسخہ حلوائے خوش ذائقہ - دافع بلغم - نزلہ وہاضم و مفرح و مقوی قلب و مقوی قلب و مقوی معدہ و دماغ و اعضاء رئیسہ و احتلام و مقوی باہ اعتدال پر ہے -

نسخہ - پیٹھہ ۵ ثار - شیر گاؤ ۵ ثار - روغن زرد ا ثار - بادام ۵ تولہ - پستہ ۵ تولہ اخروٹ کی گری ۵ تولہ - مغز چلغوزہ ۵ تولہ - ثعلب مصری - موصلی سنبل موصلی سفید بہمن سُرخ و سفید - شقاقل - عاقرقرحا - تودرین - گوند ببول - گُل ببول پھلی ببول - برگ ببول - تاللنگنی - تر کنجشک و سنبل الطیب ہر ایک ایک تولہ عرق کیوڑہ و گلاب خوش ذائقہ زعفران و دارچینی ۵ تولہ الائچی کلاں ۵ تولہ بھی اور زعفران عرقیات مذکورہ میں رگڑ لیں -

ترکیب بنانے کی - اول پیٹھہ کو صاف کر کے دودھ میں کھویا بناویں - روغن زرد میں بھون کر رکھ لیں تمام ادویہ سفوف کر کے بمعہ مصری کے ملا دیں خوراک صبح موافق مزاج کے کھاویں - فائدہ کثیر ہوگا

مقوی دماغ و دافع دردِ سر } اسطوخودوس ۹ ماشہ کو پانی میں بھگو کر پئیں - بلغم کو نافع و معدہ کو تقویت اور مقوی باہ و بواسیر کو نافع ہے -

فصل نمبر ۹

امراض ناک

ناک سے بو آنا - اس مرض سے دوسرا انسان نزدیک نہیں آتا ہے۔

نسخہ ڈاکٹری } پرمینگنٹ آف پوٹاس ۲ گرین - پانی صاف ۱۰ اونس ملاکر صبح شام ناک کو اندر سے دھوئیں۔

نسخہ یونانی - پھٹکری ایک ماشہ - سہاگہ دو ماشہ آدھ سیر گرم پانی میں حل کرکے ناک دھوئیں۔

نسخہ سنیاسی } چرچرہ کے پتے بقدر دس تولہ پانی سیر بھر میں پکائیں جب نصف رہ جاوے شکر ملاکر نصف پی لیں اور نصف سے ناک صاف کریں۔

غذا :- آب نخود وغیرہ کھاویں۔

فصل نمبر ۱۰

نکسیر ناک سے خون آنا وغیرہ

نسخہ ڈاکٹری - ٹینک ایسڈ کی نسوار لیں اور ٹنکچر ۳۰ بوند اینفوژن کو اسفیار ایک اونس میں ملاکر پلائیں۔

یونانی - مازو خشک لیکر گھس کر ناک میں ڈالیں - شربت انجبار میں عرق

کاسنی حل کر کے پئیں۔

نسخہ سنیاسی } کاہو رگڑ کر تالو یعنی سر پہ لیپ کریں۔ ٹھنڈا پانی ڈالیں غذا دودھ ساگودانہ۔ پرہیز دھوپ میں پھرنا۔ ثقیل غذا کھانا منع ہے۔

فصل نمبر ۱۱

مُنہ کے چھالے

نسخہ ڈاکٹری } پٹاس کلوراس ایک ڈرام۔ بورک ایسڈ ۲ ڈرام صاف پانی ایک پائینٹ سب کو ملا کر ایک دن میں غرغرہ تین دفعہ کیا کریں۔

نسخہ یونانی } طوطیا سبز بریاں ۳ ماشہ۔ کالی مرچ ۳ ماشہ کتھہ سفید ۳ ماشہ کوٹ چھان کر منہ میں ملیں لعاب گرا دیں۔ آرام ہوگا۔

نسخہ سنیاسی } برگ عنب الثعلب یعنی دمکو) بقدر دس تولہ سیر پانی میں جوش دیکر چھان کر غرغرہ کریں۔ گرم غذا مصالحہ دار سے پرہیز کریں۔

فصل نمبر ۱۲

دانت کا درد

نسخہ ڈاکٹری۔ کاربالک ایسڈ ٹنکچر اوپیم یا کلورا فارم یا عرق نتھال وغیرہ سے روئی تر کر کے جائے درد پہ رکھیں۔

نسخہ یونانی۔ روتا آوے ہنستا جاوے۔ عقرقرحا ۳ ماشہ۔ زیرہ سفید ۳ ماشہ

مرچ سیاہ ۶ ماشہ - پھٹکری ۶ ماشہ - نمک لاہوری ۳ ماشہ - کوڑی زرد سوختہ ۶ ماشہ - نوشادر ۳ ماشہ - اجوائن دیسی ۳ ماشہ باریک کر کے درد دانت پر ملیں اور لعاب گراویں - آرام ہوگا -

نسخہ سنیاسی } چرس کی راکھ ملیں میٹھائی - گرم گرم چار دودھ نہ پئیں اور آب نخود ادرک ڈالکر استعمال کریں -

اگر دانتوں سے خون پیپ آوے - کونین ۱ ماشہ مصطگی ۴ رتی ملاکر دانتوں پر ملیں درد دانت کے لئے مجرب کلونجی ۶ ماشہ اوبال کر رات کو غرغرہ کریں -

فصل نمبر ۱۳

گوشت خورہ

اس مرض سے مسوڑے ورم کر آتے ہیں - اور منہ میں سے بدبو آتی ہے ہر وقت درد کی شکایت رفتہ رفتہ دانت ہلنے لگتے ہیں اور بدپرہیزی کی جاوے سب دانت نکل جاتے ہیں -

نسخہ ڈاکٹری } ایلم پٹاس کلوراس تین تین ڈرام ٹنکچر ۶ ڈرام گلسرین ایک اونس عرق گلاب ۲۰ اونس سب کو ملاکر ایک دن میں تین دفعہ کلیاں کریں -

نسخہ یونانی } سپاری - برادہ صندل سرخ - سماق دانہ تینوں پانچ پانچ تولہ دو سیر پانی میں جوکوب کر کے ڈالیں اور چند جوش دیکر کام میں لاویں

منجن سے دانت صاف کرنا تمام امراض سے محفوظ رکھتا ہے - اور رات

کو سوتے وقت میں اور صبح ہمراہ دواتن کے استعمال کریں۔

نسخہ منجن کافور ایک اونس۔ کھریا چاک عمدہ تین اونس۔ سپاری ایک اونس اسپرٹ چند قطرے اس میں ڈال کر خوب کھرل کر کے استعمال کریں۔

دیگر: کوئلہ کیکر۔ چھلکا الائچی کلاں جلا ہوا پھٹکری ملا کر ملیں دانت سفید ہو جاویں گے۔

دیگر: سنگ جراحت۔ سپاری پھٹکری سفید۔ گیرو چینی راکھ جلی ہوئی نمک باریک کر کے کپڑ چھان کریں اور استعمال کریں۔ مجرب ہے۔

درد داڑھ میں سیالکوٹی کاغذ کی بتی بنا کر ناک کے راستہ دھواں لے منہ سے نکالے اُسی وقت آرام ہو گا۔

گوشت خورہ ۔ نیلا تھوتھا۔ بریاں کو پیس کر بطور منجن استعمال کریں آرام ہو گا۔

فصل نمبر ۱۴

کھانسی خشک

نسخہ انگریزی: ۔ ایمونیہ کارب ۵ گرین۔ ٹنکچر سلا ۱۰ بوند۔ ٹنکچر کمفر کو ۳۰ بوند۔ ڈیئم ایپی کاک ۱۰ بوند۔ سرپ ٹولو یک ڈرام۔ انفیشورن سینی گا ایک رتی۔ ایسی کی ایک خوراک دن میں ہر تین گھنٹہ بعد پئیں

نسخہ یونانی زوفا ۵ ماشہ۔ سپستان ۱ تولہ۔ عناب ۱ تولہ۔ بہدانہ ۲ تولہ کو ٹکر آدھ سیر پانی میں بھگوئیں چند گھنٹہ بعد پانی نتار کر ۲ تولہ ترنجبین ڈمصری ملا کر تھوڑا پانی کام میں لاویں۔

نسخہ ویدک حب } خشخاش سیاہ و سفید کا کڑا اسنگی کتیرا گوند و گوند کیکر نشاستہ رب السوس و اصل السوس ہر یک ۶ ماشہ لعاب بہدانہ ملاکر افیون ایک ماشہ ملاکر گولی چنے کے برابر بناکر رات کو منہ میں رکھکر اس کا لعاب چوسیں آرام ہوگا۔

فصل نمبر ۱۵

کھانسی تر

نسخہ ڈاکٹری:۔ ایمونیا کارب ۵ گرین۔ ٹنکچر کمفر کمپونڈ ۴۰ بوند ٹنکچر سلا ۱۰ بوند لائیکر یکٹ گلیرائزا ۳۰ بوند۔ سرپ ٹولو ایک ڈرام۔ نفیوژن سینی گا ایک اونس ایسی ایک خوراک ایک دن میں تین دفعہ دیں۔

نسخہ یونانی:۔ پوست خشخاش دو ماشہ۔ پرسیاوشاں ۶ ماشہ۔ زوفا ۶ ماشہ۔ بیج بادیاں ۶ ماشہ آدھ سیر پانی میں بھگو کر جوش کر کے چھان کر پلادیں

نسخہ ویدک:۔ چرائتہ ۹ ماشہ کوٹ کر آدھ سیر پانی میں رات کو بھگو کر ایک جوش دے کر صبح دیں اور چھانکر مصری حل کر کے پلاویں۔

نسخہ سنیاسی۔ ادرک کی دو تولہ کی گراہ کے درمیان ۲ رتی افیون خام رکھ کر اس پر گیلا آٹا لپیٹ کر ۲ گھنٹہ اوپلے کی راکھ میں رکھیں۔ بعد نکالکر ادرک و افیون کو رگڑ کر ماشہ ماشہ کی ٹکیاں بنالیں اور رات کو چوسیں غذا خشک چپاتی دال۔ ساگ۔ پرہیز کھٹائی۔ تیل۔ گرم مصالحہ وغیرہ۔

مجرب کھانسی دھتورے کی بیج ۲ ماشہ دال ماش کا چھلکا پانی میں جوش کر کے مصری ملاکر چھانکر پلاویں آرام ہوگا۔

ٹوٹکہ فقیرونکا۔ کھانسی خشک و تر کے لئے چرائیتہ کے پھول قدرے نم دیکر بطور تمباکو استعمال کریں۔

ورم طحال

(تاپ تلی)

نسخہ ڈاکٹری۔ شروع میں یہ نسخہ آٹھ دس دن تک بقدر نصف اونس اسی قدر پانی ملا کر ایک دن میں چار دفعہ یہی وزن پلایا کریں۔
فیری سلفاس ایک ڈرام میگنیشیا سلفاس ۴ ڈرام۔ کونین سلفاس ۱۲ گرین ایسڈ سلفٹ ڈلی ۲۰ بوند ٹنکچر کارڈمیم ۶ ڈرام۔ ٹنکچر نکسوالیکا ایک ڈرام ایکوا سے مواثی ۶ اونس کچھ ایام کے بعد یہ نسخہ دس دن تک استعمال کرادیں
لائیکر فری ڈائنا لٹائی ایک ڈرام۔ لایکر ارمینی لیکس ۱۵ بوند۔ لائیکر سٹرکنا ۱۰ بوند کونین سلفٹ ۷ گرین۔ ٹنکچر جنش کمپونڈ ۱½ ڈرام۔ ایکوا انیتھی دو اونس یہ تمام چیزیں ملا کر نصف صبح نصف شام۔

نسخہ یونانی } نوشادر ۴ سُرخ۔ خردل (رائی) ایک ماشہ پیس کر شہد خالص ایک تولہ میں ملا کر سات روز دیں۔

نسخہ سنیاسی:۔ برادہ تانبا۔ برادہ فولاد تین چار دن تک گلگل کے رس میں تر بتر رکھنا۔ بعدازاں سایہ میں خشک کر کے باریک سفوف کریں اور روزمرہ صبح کو دو تولہ گائے کے مکھن میں ۲ رتی سے ایک ماشہ تک بقدر لحاظ عمر طاقت جسمانی کے کھلا دیں۔

غذا سیم کی پھلیاں شلجم۔ پالک۔ میتھی۔ توری۔ کدو۔ دودھ۔ آب نخود۔

گرم خشک اشیائے مُضر ہیں۔

امراضِ معدہ

علی الصباح خالی شکم ٹھنڈا پانی پینے یا ثقیل غذا کھانے یا بدہضمی اور نفخ کی حالت میں چرب و مرغن غذا کھانے یا معدہ میں ترشی کا بکثرت اُٹھ جمع ہو جانے سے یہ مرض پیدا ہوتا ہے۔ اوّل معمولی سی درد کی شکایت ہو جاتی ہے۔ بعض دفعہ پیٹ سے مختلف طرح کی گڑگڑاہٹ یا خفیف آوازیں آتی ہیں۔ پھر قدرے زیادہ درد کی شکایت ہوتی جاتی ہے بائیں پہلو سے درد اُٹھتا ہے اور تمام معدہ میں حرکت دے کر مریض کو بیتاب کر دیتا ہے۔ بیمار نہ بیٹھ سکتا ہے اور نہ اس سے لمبا پڑا جاتا ہے بار بار پیٹ دباتا۔ پیچ و تاب کھاتا ہے۔ اگر اُس وقت شروع شروع میں مریض کو گرم پانی پلایا جاوے۔ یا گرم پانی میں نمک ایک تولہ۔ سرکہ چار تولہ۔ آدھ سیر پانی میں ملا کر پلا دیں اور قے ہو جاوے تو درد سے آرام ہو جاتا ہے ورنہ تکلیف زیادہ ہوتی ہے

نسخہ ڈاکٹری کی سپرٹ امونیا ایرومیٹک ۲۰ بوند سپرٹ ایتھر ۵ ا بوند لائکر باربیا ۱۰ بوند ٹنکچر جنجر ۳۰ بوند ایکوا منتھی پپ ایک اونس ایسی ایک خوراک دو گھنٹہ کے بعد دیویں آرام ہوگا۔

نسخہ یونانی کی عرق سونف عرق گلاب عرق پودینہ عرق اجواین ہر ایک ۵ تولہ مصری ملا کر آہستہ آہستہ پلا دیں موسم سرد ہو تو ذرا نیم گرم کریں۔

نسخہ ویدک:- درد معدہ آک یعنی مدار کے پھول اور مرچ سیاہ برابر وزن لیکر انکو اچھی طرح سے کھرل کرکے گولی نخود برابر بنالیں جس انسان کو زکام کھانسی و نزلہ درد سر اور بلغم کی تکلیف ہو ایک گولی عرق گاؤزبان یا عرق سونف کے ہمراہ دیویں آرام ہوگا۔

نسخہ سنیاسی کی:- کشتہ عقیق شربتی بقدر ایک ماشہ پانی کے ہمراہ دین غذا ہمہ قسم ممنوع ہے جب تک آرام نہ ہو اور غسل و سرد پانی منع ہے۔

امراض یرقان

جب انسان کا جگر خون سے صفراوی رنگوں کو خارج کرنے کی ڈیوٹی چھوڑ دیتا ہے تو یہ مرض پیدا ہوتا ہے شروع شروع میں مریض کے پیشاب کا رنگ زرد ہوتا ہے بعض دفعہ بھورے رنگ کا زعفرانی پیشاب آتا ہے دو چار یوم کے بعد جسم کی رنگت و آنکھوں میں زردی مائل رنگت ہو جاتی ہے بلکہ پسینہ کی رنگت بھی زردی مائل ہوتی ہے پیٹ میں درد و اپھارہ نفخ پیدا ہو جاتا ہے ہاضمہ بالکل خراب ہو جاتا ہے منہ کا ذائقہ کڑوا اور ڈکار بار بار آتے ہیں براز ناپاک بدبودار اور میلے رنگ کا خارج ہوتا ہے بیمار کی طبیعت کمزور کم حوصلہ ہو جاتی ہے چڑچڑا پن نیچر میں گھر کر لیتا ہے جسم پر پھنسیاں نکل آتی ہیں پرانے بیماروں کو تمام چیزیں زرد رنگ کی دکھائی دیتی ہیں اور روغنی غذا سے مریض کو نفرت ہو جاتی ہے۔

نسخہ ڈاکٹری کی:- ایکسٹریکٹ ایلوز ۲۴ گرین ایکسٹریکٹ ٹیراگزیکم ۴۸ گرین پل ہائیڈرا جیرائی ۲۴ گرین پوڈر فلین ریزن ۶ گرین کونین سلفٹ

۱۲ اگرین سب کو یک جا کر کے تیس ۳۰ گولیاں بنا دیں ایک گولی صبح ہمراہ پانی اور ایک گولی شام کو ہمراہ پانی۔

نسخہ یونانی زرشک سات ماشہ روزمرہ صبح کو دس تولہ عرق کاسنی سے دیویں۔

نسخہ ویدک:۔ مجرب ہمہ قسم کو نافع ہے پیپل کی نرم چھال لیکر بقدرے ۴ تولہ رات کو پانی میں بھگو دیں صبح کو پانی پلا دیں اگر موسم سرد ہو تو ذرا گرم کر لیں اور دہی کی لسی کے ساتھ چپاتی کھاویں یا پالک یا آب نخود وغیرہ پرہیز گرم اشیائیں اور نیز دودھ میں سابودانہ بنالیں۔

نسخہ سنیاسی سوڈا سفید ۴ ماشہ شیر گائے کے خام آدھ سیر میں مصری ملا کر پانی ڈال کر دوا منہ میں ڈالکر لسی دودھ پی لیں۔

بھوک کا نہ پیدا ہونا

نسخہ ڈاکٹری:۔ ایسڈ نیٹرو میورسٹک ڈل پندرہ بوند ٹنکچر کواشیا ۲۰ بوند ٹنکچر جنشن کمپونڈ ۳۰ بوند پانی یا عرق گلاب ایک اونس ایسی ایک خوراک صبح و ایک شام کو۔

نسخہ یونانی عرق اجوائن عرق الائچی ہر یک ۳ تولہ لیموں کاغذی نچوڑ کر قدرے نمک سونچر حل کر کے پلاویں۔

نسخہ ویدک:۔ ادرک پانچ تولہ قند سیاہ ۱۵ تولہ دونوں کو کوٹ کر حلوا بنا کر لپکا کر کھاویں نصف صبح و شام۔

نسخہ سنیاسی:۔ کشتہ فولاد صبح کو مویز ایک دانہ میں یا ادرک کے شیرہ

میں ملا کر کھاویں چند یوم میں فائدہ ہو گا۔

غذا۔ آب نخود خمیرہ پھلکا ثقیل غذا سے پرہیز کریں۔

دل دماغ کے لئے۔ برہمی یک چھٹانک مغز بادام یک چھٹانک خشخاس ولایتی شامل کر کے خوب گھونٹ کر شیرہ نکالیں اور یک سیر پختہ نبات سفید ملا کر شربت تیار کریں اور صبح کو استعمال کریں۔

قے اور دل کا متلانا

نسخہ یونانی۔ انار شیریں کا پانی نکالکر ۴ تولہ صبح و ۴ تولہ شام دیں

دیگر۔ زرشک رگڑ کر پلاویں فائدہ ہو گا۔

نسخہ ڈاکٹری } ایسڈ نیٹرو میوریٹیک ڈل ۱۵ بوند ٹنچکر آرن شیائی ۱۰ بوند لاٹیکر سٹر کنیا سپرٹ ۵ بوند کلورافارم ۲۰ بوند ایکوا منتھی پپ ایک اونس ایسی ایک خوراک دن میں دو دفعہ

نسخہ ویدک } طباشیر زہر مہرہ ہر یک ۳ ماشہ عرق سونف عرق پودینہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

نسخہ سنیاسی:۔ کشتہ چاندی بقدر ۲ رتی مکھن یا منقہ میں دیں غذا مصالحہ دار گرم استعمال کریں، بادی سرد اشیاء منع ہے۔

قے الدم یعنی خون قے میں آنا

نسخہ ڈاکٹری } پلمبائی ایس ٹاس ایک گرین ایسڈ ایسٹک ڈا پلوٹ ۳۰ بوند لاٹیکر مارفیا ۱۰ بوند پانی صاف ایک اونس دو دو گھنٹہ بعد میں ایسی مقدار سے دیں۔

نسخہ یونانی۔ تربوز کا پانی سکنجبین ڈالکر پلا دین مجرب ہے۔
دیگر۔ کھریا ۲ ماشہ زرورد سفوف کرکے ہمراہ شربت حب الآس ملاکر پانی ڈال کر پلا دیں۔
نسخہ ویدک۔ کشتہ بارہ سنگا دو ماشہ شہد میں حل کرکے چٹاویں
نسخہ سنیاسی۔ افسیون ایک رتی ہمراہ عرق مکو سے دیں۔
پرہیز۔ مصالحہ دار غذا منع ہے پالک دال مونگ دودھ ساگو دانہ سرد کرکے دیں۔
درد پسلی کیلئے مجرب نسخہ۔ بارہ سنگا وہنگ رگڑکر لیپ کرو سینک دو

فواق یعنی ہچکی

نسخہ ڈاکٹری۔ پٹاس برومائیڈ ۲۰ گرین سپرٹ کلوروفارم ۳۰ بوند پانی ایک اونس سب کو ملاکر پلائیں اگر آرام نہ ہو تو یہی مقدار دو گھنٹہ بعد پھر دیں۔
نسخہ یونانی} تم معدہ پر رائی کا لیپ اور کلونجی ۳ ماشہ مصطگی دو ماشہ رب سیب دو تولہ میں ملاکر دیں آہستہ آہستہ
نسخہ ویدک۔ رہر کی دال کی بھوسی نم دیکر بطور تمکو حقہ میں کشید کریں آرام ہوگا۔
نسخہ سنیاسی۔ مور کے پر کی راکھ بقدر ۲ ماشہ مکھن میں ملاکر دیں فوراً فائدہ ہوگا۔ **غذا** ساگ ترکاری سبزی کھچڑی آب نخود چاول خمیرہ پھلکا جائز ہے۔ **پرہیز** اچار چٹنی تیل وغیرہ۔

فوری بیماریوں کی تشریح

سرسام یعنی ورم دماغ سخت گرم خشک غذا متواتر استعمال کرنے یا آتشک کا زہریلا مادہ دماغ میں چڑھ جائے یا از حد غصہ غضب یا سخت محنت یا شدت سے ورزش کی جاوے یا دن بھر رات کئی دن تک متواتر شراب نوشی کی جاوے یا تیز بخار کی وجہ سے دماغ کی جھلیوں میں سوزش اور ورم کا عارضہ پیدا ہو جاتا ہے اول مریض کی طبیعت سست اور چڑچڑی غصیل ہو جاتی ہے قدرے درد سر کی شکایت بعد ازاں معمولی بخار اور مریض از حد متفکر نظر آتا ہے طبیعت بے چین نیند نہیں آتی جس چیز کو دیکھتا ہے اسی پر نظر جما دیتا ہے اور بخار میں اکثر پیاس بند نہیں ہوتی نیم کی باریک شاخیں لیکر پانی میں بھگو دو ایک گھنٹہ کے پانی مریض کو دیں پیاس و بخار کو فائدہ ہوگا۔

قبض از حد اگر جلدی تدارک نہ کیا جاوے تو مریض تھوڑی دیر میں بیہوش ہو جاتا ہے علامات دیکھتے ہی سر صاف کرا کر عرق بید مشک میں کپڑا تر کر کے سر پر رکھیں اور ہوادار کمرے میں لٹاویں۔

نسخہ ڈاکٹری کا اول شروع مرض میں پانچ گرین کیلومل اور ایک ڈرام جلاپ کمپونڈ ریک ذات کر کے مسہل دیں اگر قے آتی ہو تو معدہ پر رائی کا پلستر لگائیں جب کھلیکر اجابت ہو جاویں اور طبیعت کسی قدر سنبھل جاوے اُسوقت یہ نسخہ دیں سپرٹ ایتھر کمپونڈ ایک ڈرام وائنا گیلی سائی ۴ ڈرام ٹنکچر کمپونڈ ۲ ڈرام انفشورن سنکونا فلیوا ۶ اونس سب ملا کر ایک دفعہ ۴ ڈرام دیں اور دن میں ۳ دفعہ نمونیہ میں

فقیرانہ نسخہ :۔ چار کی پتی ۲ ماشہ ارنڈ کی جھڑ کا پوست ۴ ماشہ ادرک کا پانی ۲ تولہ قند سیاہ ۴ تولہ پکا کر استعمال کریں۔

نسخہ یونانی ۔ گائے کے گرما گرم دودھ میں دو تولہ بادام روغن و ۴ تولہ شیر خشت حل کر کے پلاویں اگر بیہوشی کا غلبہ ہو تو انڈے دینیوالی مرغی کا پیٹ چاک کر کے گرما گرم سر پہ باندھیں یا آردجو ۴ ماشہ رسونت تین ماشہ زعفران ۲ ماشہ سفیدی بیضہ مرغ یک عدد ملا کر لیپ کریں۔

دیگر پینے کو گل گاوزبان بسفائج ہر ایک پانچ ماشہ سپستان عناب ہر یک ۸ دانہ عرق گاؤزبان ۱۰ تولہ میں جوشش دیکر شربت بادرنجبویہ دو تولہ حل کر کے پلائیں۔

دیگر۔ پرسیاؤشاں بیخ بادیان اسطوخدوس اذخر تخم کرفس ہر ایک پانچ ماشہ سب کو جوش دیکر گلقند ۲ تولہ حل کر کے پلاویں اگر مریض پانی طلب کرے تو ہر وقت عرق گاؤزبان دیں نیمگرم بلکہ قدرے بادام روغن حل کر کے پلائیں تو بہتر ہے۔

نسخہ سنیاسی ۔ کشتہ سونا رتی بھر مکھن میں دیں غذا ایک دو دن نہ دیں صرف پھل وغیرہ سنگترہ انگور اگر مریض بھوک ظاہر کرے تو آرا روٹ ساگودانہ دیں نیند کے لئے تیل خشخاش سر پہ ملیں نشہ آور دوا نہ دیں۔

خناق

اِس بیماری کو ڈاکٹری میں گروپ کہتے ہیں حنجرہ اور نرخرہ کے اندر شور شر ہو کر ایک رطوبت رستی ہے جس کی جھلی سی بنکر سانس کی آمد و رفت میں تنگی پیدا کرتی ہے اگر جلد تر پرہیز اور علاج باقاعدہ نہ کیا جاوے تو

یہی جھلّی متورم ہو جاتی ہے اور غذا کی آمد و رفت کے راستہ میں اچھا خاصہ ورم پیدا ہو جاتا ہے اور غذا تو درکنار سانس بھی نہایت مشکل سے آتا ہے پہلے تو زکام و کھانسی کی شکایت ہوتی ہے بعد ازاں خفیف سا بخار بھی لاحق ہو جاتا ہے رفتہ رفتہ گلے کے اندر معمولی سا درد پیدا ہوتا ہے پھر پاخانہ کی قبض ہو جاتی ہے بھوک قطعی معدوم ہو جاتی ہے

علاج۔ اول زکام پیدا ہوتے ہی تمام گرم خشک غذاؤں سے اور منشی اشیاء سے یک دم رُک جانا چاہیے اور گلقند بنفشہ صبح شام بقدر ۲ تولہ نہایت باریک رگڑ کر ایک ہفتہ پانی حسب ضرورت حل کر کے آہستہ آہستہ نوش کریں۔

دیگر نسخہ ڈاکٹری } اینٹی منی ٹارٹاریٹا نصف گرین وائینم اپیی کاک ۳ ڈرام پوٹاسی کلوریٹ ۲ ڈرام اویم اینی سائی ۴ بوند پانی صاف ۲ اونس یہی دوائے صبح و شام کو تا ایک ہفتہ یہ پیمانہ ایک خوراک کا ہے۔

دیگر۔ ٹنکچر فری کلوریٹ ۲ ڈرام سیرپ سن ۴ ڈرام گلسرین یک اونس ایکوسنی مومیائی ۵ اونس بچے ایک ڈرام کو جوان کے لئے یہ ایک خوراک ہے

نسخہ یونانی } غرغرہ کرنا لعاب اسپغول سے اور پینے کو گل بنفشہ خطمی شاہترہ بیہدانہ ہر یک ۷ ماشہ عناب ۸ دانہ سپستان ۱۲ دانہ سب کو آدھ سیر پانی میں جوش دیکر چھان لیں۔ شربت شہتوت و بنفشہ ملا کر پلائیں۔

نسخہ سنیاسی } کشتہ قلعی ایک ماشہ گائے کے خام دودھ سے کشتہ لائی میں لپیٹ کر نگلیں فائدہ ہوگا۔ خوراک فرنی فالودہ

وغیرہ یا نرم حلوا چنے کا ملاکر کھائیں گرم خشک مصالحہ نمک کم استعمال کریں برگ سبز بانس ۲ تولہ نہایت باریک کر کے پاؤ بھر پانی ملاکر چھان کر شہد ۵ تولہ حل کر کے پئیں تو دمہ ضیق النفس ۲۰ سال کا جاتا رہے گا۔

مقوی و دافع دردسر۔ اسطوخودوس ۹ ماشہ بھگو کر چھان کر مصری ملاکر پئیں بلغم کو دور کرتا ہے مقوی معدہ اور بواسیر کو بھی فائدہ کرتا ہے

گرمی سے دردسر کے لئے دھنیا رگڑ کر مصری ملاکر پینا فائدہ کرتا ہے۔

گرمی و سردی سے دردسر کے لئے بانسہ کی جڑھ کا جوشاندہ مصری ملاکر پینا فائدہ مند مجرب ہے۔

امراض جگر میں

نسخہ ڈاکٹری کیبلول ایک گرین سوڈا بائی قارب ۲½ گرین یہ ٹکیہ جگر کے لئے مفید ہیں اگر ضعیف جگر ہو یا بڑھا ہوا ہو یہ ٹکیاں دو عدد رات کو سوتے وقت دودھ کے ہمراہ نگل لیں صبح کو مگنشیا و سوڈا سلف آدھا اونس پاؤ بھر پانی میں ملاکر پی لیں جگر صاف ہو جاویگا۔

نسخہ یونانی شربت افسنتین اصلاح جگر کے واسطے بہت مفید ہے اور تقویت جگر کی کرتا ہے اور یرقان تک نافع ہے۔

نسخہ دیگر زرشک ۱ تولہ پوست سماق یک تولہ ابریشم مقرض یکتولہ کاسنی یک تولہ ایک سیر عرق کموہ میں جوش دیکر مصری ۳ پاؤ ملاکر شربت تیار کریں خوراک ۲ تولہ ہمراہ عرق سونف کے دیں اگر زیادہ قوی کرنا ہو تو یہ اشیاء شامل کرلیں بیخ بادیان افسنتین تخم خیارین بالچھڑ ہر ایک ۲ تولہ دیگر معجون فلاسفہ ۶ ماشہ استعمال کریں کل اعضاء اقویٰ

مفید ہے
دوا انگریزی جگر کے لئے ایونیا کلورائیڈ ایک ٹکیہ پانی گرم سے تین گھنٹہ بعد پیٹنٹ دوائی ہے اور جگر کی تمام تکلیف کو نافع ہے۔
نسخہ ویدک۔ کشتہ سونا مقوی دل و دماغ تمام اعضاء رئیسہ کے لئے مفید ہے نصف چاول یا ایک چاول سے شروع کریں ہمراہ شہد یا مکھن یا حلوا میں صبح کو استعمال کریں۔ ترکیب کشتہ سونا سونے کو بورادہ کرا کر چولائی خاردار کے رس میں کھرل کریں اور اسی نگدہ میں سیمنٹ کر کے ۲۰ سیر اُپلہ کی آگ دیں کشتہ ہو گا اور زیادہ مند ہو گا کل اعضاء رئیسہ کو

امراض امعا یعنی پیچش قے دستوں کے بیان میں

نسخہ ڈاکٹری۔ بٹیا نیتچول یک گرین پلو کاربو نگتم ۴ گرین اول منتھل پ ½ نیم پیٹنٹ دوائی ہے۔ ایک ٹیکہ ہر دو گھنٹہ کے بعد دیں جب آرام دوا بند کر دیں ڈاکٹری دوکان سے لیں۔

نسخہ یونانی کی } پوست ہلیلہ زرد پوست بلیلہ کابلی پودینہ خشک دانہ الائچی کلان دانہ الائچی خورد دارچینی زیرہ سیاہ تیج پات ہر یک ایک تولہ عود ہندی ۶ ماشہ رومی مصطگی یک تولہ نمک سیاہ نمک سانبر نمک لاہوری نمک سنگ فلفل سیاہ فلفل دراز پیپلا مول سب اشیاء دو دو تولہ گل سرخ ۵ تولہ سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں خوراک ۳ ماشہ بعد غذا حسب برداشت کام میں لاویں۔
نسخہ ویدک:۔ کشتہ فولاد عمدہ بھی نافع ہے ہمراہ لسی یا مکھن کے کشتہ

مذکور نصف ماشہ مکھن کم از کم ۱½ تولہ غذا ثقیل سے پرہیز۔

امراض مقعد کے بیان میں

بواسیر ریح البواسیر و نواسیر

نسخہ ڈاکٹری:۔ بواسیر خونی بادی کے لئے پیٹنٹ دوائی پائی لیگس ٹکیاں استعمال کریں ترکیب شیشی لیول ہو گا۔ ڈاکٹری دوکان سے مل سکتی ہے

چٹکلہ۔ اگر کسی جگہ اوزار سے زخم ہو جاوے تو شہد سے کپڑا تر کر کے چپکاویں فائدہ ہو گا۔

دودھ کے ہمراہ ایک ماشہ دارچینی کھانے سے عجیب فائدہ ہو گا باہ اور ہاضمہ وغیرہ کو از حد مفید ہے۔

دن میں ایک دفعہ ہنسنا ایسا ہے جیسے مکان کی صفائی یعنے تمام جسم کی گندی ہوا خارج ہو جاتی ہے۔

پائی لینٹ مرہم بواسیر مسوں پر لگاویں یہ بھی ڈاکٹری دوکان سے مل سکتے ہیں۔

نسخہ دیسی ۔ بواسیر خونی و بادی کیلئے رسونت رائی برابر وزن عرق لیموں میں دو روز کھرل کریں ایک ماشہ صبح وہی مقدار شام ہمراہ پانی استعمال کریں گھی کا استعمال زیادہ کریں۔

نسخہ ڈاکٹری مجرب بواسیر خونی کیلئے سپرٹ کلورا فارم ۲۰ بوند ایکسٹریکٹ ارگٹ لیکویڈ ۱۰ بوند ٹنکچر ہیما میلس ۱۵ بوند ٹنکچر نکس

وامیکا۔ ۱ بوند پانی ایک اونس یہ ایک خوراک صبح کو پئیں۔

نسخہ یونانی } مولی کی ترکاری سے روٹی کھائیں اور پتّے کھائیں نیز مولی کا پانی نکالکر ۴ تولہ پئیں اور اس کے پانی سے آب دست کریں ایک ہی دن میں فائدہ ہوگا۔

نسخہ سنیاسی مجرب } پوست ہڑ پانچ تولہ ایلوا پانچ تولہ نیم کی نمولی کی گری ۵ تولہ رسونت صاف ۵ تولہ آنولہ ۵ تولہ کل ادویہ کو سفوف کرکے ذرا پانی دیکر گولی بنالیں وزن یک ماشہ یا سفوف رکھیں ۱ ماشہ صبح کو باسی پانی سے استعمال کریں ایک گولی رات کو روٹی کے تین گھنٹہ بعد تا یک ہفتہ پرہیز گرم اشیاء لال مرچ معمولی دال ساگ گھی زیادہ چوری کم شکر ملا یا کم نمک ملاکر استعمال کریں۔

نسخہ ویدک } شورہ قلمی یک تولہ تج یک تولہ تلسی رسونت یک تولہ عرق بھنگرہ میں حل کرکے گولی برابر نخود بناکر ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ پانی کام میں لاویں۔

دیگر ضماد مسہ ہار شورہ قلمی دانہ بواسیر پر عرق بھنگرہ میں حل کرکے لگائیں آرام ہوگا۔

نسخہ دیگر: خبث الحدید مقوی معدہ و جگر و مثانہ دل دماغ و نفث الدم اور سلسل بول اور نافع بواسیر و احتلام ہمراہ کتیرا کے و کشتہ عقیق کے ملاکر شہد یا حلوا میں رکھ کر استعمال کریں۔ وزن خوراک ایک ماشہ خبث الحدید نصف ماشہ عقیق ایک ماشہ کتیرا۔ دودھ گھی استعمال کریں۔

پہچان خالص کستوری کی ڈھاگا کو ہینگ لگاکر کستوری سے ملیں ہنگ سے بو نہ آوے تو درست ہے **چٹکلہ** پھکنڈہ کے چاول ایک تولہ کھالیں تو ایک ہفتہ بھوک نہ لگے۔

امراض قضیب نامردی آتشک سوزاک و مثانہ پیشاب کا رک جانا زیادہ پیشاب آنا یا ریگ آنا یا سلسل بول یعنی زردی مائل ان سب امراض کا علاج ہو گا مجرّب

نسخہ جات صدری اوّل بگڑ جانا مزاج گردہ کا کسی وجہ سے

نسخہ ڈاکٹری۔ پیٹنٹ لتھیم سائرٹیٹ ڈاکٹری دوکان سے شیشی لے سکتے ہیں ماہیت یہ دوا خون میں سے یورک ایسڈ خراب مادہ کو جذب کرتی ہے اور گردہ مثانہ کو صاف کر کے پتھری ریت وغیرہ کو پیشاب کے راستہ سے خارج کرتی ہے بلا تکلف کے ہمراہ پانی کے دن میں ۳ گھنٹہ کے بعد ایک ٹکیہ حل کر کے استعمال کریں۔

نسخہ یونانی۔ حب بنا کر استعمال کریں نام دوا۔ طباشیر نیلگون زرشک گل سُرخ کاہو تخم خُرفہ تخم کاسنی کتیرا ہر یک فی تولہ مغز تخم خربوزہ ۳ تولہ صندل سفید ۶ ماشہ رُب السوس ۶ ماشہ کافور ۲ ماشہ لعاب اسبغول میں گولی بنالیں صبح شام ہمراہ شربت بزوری کے ایک ہفتہ فائدہ ہو گا۔ فی قرص ایک ماشہ بناویں۔

نسخہ سنیاسی:۔ کشتہ عقیق ا رتی سے ۳ رتی تک مکھن میں ملا کر کھاویں فوائد مقوی دل و جگر و دماغ و دافع جریان و احتلام ہے۔

نسخہ ویدک:۔ کشتہ خبث الحدید ایک ماشہ کشتہ فولاد ا ماشہ کشتہ سونا ۲ رتی ملا کر ۳ رتی کی گولی ہمراہ شہد بنا کر ہمراہ دودھ کے استعمال کریں فائدہ اکسیر ہو گا مجرب ہے۔

پیشاب کے ساتھ ریت کا آنا یا پیشاب کا کم زیادہ آنا یا گردے وغیرہ کی درد ہو ان سب نقصوں کو رفع کرنے والی دوائی ہنیڈرٹ شیشی لیتھم کارب ۲ ٹکیاں دن میں تین گھنٹے کے وقفہ سے ایک ٹکیہ پانی سے نگل لیں۔

دیگر نسخہ ہومیوپیتھک :۔ درد پرانی ہو تو کھانے کے بعد ۳ تخم یعنی السی اجوائن دیسی میتھے تخم کنوچہ ہم وزن پیسکر اس میں سے دو ماشہ کھائیں

درد گردہ درد مفاصل سوزش مثانہ پتھری وغیرہ کیلئے مفید ہے

نام دوائی پلانیٹگو ہیچر دو بوند یک چمچہ پانی میں ملاکر استعمال کریں دیگر پیشاب کے امراض میں ہومیوپیتھک کی دوائی بہت نافع ہے نام دوائی الفالفا

ALFOLFA

نسخہ ڈاکٹری :۔ اگر جگر بڑھا ہوا ہو پیشاب کھل کر نہ آتا ہو یا جلن ہو کر تھوڑا تھوڑا آتا ہو ہنڈرٹ دوائی ۲ ٹکیاں دن میں نگل لیں پانی سے فی ٹکیہ ۲ گھنٹہ بعد۔ دوائی یہ ہے ہیکیا میں۔ گرم خشک اشیاء سے پرہیز کریں۔

نسخہ یونانی معجون برشعشا یک رتی ہمراہ عرق بادیاں کے بہت مفید ہے عطاروں کی دوکان سے مل سکتی ہے درد گردہ کو مفید ہے جن اشخاص کو کسی نسخہ کی ضرورت ہو جوابی کارڈ کے ذریعہ نسخہ دوائی لے سکتے ہیں۔

دیگر ورم کرنا گردہ کا نسخہ ضماد آرد جو و صندل سفید و مکو ہم وزن لیکر عرق کاسنی میں رگڑ کر اور روغن بنفشہ ملا کر نیم گرم لیپ کریں روغن بنفشہ کا طریقہ رات کو پانی میں بنفشہ ۲ تولہ بھگو دیں صبح ابال کر چھانکر پانی میں روغن تل ڈالکر پکائیں جب پانی جلجاوے روغن کام میں لاویں ہر ایک خشک دوائی کا روغن اس طریقہ سے لے سکتے ہیں نیز قبض کے لئے نسخہ سنا گل گلاب بادام بنفشہ مغز کدو خوب رگڑ کر نیم گرم مصری حل کر کے دیں **دیگر** اگر کسی شخص کو کشتہ سے نقصان

ہوا ہو تو چاہے کتنی مدت سے کھایا ہو برگ کو یک تولہ برگ تلسی یک تولہ رگڑ کر پانی میں صبح کو استعمال کریں ایک ہفتہ کے استعمال سے تمام کشتہ کے نقص بذریعہ پیشاب خارج ہو جاوینگے پہچان کشتہ جات دھات کی سُنار کی کٹھالی میں ڈالکر اور جو کشتہ ہو یعنے دو رتی کشتہ ایک ماشہ گھی ۲ ماشہ شہد ملاکر آگ پر رکھنی چرخ کرکے خام کشتہ ہوگا تو اصل دھات بن جاویگا۔

امراض ذیابیطس کے بیان میں

نسخہ ہومیوپیتھیک:۔ سبز جیم ۴ بوند ایک اونس پانی میں ۴ خوراک دن میں استعمال کر فائدہ ہوگا پیشاب کی تمام امراض کو یہ دوائی بہت مفید ہے نام ساپلمیٹو Saw palmetto پانچ بوند ایک اونس پانی میں ملاکر ۲ خوراک کریں لیکن آدمی کے لئے زیادہ نافع بجائے مستورات کے ڈاکٹری پیٹنٹ جم بین کی ٹکیاں استعمال کریں فائدہ مند ہیں۔

نسخہ یونانی:۔ سنگ یشپ ہمراہ آملہ کے مربہ کے ساتھ عرق بیدمشک سے دیں۔

نسخہ ویدک:۔ کشتہ حجر الیہود و کشتہ مرجان بھی استعمال کرنا نافع مند ہے جو صاحب ضرورت مند ہوں وہ ہم سے بارعایت حاصل کر سکتے ہیں۔

امراض سوزاک میں

اسکی کئی وجہ ہیں حائضہ کی نزدیکی سے یا بکثرت شراب نوشی سے گرم اشیاء لیکن فاحشہ عورت سے اکثر ہوتا ہے

نسخہ ڈاکٹری:- پلوکیوبب ۴۰ گرین سوڈا بائیکارب ۱۰ گرین پوٹاسی ٹارٹارایسڈ ۱۰ گرین سب کی ایک پوڑیا بنا دیں دودھ پاؤ بھر خام پانی وکم مقدار مصری ملاکر لسی بناکر دن میں ۳ دفعہ استعمال کریں۔

دیگر ہومیوپیتھک نسخہ جلسی یم ۵ قطرہ ایک اونس پانی ملاکر دن میں ۴ دفعہ استعمال کریں۔

نسخہ یونانی:- برادہ صندل سفید و سرخ تخم کاسنی ست سیلاجیت ہر ایک دو دو ماشہ مغز خیارین ۴ ماشہ کافور ۲ رتی سب کو ملاکر مصری کے شربت سے صبح کو پھانک لیں اور شام کو بھی **دیگر** بند پیشاب کیلئے نسخہ ایک تار زعفران کی احلیل کے اندر کردیں سوراخ میں فوراً جاری ہوگا۔

دیگر- اگر اندری میں زخم ہو تو یہ پچکاری کریں پچکاری ہمیشہ نیمگرم کریں اور حشفہ کا منہ پکڑ کر بند کرلیں ایک کے قریب تاکہ دوائی اثر کرلے۔

نسخہ- رسونت کتھہ ہر ایک دو دو تولہ کافور و افیون دو دو ماشہ سب کو دو سیر پانی میں پیکر رات کو بھگو دیں صبح نتار کر نیمگرم کرکے پچکاری کریں۔

دیگر- پھٹکری بریاں ۲ ماشہ قلمی شورہ ۳ ماشہ- اندرجو شیریں ۳ ماشہ مرچ چینی ۳ ماشہ ست بروزہ ۳ ماشہ کترا ۳ ماشہ سفوف بناکر ۳ ماشہ کی پوڑیا بنالیں صبح ہمراہ لسی کے استعمال کریں۔

علاج بداعتدالی کا اگر حیض والی عورت سے جماع کرنے سے انسان بیمار ہوجاوے ریوند چینی کا سفوف ۶ ماشہ گائے کے دودھ کی لسی سے استعمال کریں آرام ہوگا۔

اگر رات کو بخار ہوجاتا ہو تو مکو کی جڑھ کو بازو پر باندھیں آرام ہوگا۔

مقوی دل کے واسطے- کیلہ کے گوبھ کا پانی آدھ پاؤ تازہ پانی پاؤ بھر ملاکر مصری حسب ضرورت ملاکر ۳ روز پیو فائدہ ہوگا۔

مجرب نسخہ سوزاک کا- سبز کاسنی کی جڑ یعنی بیخ کو باریک کر کے پانی میں بھگو دیں صبح نتار کر نہار منہ پئیں آرام ہوگا - فقیری ٹوٹکہ ہے -

اگر مرض دیرینہ ہو تو یہ نسخہ کام میں لاویں روغن صندل ۳۵ بوند کوبابہ ۳۰ بوند سپرٹ ایتھر نائٹرل ۱ ڈرام ٹنکچر ہیوس ایک ڈرام لائیکر پوٹاس ۱۲۰ گرین گلسرین ۲ ڈرام انفیوژن بیوکو ۶ اونس سب کو ملا کر ایک شیشی میں رکھیں ایک اونس صبح یہی مقدار شام کو استعمال کریں ۳ دن

نسخہ یونانی - گیرو ۲ تولہ بیخ کاسنی دو تولہ ہر دو کو باریک کر کے رات کو آدھ سیر پانی میں بھگو کر صبح کو اوپر سے پانی نتار لیں اور اس میں مصری ملا کر ہمراہ ۳ ماشہ سنگ جراحت سوختہ پھانک لیں تا ایک ہفتہ -

نسخہ سنیاسی:- کشتہ قلعی بھنگ سے تیار کردہ ۲ ماشہ ہمراہ لسی کے استعمال کریں فائدہ ہوگا -

امراض آتشک میں

اگر فوراً ہی تدارک نہ کیا جاوے تو جلد ہی تمام جسم کی رگ رگ میں اس کا زہریلا مادہ گھر کر لیتا ہے جب نشان نمودار ہو تو ہر قسم کے نشے اور گرم اشیاؤں و جماع سے پرہیز لازم ہے -

نسخہ ڈاکٹری - گرے پوڈر ڈوورس پوڈر ہر ایک دو گرین یہ کل ایک خوراک ہے صبح و شام کو ہمراہ پانی استعمال کریں -

دیگر پیٹنٹ سفلین کی ٹکیاں انگریزی دوکان سے لیلیں ایک ٹکیہ صبح

دو ایک شام کو پانی سے نگل لیں اور ہر ہفتہ جلاب لیں ایک ماہ میں ۴ دفعہ تاکہ خراب مادہ نکل جاوے۔

نسخہ یونانی:۔ عشبہ چوب چینی مرگ برگ حنا گل نیم برادہ شیشم برادہ صندل سُرخ ہر یک بیس تولہ گل اسطوخودوس برہمی منڈی نیل کنٹھی ہلیلہ سیاہ ہر یک ۱۵ تولہ سب کو جو کوب کر کے تین گنا پانی میں رات کو بھگو دیں صبح کو بموزان ادویہ کے عرق کشید کریں اور صبح کو ۴ تولہ شہد دو تولہ ڈالکر استعمال کریں۔

آتشک کے زخم ایک دن میں اچھے ہوں مغز چنا بریاں ایک تولہ تھوہر کا دودھ ڈالکر گولی بنا کر گھی میں بھُون لیں خوراک ۴ ماشہ گرم پانی سے کھائیں ۱۰ یا ۱۲ کے قریب پاخانہ آوینگے جب مادہ خارج ہو جاوے شربت مصری میں بھوسی ایسبغول گھولکر پیئیں۔

نسخہ مرہم آتشک گائے کا گھی دھو کر مردہ سنگ پیس کر ملا لیں اور زخم پہ لگائیں فائدہ ہوگا۔

نسخہ ویدک۔ خواہ کتنا پُرانا ہو نیلہ تھوتھا ۲ تولہ کی ڈلی لیکر پاؤ بھر ریٹھہ کے پوست میں رکھکر کسی کوزہ میں بند کر کے تین سیر اوپلوں کی آگ دیں بعد سرد ہونے کے نکال لیں توتیا کشتہ بن جاویگا لیکن کوزہ گلی کو مضبوط کر کے بند کریں تاکہ ہوا نہ نکلے اور مریض کی کیسی ہی خراب حالت ہو صرف یک رتی کشتہ لیکر بالائی یا مکھن میں رکھکر مریض کو دیں اور مریض کے پاس رہیں علیحدہ نہ ہونے دیں جب پیاس لگے پانی کی بجائے گھی گرم کر کے پلائیں اور پانی ہرگز نہ دیں چھ گھنٹہ کے اندر اندر زخم اور آتشک کا نام نمود نہ رہیگا مریض حیران ہوگا۔

پستان لٹکے ہوئے سخت ہوں اسگند کی جڑ کا لیپ کریں اور ہفتہ باندھ رکھیں۔

کہ سالوں کا روگ کہاں غائب ہو گیا۔ مگر پانی بالکل نہ دیں بارہ گھنٹہ کے بعد پانی کی اجازت ہے اگر بجائے پانی کے نیم گرم دودھ پی لے تو از حد سود مند ہے بڑی محنت سے رفاع عام کی بہتری کے لئے ایسے نسخہ جات درج کئے ہیں جو دوسری جگہ سے ملنے ناممکن ہیں۔

نسخہ سنیاسی۔ سم الفار سفید ۶ ماشہ بیکر ۷ دن یعنی ایک ہفتہ پیاز کے پانی میں کھرل کریں بعد ازاں ایک مولی میں خول کر کے بھریں مولی کا منہ بند کر کے اوپر کپڑ مٹی چڑھا کر ۱۰ سیر اوپلہ کی آگ دیں سرد ہونے پر کشتہ نکال لیں اس میں ۶ ماشہ کتھہ پاپڑیا ۹ ماشہ طباشیر ملا کر دو دو رتی کی گولی بنا کر ایک گولی صبح اور ایک شام کو پانی سے دیں مگر صحت ہونے پر بھی علاج کرتے رہیں غذا سادی ہلکی و زود ہضم استعمال کریں تیل کھٹائی مرچ کا پرہیز لازمی ہے۔

امراض نامردی کے نسخہ جات

طلاء و معجون و سفوف و گولی ہائے و احتلام و مذی و ودی وغیرہ وغیرہ صدیوں کے درج کرتا ہوں نامردی کے معنے جماع پر قادر نہ ہو سکے خواہ کوئی باعث ہو اوّل

دھات پتلی ہو تو برڑ کا دودھ پانچ قطرے کھانڈ یا مصری میں ٹپکا کر ہمراہ خام دودھ گائے کے استعمال کریں آرام ہوگا فائدہ ایک ہفتہ میں کلیہ ہوگا۔

دیگر۔ کیکر کی پھلی جس میں بیج نہ پڑا ہو خشک کر کے سفوف کریں ہموزن مصری ملا کر صبح کو ۶ ماشہ ہمراہ دودھ یا پانی سے پھانک لیں کھٹائی سے پرہیز کریں +

دیگر۔ تخم اوٹنگن تخم کونچ اندرجو شیریں ضمع عربی بہمن سفید موصلی سفید طباشیر سنبھل ہرایک ۶ ماشہ مصری کل ادویہ کے ہم وزن سفوف بناکر ۹ ماشہ صبح ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

دیگر۔ کشتہ بیضہ مرغ منی کو گاڑھا کرنے کیلئے عمدہ دوا ہے کم قیمت ہے جہانتک ہوسکے منی کو تقویت دیں سب نقص احتلام جریان سرعت سے لاحق ہوتے ہیں

نسخہ تقویت کا گوکھرو آدھ سیر باریک کرکے گائے کے گھی میں وزن دوا سے دونا ہو پھر پانچ سیر دودھ میں پکائے اور کھویا تیار کرکے یہہ اشیا شامل کریں۔ تخم ہلیل بیج بند سپستان اندرجو شیریں تالمکھانہ مصری آدھ سیر۔ اوّل شروع ایک تولہ صبح ایک ہفتہ بعد ۲ تولہ مگر صبح ہی کھائیں۔ فائدہ اکثر ہوگا۔ یاد رکھیں کوئی ڈاکٹر یا وید یا حکیم ایسا نہیں ہے جو قوت باہ کا علاج نہ کر سکے مگر دیری سے اور تشخیص سے ورنہ ناکامی ہوگی۔ لیکن یہ نسخہ جات اپنی صفات میں حکمیہ زود اثر ہیں اور دائمی ہیں بشرطیکہ کوئی اعتدال اطمینان سے کرے۔

بجلی کی لہر کا نسخہ۔ کشتہ فولاد ½ گرین ایکسٹریکٹ ڈامیانہ ۲ گرین ایکسٹریکٹ کچلہ ½ گرین کونین سلفیٹ ½ گرین فاسفورس ۱/۱۰۰ گرین یوہملن ۱/۱۰ گرین اس کی گولیاں کسی لائق سے بنواکر استعمال کرو۔ اور فائدہ اوٹھاؤ دیگر یہ شیشی پیٹنٹ بھی مل سکتی ہے۔

نسخہ ڈاکٹری۔ پل فاسفورس اگرین پل فری ایٹ ایلوز اگرین ایکسٹریکٹ ڈامیانہ ۲ گرین سوڈی آرشیاس ۱/۲۰ گرین اسٹرکنیا ۱/۴۰ گرین آرم کلورورائڈ ۱/۲۰ گرین پل ریہا کمپونڈ ۲ گرین۔ اس مقدار کی ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ یا مکھن کے استعمال کریں۔

ہومیوپیتھی :- جلیسم یا زنکم یا پلاٹیم یا فاسفورس یا نکس وامیکا ۲۰۰ طاقت کی گولی صبح کو دودھ یا ہمراہ پانی سے نگل لیں اگر عضو ڈھیلا ہو جماع پر قادر نہ ہو تو ایگنس کنیس یا پوڈلم یا کیلڈیم دو صد طاقت کا استعمال کریں - منی پتلی ہو خصیے لٹکتے ہوں تو سلیفر ۲۰۰ یا ایک لاکھ طاقت کا استعمال کریں -

نسخہ سنیاسی - کشتہ طلا ہر قسم کی ناطاقتی کے لئے سود مند ہے اور کشتہ شنگرف و کشتہ تامیسر نہایت نافع بخشی ہیں مگر خیال رکھیں ان کا استعمال بغیر کسی لائق حکیم کے ممنوع ہے -

نسخہ حبوب مشکی مجرب برائے تقویت باہ میں عجیب ہے

جدوار خطائی ۱ ماشہ زعفران اصلی ۲ ماشہ بیر بہوٹی مصفا ۲ ماشہ خرا ایک عدد کستوری خالص ۲ رتی شیر بڑھ ۱ ماشہ ادویہ پیسکر دودھ میں کھرل کر کے چنے برابر گولی یک صبح ہمراہ دودھ پاؤ بھر کے کام میں لائیں -

دیگر - جوہر لوبان لیکر جدوار ملا کر دونوں ہموزن منقہ میں گولی چنے برابر بنا کر ایک صبح و ایک شام کو کھائیں اور نزلہ کو بھی نافع ہے اور جوہر کو روغن قسط میں ملا کر بطور طلا عضو پر مالش کریں - فائدہ اکثر ہوگا -

نسخہ معجون عجیب غریب مجربات حکیم جالینوس فوائد قوت باہ طاقت اعضائے رئیسہ خون صادق کرتی پیدا کرتی چہرے کا رنگ سرخ کرتی اور داد دُنبل کو نافع نیز بواسیر ریگ مثانہ کثرت بول و درد سر کو دور کرتی ایک ہفتہ کے استعمال سے فوائد ظاہر ہونگے نسخہ یہ ہے - **مصطگی** زعفران سونٹھ - اگر قرنفل خولنجان - دار چینی - الائچی کلاں و خورد بالچھڑ - سلیخہ تخم مورد برہمی بوٹی اونٹ کٹارہ حب الآس اسارون - عود بلسان کوٹ پیپل ہر ایک فی تولہ لیکر سفوف کریں اور تمام ادویہ کے مطابق شہد اور قند نصف وزن شامل کر معجون

بناکر دو ہفتہ بعد ۴ ماشہ صبح کو کھائیں۔

نسخہ معجون ہاشمی تمام اطبار ہندی اس کے خواص پر اتفاق کرتے ہیں یہ معجون سوائے تقدیری قضا کے سب امراض جسمانی کو فائدہ کر کے تکلیف کو دور کرتی ہے اور صحت برقرار رکھتی ہے حرارت غریزی کو محفوظ دل کو تقویت کل اعضائے رئیسہ کو طاقت دیتی ہے نسخہ یہ ہے۔ خولنجان ۷ ماشہ زنجبیل ۷ ماشہ دارچینی ۷ ماشہ کباب چینی ۷ ماشہ۔ جائفل ۳ ماشہ مصطگی ۳ ماشہ قرنفل ۳ ماشہ۔ عود ۳ ماشہ عقر قرحا ۳ ماشہ صندل سفید ۳ ماشہ کل ادویہ سفوف کر کے شہد کل ادویہ کے برابر اور مصری برابر وزن ملاکر تیار کریں صبح کو ۹ ماشہ کھائیں لیکن ایک ہفتہ بنانے کے بعد شروع کریں جتنی دیر پا ہوگی فائدہ زیادہ کرے گی۔

واسطے منی اور سستی کیلئے مجربات

معجون عشرہ کامل ہے۔ مرچ سیاہ ایک تولہ پیپل ۱ تولہ۔ لونگ ۱ تولہ سونٹھ یک تولہ دارچینی ۱ تولہ قرفہ ۱ تولہ کبابہ ۱ تولہ۔ مصطگی ۱ تولہ۔ ناریل ۳ تولہ مغزیات فی ۲ تولہ کل ادویہ سفوف کر کے شہد عمدہ میں معجون تیار کریں۔ ۶ ماشہ صبح و ۶ ماشہ شام کو استعمال کریں اور فائدہ اوٹھائیں زیادہ تعریف فضول ہے فوائد خود بخود ظاہر ہونگے۔

نسخہ صدری جس کو گرم مزاج بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ عاقرقرحا ۲ تولہ تخم پیاز ۱ تولہ تخم شلغم ۲ تولہ تخم ترب ۱ تولہ تخم گاجر ½۱ تولہ فلفل دراز ایک تولہ فلفل گرد ۱ تولہ ناریل ۲ تولہ تخم ترہ تیزک ۱ تولہ تخم گندھنا ۲ تولہ سیاہ دانہ ۶ ماشہ حبتہ الخضرا ۶ ماشہ سب کو سفوف کر کے کل ادویہ سے دوگنا شہد ملاکر تیار کریں خوراک

۶ ماشہ صبح کو ہمراہ دودھ یا ویسے ہی کھالیں۔

دیگر۔ نسخہ تقویت دماغ و تولید منی اور امساک کو نافع نیز بلغم کو دور کرے۔ نسخہ یہ ہے۔ سونٹھ ایک تولہ و یک عدد جوز بویہ کلان لیکر ایک سیر پختہ دودھ میں ڈالکر کھویہ تیار کریں اور مصری ملاکر اور مغزیات و ورق نقرہ شامل کرکے تیار کریں یک تولہ روزہ صبح کو کھاویں اور یک تولہ شام کو خائدہ بسیار شود۔

طلا شاہی۔ بورہ ارمنی سفید باریک سا ند شہد ملاکر عضو پر لگائیں حالت عمدہ ہو جاوے گی۔

دیگر۔ موٹا پا ذکر کیچوے خشک مصفا باریک کرکے روغن مالکنگنی میں ملاکر خوب مالش کریں فائدہ ہوگا۔

طلا فربہی و درازی۔ دودھ مدار کھی شہد ملاکر کھرل کریں اور ذکر پر مالش کریں سینک دیں فائدہ حاصل ہوگا۔ سرد پانی سے بچاویں۔

نسخہ درد گردہ کیلئے۔ بیٹ جنگلی کبوتر کی لیکر اوسکی سفیدی ۲ رتی منقی میں دیں آرام ہوگا۔

نسخہ حکیم علوی خاں صاحب امساک کیلئے۔ عاقر قرحا ۱ درم تخم ریحان ۸ درم قند سفید ۹ درم سب کو پیسکر گولیاں بنالیں اور ایک درم کھائیں بغیر ترشی کے انزال نہ ہوگا۔ نیز خیالی ترکیب سے امساک نہ ہونا وقت مباشرت زانک منہ اندر ہی اندر گنتی کرتے رہیں۔

دیگر نسخہ امساک کا دارچینی ۲ ماشہ لونگ ۲ ماشہ کافور ۳ ماشہ اجوائین خراسانی کل ادویہ کو آنار کے پانی میں ۳ دن تک تر رکھیں اور پھر سایہ میں خشک کریں اور ہمراہ شہد کے گولی برابر چنا کے تیار کریں از قبل جماع کے گھنٹہ پیشتر

ایک دو لی حسب مزاج دودھ سے کام میں لاویں لطف اُٹھاویں۔
دیگر:۔ ۳ عدد چھوہارا لیکر گٹھلی نکالکر نصف رتی فی خرما میں افیون بھرلیں اور سبز کیلہ کی جڑھ میں سوراخ کر کے خرما اسے رکھکر منہ اوس کے گودہ سے ڈھانپ دیں ۲۴ گھنٹہ بعد ایک خرما نکالکر شام کو نوشش کریں عجیب لطف حاصل ہوگا + واضح رہے کہ ایسے نسخہ جات باعث کمزوری کا ہے۔ انہی پر اکتفا کرتا ہوں۔
شاہی لطف اندوز نسخہ:۔ وقت نزدیکی عضو پر عطر گلاب و مشک دا گر ملاکر لگادیں اور مشغول ہو جاویں کمال فرحت حاصل ہوگی۔
دیگر:۔ دارچینی منہ میں چباکر لب ذکر پر لگاکر مشغول ہوں کمال لذت ہوگی لیکن ایسے نسخہ جات ناواجب ہیں مگر زمانہ کی رفتار اور کتاب کی ہر ایک ضرورت سے درج کر دیئے ہیں۔ جنکو زیادہ شوق ہو وہ اصحاب دوائی خانہ سے طلب کریں ہم ارسال کر سکتے ہیں نیز زیادہ تر باب چہارم نسخہ جات ہر ایک قسم کے ملاحظہ فرماویں۔

امراض گنٹھیا

انگریزی نام روماٹیزم یا وجع المفاصل کے متعلق درج کرتے ہیں

اوّل علاج شروع لیں جلاب دیں۔ نسخہ انگریزی جلاب کا ۲۰ گرین جلیپ د کیلوبل ۵ گرین اِسکی ایک پوڑیا گرم پانی سے دیں روزمرہ پاخانہ کھلکر آوے قبض نہ ہونی چاہیئے۔
دیگر:۔ روبرب پوڈر ۲۰ گرین بائی کاربونیٹ آف سوڈیم ۲۰ گرین دونوں کو ایک اونس پانی میں ملاکر ہر روز صبح کو دیں یا رات کو سوتے وقت جب مادہ

بذریعہ پاخانہ کے خارج ہو جاوے بعد میں ۲۰ سے ۳۰ گریں تک بائی کاربونیٹ آف پوٹاسیم کو نصف بوتل سوڈا واٹر کے ہمراہ دین دن میں دو دفعہ جب پیشاب کی رنگت درست ہو جاوے ایک ٹکڑا کاغذ ڈاکٹری دوکان سے لیں خاص ہوتا ہے اگر تیزابی کیفیت ہوگی تو کاغذ کا رنگ پیشاب لگنے سے سُرخ ہو جاویگا ورنہ نہ و تین روز کم دیکھ بند کر دیں۔ اگر جوڑوں میں درد ہو تو آیوڈائیڈ آف پٹاسیم ۵ گرین پانی ایک اونس ملا کر دیں جب آرام ہو جاوے کمزوری ہو تو کارڈ لیور آئل ایک چمچہ صبح و ایک شام سردی سے بچاویں اور مالش کے لئے یہ تیل بنالیں تارپین کا تیل ۲ ½ تولہ ۱۰ ماشہ کافور حل کر کے مالش کریں فائدہ اکثر ہوگا۔ مجرب ہے اگر رات کو یہ عمل کریں۔

نسخہ ہومیوپیتھک - رس ٹاکس برائیونیہ سمی سی فیوا ایپس دو قرص ہر چار گھنٹہ بعد دیں۔

دیگر نسخہ ڈاکٹری - پرانے گنٹھیا کیلئے پوٹاس آیوڈائیڈ مومیائی ایک ڈرام پوٹاس ایسی ٹاس ایک ڈرام سوڈا سلی سلاس یک ڈرام ایکوسنو دو ڈرام گلسرین ایکٹریٹ کیکرا سگریڈا ایک ڈرام لیکوئیڈ ایک ڈرام ایکوامنتھی ۲ اونس سب کو ملا کر شیشی میں بھر لیں یک ڈرام دوائی دن میں ۳ گھنٹہ بعد دیں۔

دیگر۔ یہ ٹکیاں مجرب ہیں۔ ماکیتھول ایمونیا سلفٹ دو ٹکیہ پانی سے دن میں دو دفعہ دیں۔

نسخہ ویدک - چاکسو یک تولہ کتیرا ایک تولہ دونوں کو پیسکر گولی چنے برابر بنالیں ایک گولی صبح و یک شام کو دیں ایک دست روز آویگا اور مالش کیلئے یہ تیل بنالیں برگ مدار برگ ارنڈ برگ دھتورہ ان سب کا پانی پاؤ بھر نکالکر آدھ پاؤ روغن کنجد میں ملا کر آگ پہ رکھیں جب پانی جل جاوے تیل رہ جاوے مالش رات کو

کر کے اوپر تمدا باندھیں۔
نسخہ سنیاسی ۔ اسگند ناگوری ۳ ماشہ ہمراہ پانی کے دیں اور یہی دوا گھس کر
درد پر لگائیں۔
دیگر نسخہ یونانی ۔ قرنفل فلفل سیاہ حب سلاطین ۶۔۶ ماشہ برگ پان ۱۰۰ عدد
رسکپور ۳ ماشہ ملا کر گولیاں برابر نخود بنالیں رات کو یا صبح کو یک گولی دیں ایک
اسہال ہوگا + انگوٹھے سے درد اوپر کو آنا یعنی نقرس وغیرہ۔
نسخہ گولی پوست ہلیلہ زرد، پوست ہلیلہ سیاہ بلیلہ برگ سنا کی تربد سفید
شحم حنظل۔ سقمونیا مشوی غاریقون صبر سقوطری سب کو ۶۔۶ ماشہ لیکر شیر کنوار
میں حل کر کے گولیاں برابر نخود بنالیں ایک گولی صبح یا رات کو دیں آرام ہوگا۔
دیگر مجربات:۔ سورنجان تلخ مصبر تربد سفید سنار کی افسنتین نمک سانبر
شحم حنظل اجموہ۔ پوست ہلیلہ زرد ہلیلہ سیاہ بادیان فلفل سیاہ دار فلفل قرد مانہ
مغز کرنجوا برابر وزن لیکر باریک کر کے شیرا منقیٰ مویز میں حل کر کے گولیاں نخود
برابر بنالیں ایک گولی صبح ایک شام کو پانی سے دیں انشاءاللہ آرام ہوگا۔ غذا ہلکی
زود ہضم دیں بستر نرم ہوا کا بچاؤ رکھیں۔

امراض حمے یعنی تپ ہمہ قسم

یومیہ تیا چوتھا وغیرہ سل دق کے متعلق نسخہ جات و علامات بخار ہر قسم
کے لئے لکھا جاتا ہے۔ بخار چڑھتے وقت مریض کو اکثر کم یا زیادہ سردی
معلوم ہوتی ہے۔ اسوقت مریض گھبراتا ہے اور بے چینی ہو جاتی ہے
عام لوگ اُسوقت زیادہ کپڑا دیتے ہیں مگر سردی کم نہیں ہوتی مگر تمام
خون باہر کی طرف سے اندر کی طرف رجوع ہوتا ہے سبب سردی یہی

ہے تمام جسم درد کرتا ہے اور دل کمزور ہو جاتا ہے لیکن لرزہ کو جس قدر جلدی ہو سکے روکیں جسوقت سردی معلوم ہو اسیوقت گرم پانی یا نیز چادر دیں تو سردی رُک جاویگی۔ نیز دو بوتل میں گرم پانی بھر کر مریض دونوں بغلوں میں لیکر لیٹ جاوے۔ یہ نسخہ دیں ۳ عدد لونگ ایک ماشہ پوست ایک ماشہ چائے پانی یک پاؤ میں اوبال کر مصری ملاکر آہستہ آہستہ دیں بچے کو نصف دیں مگر ایک دو برس کے بچے کو نہ دیں۔ اگر غلبہ بیہوشی کا ہو تو برف یا کپڑا پانی میں تر کر کے سر پر رکھیں آرام ہوگا اور سونٹھ کو سفوف کر کے ہاتھ پر ملکر پنڈلیوں کو پاؤں کی طرف خوب سوتیں جلد فائدہ ہوگا **علامات**۔ بخار میں سر درد ہو اور آنکھیں سُرخ ہوں تو مادہ اندر خراب ہے غلبہ باد ہے گلقند ۵ تولہ گرم کر کے دیں تاکہ پاخانہ کھل کر آجاوے درد سر کے لئے لیپ ماتھے پر دارچینی رگڑ کر کریں۔ بخار میں قے کا آنا ہو تو مریض کے دونو بازو خوب کپڑے سے باندھ دیں اور کھاری سوڈا آہستہ آہستہ دیں یا وینیم ایپی کاک ایک بوند ایک اونس پانی ملاکر دیں آدھ آدھ گھنٹہ کے بعد دیں۔ بخار میں زیادتی پیاس کو کم کرنے کے لئے یہ دوا دیں۔ کلوریٹ آف پوٹاس ایک ڈرام سٹریٹ ایسڈ ایک ڈرام پانی ۱۲ اونس ملاکر دیں یہ پانی جسقدر مریض طلب کرے دیویں آرام ہوگا۔

دیگر یونانی دوا۔ سونف ا تولہ آلائچی خورد کے چھلکے ۶ ماشہ تین سیر پختہ پانی میں جوش دیکر جب پانی ایک حصہ کم ہو جاوے اوتار کر سرد کر کے دیں۔ بہت مفید ہے۔

بخار میں پیچش

نسخہ۔ چھوٹی ہڑ ایک تولہ سونف ۶ ماشہ پاؤ بھر پختہ دودھ میں ۳ پاؤ پانی ملاکر جوش دیں جب نصف رہے اوتار کر مصری ملاکر حسب ضرورت دیں غذا سابودانہ کھچڑی

دال چاول وغیرہ۔

بخار میں کھانسی

بخار کی حالت میں یہ دوا کھانسی میں فائدہ مند ہے۔ نسخہ یہ ہے کاربونیٹ آف امونیا۔ نصف ڈرام وائنیم اپیکا نصف ڈرام سپرٹ کلوروفارم دو ڈرام سپرٹ کلوروفارم دو ڈرام۔ ٹنکچر سنکونا کمپاؤنڈ ۳ ڈرام ٹنکچر کارڈیمم کمپاؤنڈ ۳ ڈرام۔ سپرٹ جنجر ایک اونس۔ انفیوزن سنیگا ایک اونس یہ دوائیں شیشی میں ڈالکر اوس پر ۶ نشان لگا دیں۔ دو دو گھنٹہ بعد ایک نشان دیں۔ اگر کھانسی زیادہ آوے فکر نہ کریں بعد میں آرام ضرور ہوگا۔ اور چھاتی پر تیل کی مالش کریں

بخار میں ہچکی

یہ بہت تکلیف دیتی ہے۔ نسخہ اس کے واسطے۔ سلفیورک ایتھر ۲ ڈرام۔ ڈل واٹر وس اونس۔ آٹھ نشان شیشی پر کر دیں۔ ایک نشان دیں۔ اگر فائدہ مند نہ ہو۔ تو دوسرا نشان دیں۔ مگر تین نشان سے زیادہ نہ دیں۔ کافی میں آرام ہوگا

بخار میں بیخوابی

مریض کو نیند نہیں آتی ہے اسکے لئے نسخہ مجرب ہے سوتے وقت کلورا ہائی ڈراس پانچ گرین سے ۳۰ گرین تک مگر جیسا مناسب ہو پانی ملا کر دیں نیند آویگی۔

دیگر نسخہ ہچکی کے لئے یونانی سندھا نمک باریک کرکے پانی ملا کر بطور

نسوار دیں آرام ہو گا
ٹوٹکہ قیصری۔ کالے اُڑد جلا کر ان کا دھواں بطور حقہ میں کشید کرا دیں آرام ہو گا۔
دیگر نسخہ یونانی برائے نیند۔ پیلا مول باریک پیس کر چھالیں اور ۳ ماشہ قند سیاہ ملا کر دیں اُمید ہے نیند آ دیگی نیز کونین کے استعمال سے بخار نہ جاوے تو ضرور کوئی خرابی اندر ہے بس کونین بند کر کے اندر کی صفائی کیلئے دوائی دیں نام دوا فنو فتھلیں دو ٹکیہ گرم پانی باہمراہ دودھ دیں۔ایک دو پاخانہ آ جاویں مگر رات کو دیں نیز بخار کا کچھ پتا نہ لگے تو یہ دوا کی ٹکیہ دیں نام فنسیلن کونین کمپاؤنڈ ایک ٹیکہ دو گھنٹہ بعد مگر دو ٹکیہ سے زائد نہ دیں
بخار میں پسینہ لانے کے لیئے یہ ٹکیہ دیں اور درد میں بھی نافع ہیں نام دوا اسپرین رات کو ایک ٹکیہ گرم پانی با چار سے دیویں آرام ہو گا۔
بخار تیارہ کنے کے لئے کرنجوا کی گری پیس کر ۵ رتی سفوف میں ایک رتی سفوف سیاہ مرچ ملا کر بخار سے پیشتر دیں وقت ٹل جاویگا اگر ایک رتی سبز کیس ملالیں وچرائتہ کے پانی سے دیں تو تلی کو اور بخار کو بھی فائدہ مند ہے کرنجوا اوصاف کونین کے رکھتا ہے۔نیم کی چھال ۹ ماشہ باریک کر کے پاؤ پختہ پانی میں پکائیں جب نصف رہے شہد میں حل کر کے پلا دیں دو دو گھنٹہ بعد دیں یہ نسخہ طاقت بخش بھی ہے
دیگر۔ ہر قسم کے بخار کیلئے گولی کا نسخہ مگھ پیپل ا تولہ مغز کرنجوا ایک تولہ زیرہ سفید ۶ ماشہ کیکر کے سبز برگ کل ان دو یہ پیس کر قدرے پانی ملا کر گیرو مٹی کا رنگ۔ دیکر چنے برابر گولی بنائیں ایک گولی صبح و ایک شام کو پانی سے دیویں۔ دیگر پھٹکری سفید پیس کر ا رتی پیشتر بخار سے دو گھنٹہ قند سیاہ

ہیں گولی بنا کر دیں تو باری ٹلجاویگی ۔ دیگر پرانے بخار کیلئے کشتہ ابرک سیاہ
و ہڑتال دونوں رتی رتی بھر صرف صبح کو قند سیاہ میں گولی بنا کر دودھ سے دیں
گرمی زیادہ ہو تو بخار اوترنے پر رات کو سبز گلوہ ۴ انچہ لمبی قلم لیکر پانی میں بھگو
دیں صبح کو پانی نتار کر بیچ میں شربت بزوری ملا کر ہمراہ ۳ ماشہ خوب کلاں کے
دیویں اگر کھانسی نہ ہو تو آلو بخارا بھی بھگو کر نتار امصری یا نمک ملا کر دیسکتے ہیں۔
دیگر۔ اگر کھانسی ہو اور قبض ہو تو یہ دوا دیں گل بنفشہ ۶ ماشہ ملٹھی مقشر ۳ ماشہ
زوفا ۳ ماشہ پرسیاؤشان ۶ ماشہ پانی میں بھگو کر نتار لیکر ہمراہ شربت اعجاز میں
پانی ڈالکر دیں غذا نرم دودھ کھچڑی ساگودانہ۔
نسخہ جات بروقت بخار بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ مگر غذا ضرور زود ہضم دینے
ہیں مرنیکو پہچان خالص کستوری آگ پر رکھیں تو جل جاوے اور کرا خوشبو سے بھر جاوے +)

بخار کے ساتھ نمونیا وغیرہ کا علاج

نسخہ ڈاکٹری:۔ برانڈی نمبر ۱ و ۲ دو ڈرام ضرور دیں اول اور صبح کو کونین ۵ گرین
دیں فوراً اثر ہو گا۔ غذا آب نخود شوربہ بعض وقت مواد سڑ جانے سے اکثر کوئلہ کا بسکٹ
تجویز کیا جاتا ہے لیکن بہت فائدہ مند ہے۔
نسخہ یونانی:۔ اجوائن بھنگ و کالی مرچ ہموزن رگڑ کر مناسب خوراک پانی سے
دیں اس سے ہیضہ تک کے اسہال بند ہو جاتے ہیں۔ نسخہ چاء ۱½ ماشہ و لونگ
۷ عدد پیسکر پانی دو سیر پختہ میں جوش دیکر جب نصف رہ جاوے تو ایک تولہ پلادیں
دن میں ۴ دفعہ۔

پرانے اسہال کیلئے جو بخار میں آویں

نسخہ انگریزی۔ طوطیا انگریزی ۲ گرین پلوا پیکا کمپاؤنڈ ایک ڈرام پلو کشیا یعنی گوند

لیکر ایک ڈرام سب اشیاء باریک کر کے بارہ۱۲ پوڑیا بناویں دن میں تین پوڑیہ پانی سے استعمال کریں۔ دیگر دوائی مجرب سیلی سین ۱۰ گرین پانی سے دیں بہت جلد فائدہ ہوگا۔

بخار میں دردہر قسم قولنج پیٹ معدہ وغیرہ

نسخہ ڈاکٹری:۔ سوریٹ آف مارفیا نصف گرین سپرٹ آف کلوروفارم ایک ڈرام پانی ۶ اونس دو دو گھنٹے کے بعد ایک ایک اونس دیں۔ دیگر بدہضمی سے اسہال ہوں بچوں کے تو ذیل کے نسخہ جات بہت مفید ہیں خواہ کسی قسم کے خراب ہوں نسخہ کمپاؤنڈ چاک پاوڈر ۲ رتی سرد پانی سے دیں نافع ہے۔ دیگر پھول کڑی یعنی چاک کڑیا مٹی بھی ۲ رتی پانی میں گھول کر دینے سے آرام ہوگا۔ دیگر توطیا سبز ولائتی ایک رتی گوند لیکر صاف ۴ ماشہ ملاکر چوبیس گولی بنالیں ہر روز ۲ یا ۳ گولی پانی سے دیں پیچش میں سونف ۳ تولہ چھوٹی ہرڑ ۲ تولہ سونٹھ ا تولہ قند سفید ۱۲ تولہ بھنی ہوئی سونف آدھ تولہ اور ہرڑ گھی میں تل لیں جب پھول جاویں چکنائی دور کریں۔ سونٹھ۔ بھوبل میں بھون لیں مگر سڑنہ جائے سب ادویہ پیسکر قند سفید ملاکر سفوف بنالیں ۶ ماشہ دیں بہت نافع ہوگا۔ دیگر قے کے بند کرنے کا نسخہ: پیپل کی چھال جلاکر راکھ کو پانی میں ڈال دو گھنٹہ بعد یہ پانی نتار کر پلا دیں قے و ہچکی کو بھی فائدہ ہوگا دیگر ڈل واٹر ایک چمچہ دینے سے بھی آفاقہ ہوگا۔ دیگر نارنگی و لیموں کے سونگھنے سے بھی نافع ہوگا۔

بخار میں پیٹ کا اپھارہ یعنی نفخ

نسخہ فقیری ایک رتی ہینگ عرق بادیان میں ملاکر دیں نیمگرم دیگر جلاب نازک مزاج کیلئے اور لڑکیوں کسٹر آئیل ایک اونس دیگر پوٹاس ۳۰ بوند ٹنکچر کا ڈیمم کمپاؤنڈ

۳۰ بوند ٹنکچر لونڈر کمپاؤنڈ ۳۰ بوند سیرپ جنجر ۴ ڈرام عرق گلاب ایک اونس ترکیب نسخہ تیار کرنے کی - اوّل کسٹر ائیل کو لاٹیکر پوٹاسی ڈالکر خوب ہلاؤ - جب حل ہو جاوے پھر دو نو دوا ملاکر ہلاؤ - جب حل جاویں باقی ادویہ ملاکر ہلاکر حل کریں شیشی میں بند کرکے رکھیں استعمال کے وقت ہلاکر دو اونس دیں - یہ مرکب شربت بن جاویگا اور جب مادہ خارج ہو جاوے کھانے کو کھچڑی دیں - (ہیضہ بخار و کھانسی و لقوہ وغیرہ)

کمال پرانی بیاض کا نسخہ یونانی ہے - نسخہ یہ ہے - شنگرف مصفیٰ بچناک صاف فلفل سیاہ و فلفل دراز سہاگہ فی ۶ ماشہ لیکر کھرل کریں سفوف بناکر ایک رتی سفوف ہیضہ والے کو گرم پانی سے دیں آرام ہو گا اگر آرام نہ ہو تو دو گھنٹہ بعد پھر دیں - دیگو پیچش میں شکر میں ملاکر دیں نیز کھانسی والے کو خشخاش رگڑکر ایک رتی دیں نیز لقوہ کے مریض کو روغن کنجد ملاکر دوا مذکور حل کرکے مالش کرا دیں فائدہ ہو گا -

اب التماس ہے کہ ہمہ قسم اور قابل نسخہ جات باب چہارم میں ملیں گے اسی کتاب میں -

باب تیسرا علاج مستورات

ہر قسم حیض صالح کی شناخت و بیماریاں کم آنا یا زیادہ آنا درد سے وغیرہ وغیرہ

اوّل بیان خون حیض صالح کی شناخت جو حمل کو قبول کرے یعنی جو خون سفید کپڑے پر لگ جاوے اور پانی سے کپڑا صاف ہو کر خون کا نشان نہ رہے اور بلا تکلیف و جلن کے تین ۴ روز بعد بند ہو جاوے اور ۲۸ x ۲۹ x ۳۰ دن کے ہر ماہ میں آوے تو حیض میں کوئی خرابی نہیں ہے اسکے نقص کو رفع کرنے کی انگریزی پٹینٹ دوائی (ریگولیٹین) ایک ٹیکہ صبح اور ایک رات کو تے وقت پانی سے مستورات کا سارا دارو مدار حیض کے درسر اور بدن کا دکھنا پنڈلیوں

کا درد کرنا یا کم آوے یہ دوا فائدہ دیگی - پرہیز سرد و کھٹائی اشیاء منع ہے - اگر حیض کا خون زیادہ آوے تو یہ یونانی نسخہ دیں - آملہ یک عدد مٹھی چاول کا دھون سے آملہ باریک پیسکر دیں آرام ہوگا - دیگر حیض کی تکلیف کے لئے دوائی ہومیو پیتھک نام (کالو فائیلم پلٹا - وائی رنیم آپولس یہ دواہ قطرے گرم پانی میں ڈالکر صبح دیں دو تین دن میں فائدہ ہوگا - سیلان الرحم یعنی لکوریا سفید رطوبت کا آنا اندام نہانی سے یہ دوا دیں نام (فیموں کی ٹکیہ) ایک صبح دیک شام کو کھانے کے بعد ہمراہ شہد - پرہیز کھٹائی - دیگر ڈاکٹری دوائی نام رکبات فولاد یا کارڈیلیز آئیل حیض اگر بکثرت آوے تو یہ یونانی دوا دیں فائدہ ہوگا - ادویہ اشہہ سیاہ دورتی گل ارمنی ۲ ماشہ شربت صندل یا رب بہی کے ہمراہ دیں -

نسخہ ویدک گل چھالیہ بنسلوچن کات سفید ببول کی خام پھلی ۴ دوا ہموزن سفوف بناکر پانی سے ۶ ماشہ دین غذا نرم سا بودانہ یا کھچڑی -

نسخہ سنیاسی - کشتہ یشب ۳ سرخ ہمراہ مربہ بہی یک تولہ کے دین سفید رطوبت کے لئے یونانی دوا اسگندھ ۶ ماشہ گائے کے گرم دودھ سے دیں - رات کو سوتے وقت -

نسخہ فقیری - انبلی کے ۹ ماشہ مغز باریک کرکے آنار کے پانی میں حل کرکے صبح کو دیویں - دیگر نسخہ جناب حکیم صاحب گل ارمنی سوختہ ۴ سرخ بارتنگ کے پانی سے دیں اگر حیض درد سے آوے ہینگ مصبر ہیرا کسیس ہموزن باریک کرکے گولی چنے برابر ایام حیض میں ایک گولی دن میں دو دفعہ دیں اگر حیض رک گیا ہو تو ایک رتی فرفیون پیسکر روئی میں لگاکر اندام نہانی میں رکھیں حیض جاری ہو جاویگا +

حیض کا درد سے آنا یا کم آنا

نسخہ۔ افیون ٦ ماشہ سونف ٦ ماشہ باپھڑ ٦ ماشہ اجوائن ٦ ماشہ قند سیاہ یک پاؤ پرانہ۔ ایک سیر پختہ پانی میں سب کو جوش دیں جب ایک حصہ جل جاوے ٹھنڈا کر کے چھان کر استعمال کریں

بدبو اندام نہانی و رطوبت کو رفع کرنا۔ نسخہ بچ بانسہ نیم کے پتے سفوف کر کے پوٹلی بنا کر اندام نہانی میں رکھیں۔ دیگر زعفران و مشک اصلی ہموزن لیکر شراب میں ملا کر کپڑا تر کر کے رکھیں جب کپڑا خشک ہو جاوے ٹکڑا کاٹ کر فرج میں رکھیں تنگی و خوشبو آویگی۔ نسخہ سنیاسی۔ کشتہ چاندی ١ رتی مکھن سے صبح کو دیویں۔ عورتوں مرض باؤ گولہ ہسٹریا یا ختناق الرحم اس بیماری کے الگ الگ عنوان ہیں عموماً وقت دورہ کے مریضہ کا سر اکثر چکر اتا ہے دل دھڑکتا ہے اور پیٹ میں گولا سا چلتا ہے مریضہ ہاتھ پیر مارتی ہے اور چہرہ سرخ ہو جاتا ہے اور کبھی رونے لگتی ہے اور گاہے ہنستی ہے اور کبھی بیہوش ہو جاتی ہے اور کبھی کھیل کرتی ہے اگر مرگی کا اشتباہ ہوتا ہے یا جن بھوت کا یا پاگل پن مگر بیماری ہے۔

نسخہ ڈاکٹری۔ لائیکر ایمونیا ایسی ٹیس ١½ ڈرام سپرٹ ایتھر ٢٠ بوند ایکسٹریکٹ ارگٹ لیکوئڈ ٢٠ بوند پانی ایک اونس سب خوراک بنا کر رات کو سوتے وقت دیں

نسخہ یونانی۔ زیرہ کرمانی افسنتین تخم خربوزہ شاہترہ ہر ایک ٩ ماشہ پاؤ بھر پانی میں جوش دیکر چھان کر ٢ تولہ قند سیاہ حل کر کے صبح پلا دیں۔

دیگر اقسام کے باؤ گولہ کے لئے

نسخہ جات - اول نسخہ ڈاکٹری - ویسرے ٹاس ۱۵ بوند ٹنکچر ہاہوسسی
سس دس بوند سپرٹ ایتھر کمپاؤنڈ ۲۰ بوند سپرٹ کلوروفارم ۲۰ بوند
ایکوامنتھی پپ ایک اونس کل ایک خوراک ہے صبح کو دیں - دیگر کسٹریکٹ
سٹیل ۱۰ گرین - فری سلفیٹ ایکس کٹیا ۲۰ گرین پلوا سا فلینڈ ا ۲۰ گرین ایسڈ
آرسینگ ان سب کی ۲۰ گولی بنالیں - اور ایک صبح وایک دوپہر کو اور رات
کو مگر دوائی سے پیشتر کچھ کھالینا چاہیئے خالی معدہ نہ کھائیں - دیگر یونانی
نسخہ - سنبل الطیب سلیخہ اسارون دارچینی بادرنجبویہ عود بلسان ہر یک تین
ماشہ - زعفران جند بدستر دو دو رتی آدھ سیر پانی میں جوش دیکر ایک پاجل
جاوے تو گلقند ۳ تولہ حل کرکے پلاویں - دیگر خمیرہ گاؤزبان بہت
مفید ہے عنبری ہو اچھا ہے ورنہ سادہ لیکر اس میں ورق طلا شامل کرکے
۶ ماشہ صبح کو دیں دیگر نسخہ یونانی شیطرج مصطگی خاکشی فی ۶ ماشہ باریک
کرکے پوٹلی باندھ کر تین پاؤ گائے کے دودھ میں ڈالکر پکائیں اور ہلاتے
رہیں ملائی نہ آنے دیں جب نصف رہے اوتار لیں پوٹلی نکال دیں دودھ
میں ایک تولہ بادام روغن حل کرکے پلادیں ۴ روز یہ نسخہ دیں غذا ہلکی -
دیگر - شافہ اندام عاقرقرحا پیخال کبوتر جنگلی فی ۳ ماشہ عطر موتیا و گلاب
شہد میں حل کرکے روئی پر لگا کر کام میں لاویں اور بعد ۳ گھنٹہ کے
جماع کریں فائدہ ہوگا از حکیم یونانی طب اکبری و قرابادین کی اجازت ہے -
نسخہ ویدک - پوست ارنڈ پوست بیخ کرنجوہ پوست بیخ کنیر زرد فی ماشہ
سیر بھر بکری کے دودھ میں دوا مذکور کو سفوف کرکے ڈالیں جب دودھ

جل جاوے نصف رہے بعد میں دو تولہ سرکہ ڈالیں اور ٹھنڈا کر کے چھان لیں
۵ تولہ شہد حل کر کے پلائیں مگر یہ عمل ۱۰ ہفتہ کریں۔ نسخہ سنیاسی۔ چرس کی راکھ
سیسے کا کشتہ فی یک ماشہ کستوری ۳ ماشہ پیپل کی ڈاڑھی یک تولہ کل اشیا پیسکر
شہد میں گولی مرچ سیاہ کی مانند تیار کریں یہ ایک گولی صبح صبح گائے کے خام
دودھ سے دیں۔ غذا آب نخود ڈبل روٹی ہمراہ دودھ کھچڑی گویا ہلکی زود ہضم
پرہیز۔ تیل ترشی۔ دیگر ہر قسم کے نسخہ جات باب چہارم میں ملاحظہ فرماویں
متفرقات اور مجرب سے مجرب ہونگے۔ ہر ایک مرض کا نسخہ سہل سے سہل ملیگا
اور نئی قسم کے ہونگے جو آجتک سنے نہ ہونگے مگر نظر انداز نہ ہوئے ہونگے۔
عمر ۲۵ برس کا ذخیرہ اور تلاش شدہ پیش ہے صرف ہمدردی خلقت خداوند
تعالی کی خدمت کے تحریر کردیئے ہیں تاکہ دعا خیر سے ناچیز کو یاد فرماتے رہیں
لہذا التماس ہے ضرور ان کے ملاحظہ سے فائدہ اوٹھاوگے ورنہ آپ کی
قسمت ہیچ ۔

سلسلہ متفرقات شروع۔ کابوس یعنے خواب میں ڈرنا۔ اوّل قے کرا کر معدہ
صاف کریں بعد روغن مصطگی ۲ بوند بتاشہ پر ڈالکر دیں اور سر پر روغن خشخاس
ملیں۔ دیگر علاج بذریعہ خوشبو کے اگر کافور کو سونگھیں تو درد سر جاتا رہے ایمونیا
کے سونگھنے سے نزلہ جاتا رہیگا اور گلاب کی خوشبو سے مردانہ کمزوری کو فائدہ
ہوگا۔ طبیعت بشاش اور بیخوابی کو نافع اور خوبصورتی کی ترقی اور شباب قائم
دیرپا۔ دیگر خوبصورتی کے لئے عرق لیموں دودھ میں ملا کر رات کو منہ دھوئیں
ایک ہفتہ کے عمل سے رنگ خوب نکل آویگا اور صبح اوبٹن ملیں۔ دیگر مستورات
کے بال دراز ہوں اور گرنے سے بچیں۔ ترکیب نسخہ ۳۰ ڈرام گلسرین اور ۳۰
ڈرام چونہ کا پانی ملا کر رات کو بالوں میں لگائیں اور صاف کریں ہر تین دن کے

بعدہ یہ عمل کریں فائدہ ہوگا۔

اکسیر عجیب۔ مریض کے کسی راستہ سے خون نکلتا ہو یعنی تھوک یا بول یا قے میں یا پیچش سے یا بواسیر سے یا نکسیر سے وغیرہ وغیرہ۔ نسخہ نیم کے پتے سبز برگ یک پاؤ لیکر ان کی تہ بنا کر۔ انکے بیچ پانچ تولہ سنگ جراحت رکھ کر اوپر کپڑ مٹی کرکے ہوا سے بچا کر سات سیر اوپلہ کی آگ دیں کشتہ بن جاویگا نکالکر ایک ماشہ مکھن میں یا بالائی میں فائدہ ہوگا مجرب ہے۔

بال گرتے ہوں گنج ہو۔ اوس کے فقیری نسخہ استعمال شدہ چار خشک کر لو پھر پانی میں پکا کر پانی ٹھنڈا کر کے ہفتہ میں ۳ دفعہ ایسا پانی بنا کر سر دھویا کریں ایک ماہ ایسا کریں بعدہ خالص تیل چمبیلی لگایا کریں۔

خفقان کیلئے نسخہ۔ کیلہ سبز کے کھنبہ سے پانی ½ اچھٹانک لیکر ہموزن تازہ پانی ملا کر مصری ڈالکر استعمال کریں۔

نسخہ فقیری۔ جالا پھولا کے لئے سندھا نمک پیسکر رات کو سلائی سے آنکھ میں لگائیں فائدہ ہوگا۔ ایک ہفتہ تک لگائیں۔ **دیگر** شبکوری کے لئے چڑیا رات کو۔ آگ سے اگر کوئی عضو جلجاوے تو آٹا گوندھکر جلی ہوئی جگہ پر لگائیں یا آلو گھسکر لیپ کردیں فائدہ ہوگا۔

دیگر نسخہ تقویت دماغ۔ لیرب و قوت باہ کیلئے مجرب بوعلی سینا مغز بادام۔ مغز خربوزہ مغز کھیرا مغز خشخاس تربوز مغز پستہ مغز چلغوزہ تخم شلغم تخم گاجر الائچی کلاں خولنجان دارچینی گوندکیکر کل ادویہ باریک کرکے شہد یا مصری دوا سے دگنی ملائیں۔ **خوراک** صبح شام ۶ ماشہ دن میں ایک تولہ۔ وزن مغز ۵ تولہ ہر یک۔ باقی دوائیاں ہر ایک تولہ تولہ لیں فائدہ اکثر ہوگا +

باب چہارم

نسخہ جات علاج متفرقہ

اور ہر ماہ میں تندرست رہنے کے اصول لکھے جاتے ہیں

۱۔ اول ماہ بیساکھ انگریزی اپریل

غسل۔ آب سرد جائز ہے روزمرہ ہوا خوری پیدل یا سواری دوپہر کو جراب اوتار رکھیں اور زمین پر ایک گھنٹہ سوئیں لیٹیں۔ زمین کی کشش کا مادہ کیمیائی سپرٹ پاؤں کی وساطت سے دماغ تک جاتا ہے۔ اور اس سے یادداشت ازحد قوی ہوتی ہے۔ جن اشخاص کو زکام کھانسی موسم تبدیل کے باعث ہو وہ اصحاب صبح منہ بادام ایک تولہ خشخاش ۶ ماشہ الائچی خورد ۳ ماشہ مصری حسب ضرورت رگڑ کر استعمال کریں۔ گرم اشیاء و تیل نشے وغیرہ سے باز رہنا چاہیئے۔ موسمی سبزی پکا کر ایسے بھی استعمال کریں۔ مگر معمولی طور پر۔

۲۔ ماہ جیٹھ ومئی

غسل۔ روزانہ ہوا خوری صبح و شام کو معمولی ورزش ننگے پاؤں نہ پھرنا چاہیئے جن اشخاص کو بدہضمی کی شکایت ہو وہ غذا کم کھاویں۔ صرف صبح خام دودھ اور ایک ماشہ سونف دارچینی پھانک لیا کریں اور ٹھنڈے شربت سنگترہ شہتوت موسمی پھل استعمال کریں۔ مگر رات کو کم کھانا چاہیئے۔ گرم اشیاء نشے تیل وغیرہ سے باز رہو۔

۳-ہاڑ و جون

غسل - سرد پانی سے - صبح ہوا خوری اور مالش کرواویں - ننگے بدن پھرنا منع ہے - تازہ پھل دودھ - چھاچھ میں نمک اور قدرے برف غذدونوں وقت ذرا کم کھانا اور مفرح شربت وغیرہ استعمال کرنا واجب ہے پرہیز گرم اشیاء وغیرہ -

۴-ساون و جولائی

غسل - صبح شام ضروری ہے لباس ہلکا باریک جراب صبح کے وقت ہوا خوری کے لیے پہننا واجب ہے - اگر بارش ہو تو اس میں سونا منع ہے ورنہ کوئی چادر چارپائی کے اوپر لگائیں - ورزش بالکل ممنوع ہے اگر بارش شروع ہو تو مصری کھانڈ کا شربت ناجائز ہے - پکے شربت واجب ہیں - دودھ میں پانی ڈال کر نہ استعمال کریں - شربت کیوڑہ بہت عمدہ ہے معمولی چٹنی وغیرہ بھی استعمال کر سکتے ہیں -

۵-بھادوں - اگست

غسل وغیرہ ساون کے مطابق کھیرا - آم - جامن نمک لگا کر بغیر بھوک کے کھانا نہ کھاویں اور کم کھاویں - گیلے کپڑے نہ پہنیں اور نم دار جگہ نہ سوئیں اور بچوں کو اسی ماہ میں میٹھائی سے باز رکھیں اور حاملہ کو گرم اشیا نہ دیں ہر بشر کو کھانا ٹھنڈا کر کے کھانا چاہیے - چائے بھی استعمال کر سکتے ہیں - صندل شربت کیوڑہ وغیرہ پئیں اور غذا ہلکی آب نخود دال وغیرہ استعمال کریں بھاجی ذرا کم -

٦۔ اسوج ماستمبر

بارش موقوف نہ ہو تو اصول ماہ جولائی اگشت کے اگر بارش نہ ہو۔ تو صبح سیر اور ورزش، دودھ جوش کر کے۔ سبزی بھاجی واجب نہیں۔ سونا ناجائز ہے۔ خام دودھ منع ہے گھاس کا اثر ہوتا ہے۔ حاملہ کو تیل کھٹائی منع ہے۔ غسل صرف ایک وقت جلاب مصفی خون عرق واجب ہیں۔

۷۔ کتک۔ ماہ اکتوبر

غسل مالش کر کے کریں سیر صبح و شام ورزش وغیرہ۔ حاملہ کو مربہ سیب بچوں کو شہد برف منع دن کو سونا منع ہے۔ محنت کا کام کرنا سفر کرنا لباس گرم اوڑھے پھرنا واجب ہے۔ مقوی غذا شروع کر دیں۔ پھل خوف کھاویں مستورات بھی سیر کریں بچوں کو ننگا نہ رکھیں۔

۸۔ مگھر۔ ماہ نومبر

سیر کرنا اور دودھ میں شہد حل کر کے پینا دودھ جوش کیا ہوا گر سیر سے آکر اور غسل موافق طبیعت سرد پانی یا گرم پانی سے۔ مگر دودھ کے دو گھنٹہ کے بعد اور سبزی پھل خوب کھاویں۔ رات کو ننگے سر نہ رہیں زیاد سرد پانی نہ استعمال کریں جلاب وقتے ممنوع ہے چار بھی استعمال کریں تو کچھ مضائقہ نہیں

۹۔ پوہ ماہ دسمبر

اصول ماہ نومبر کے غذا ہر قسم مقوی واجب ہیں۔ سیر کم کریں زکام کا سردی سے اندیشہ ہے جرابیں ضرور پہنیں۔ تاکہ ہوا آئی نہ پھٹے عمر رسیدہ کو دودھ میں بادام روغن ملا کر پینا چاہیئے۔ ہر بشر مقوی ادویات حلوا جات استعمال کریں۔

۱۰ - ماگھ ماہ جنوری

غسل گرم پانی سے شام کو ہوا خوری ننگے باہر نہ نکلیں - ننگے سر نہ سوئیں - ٹھنڈائی شربت آچار چٹنی منع ہے دودھ حلوا مٹھائیاں بادام - اخروٹ شلغم سبزی ساگ خوب استعمال کریں -

۱۱ - پھاگن ماہ فروری

غسل صبح اور سیر صبح جسم پر مالش ورزش وغیرہ استعمال گرم غذا ادویات کم کردیں تاکہ سال بھر خوب آرام سے گذرے صبح کو گرم دودھ مناسب طبیعت کے بادام روغن قدرے ڈال کر نوش کریں صرف ۱۵ یوم

۱۲ - چیت ماہ مارچ

غسل صبح ورزش سیر دونو وقت - سونا اندر ہی چاہئے - گرم لباس ذرا کم کردیں ذرا کھانا کم کھادیں - جلاب قے واجب ہے - عرق مصفی خون پینا واجب ہے سبز چنے کی بھاجی سبزی استعمال کریں - سونا دوپہر کو منع ہے -

علاج قمر - چاندنی رات کو چھت پر سونے کے ذریعے

یہ بات ہر انسان پر روشن ہے - گرمی آگ سردی سیتل - ورنہ چراغ روشن نہ ہوگا موسم گرما میں چاندنی میں روز خوشبودار پھول - بستر پر بچھانا اور رکھنا سونگھنا نافع دل کو تقویت اور دماغ مردہ دلی وغیرہ کو کم کرتے ہیں - حاملہ اگر چاندنی رات کو پورنماشی کی رات کو دودھ استعمال کرے اور چاندنی کے نیچے سوئے اور لڑکا بغیر تکلیف کے جنے - اور خوبصورت ہو - چاندنی میں لنگوٹ لگا کر ننگے بدن سونا اگر انسان کی طبیعت پر گرمی ہو تو کم ہو جاوے دل کی دھڑک کو نافع ہو کیلے کے پتے بستر پر بچھا کر سوئیں - جگر کی سوزش خشکی - گرمی - تب دق کو بھی نافع کرتے ہیں -

چاندنی رات میں بلور کے گلاس میں پانی بھر کر رکھیں۔ اور پچھلی رات کو جب کہ پہر رات باقی رہے اُس پانی سے مُنہ ہاتھ دھوئیں اور پئیں اور سفید کپڑا اوڑھ کر چاند کی روشنی میں بیٹھ کر خدا کا نام یکسوئی سے لیں۔ اندرونی بیماریاں دور ہو جائیں گی۔ اور صحت و طاقت برقرار ہوگی۔ چاند کی طرف دیکھنا تقویت بصر ہے چاندنی میں چاندی کے برتن میں پانی بھر کر رکھیں اور صبح قدرے نوش کریں خون۔ تپ۔ بلغم کے امراض کو نافع ہے۔ اور پاخانہ خوب آتا ہے چاندنی میں چنبیلی سیوتی گُلاب کے چمن یا بستر پر پھول رکھیں اور سوئیں۔ تقویت اعضاء رئیسہ و اصلاح و اخلاط خمسہ ہے۔ ان کو فرحت ہوتی ہے۔

کروپیتھی علاج شمس کے وسیلہ سے آفتاب کی کرنوں سے

اکثر عنصروں کی اصلاح کے چند قاعدے مقرر کئے جاتے ہیں جو سورج کے ذریعہ بیماریاں رفع ہوتی ہیں اوّل پانچ بوتلیں لیں ایک نیلی۔ سبز۔ سُرخ۔ زرد سفید ان میں صاف پانی نصف تک بھر کر مُنہ بند کرکے آفتاب کی شعاؤں میں رکھیں تین گھنٹے کے بعد آفتاب کی کرنیں پانی کے اندر ایک قسم کی برقی طاقت پیدا کرینگی جب امراض کے لئے ضرورت ہو۔ خوراک ۶ ماشہ دن میں ۳۲ دفعہ دیں نیلی بوتل کا پانی نہایت سرد ہے۔ جب ضرورت ہو آدھ گھنٹہ دھوپ میں رکھ کر گرم مزاج والے کو خوراک دیں۔ اور بادی ریاحی امراض میں سبز بوتل سے۔ سردی کی امراض زیادہ ہوں تو سُرخ رنگ کی بوتل سے۔ اگر بدہضمی۔ زکام وغیرہ ہو تو سفید رنگ کی بوتل سے اور قبض درد معدہ کے لئے زرد رنگ کی بوتل کا پانی دیں۔ بعض وقت تیز بیماریوں میں نیلی اور سُرخ بوتل کا پانی ملا کر دیں۔ بعض دفعہ زرد اور سفید بوتل کا پانی ملا کر دیتے ہیں۔

دیگر نیلی بوتل میں تاثیر ایک ہفتہ رہتی ہے پھر بنادیں۔ سبز و زرد میں دو روز میں دو روز تک۔ سفید اور سُرخ کا پانی دوسرے دن ہی بے اثر ہو جاتا ہے
نیلی بوتل کا پانی تپ۔ سوزش۔ نزلہ۔ گرمی۔ خرابی معدہ ہیضہ۔ دماغ رکت کنول باد۔ خارش وغیرہ میں دیویں۔ سبز رنگ کی بوتل کا پانی دردسر گرمی یا سردی سے ہو۔ دردسینہ۔ سوزش سینہ۔ یرقان وغیرہ میں سُرخ بوتل کا پانی فالج۔ لقوہ۔ ریشہ۔ واستر خار۔ دمہ وغیرہ امراض میں دیویں۔ سفید رنگ کی بوتل کا پانی۔ زکام۔ کھانسی۔ پھوڑہ۔ پھنسی۔ بدہضمی۔ قبض شکم۔ ضعف جگر فساد خون۔ استسقاء وغیرہ میں دیں۔
زرد بوتل کا پانی اگر صبح پئیں تو چار روز استعمال کریں۔ دائمی قبض جاتی رہیگی۔

لاعلاج مرضوں کے دور کرنیکا ہسپتال طریقہ

مثلاً دق یا گنٹھیا یا لقوہ دیگر دیرینہ امراض بغیر دوا کے

پانی بھر کر کم از کم ایک بڑا گھڑا

دھوپ میں تازہ

ٹب پانی

تپ دق کے مریض کا ذکر۔ ٹب میں اس شکل سے بیٹھیں۔ سر اوپر درمیانی حصہ حصہ جسم پانی میں پاؤں باہر۔ صرف ایک ہفتہ ۵ منٹ ناف سے نیچے تولیہ سے دائیں بائیں پڑو یعنی پسلی تک۔ میعاد کے بعد بدن کو خوب صاف کر کے کپڑے پہن کر گرم بستر پر چلے جاویں۔ جب تک سردی دُور نہ ہو کچھ غذا نہ کھائیں نہ پئیں

بعد دو تین گھنٹے کے بغیر چھنے آٹے کی روٹی اور اُبلی ہوئی بھاجی سبزی گرم چیز بالکل ممنوع ہے۔ جوں جوں صحت ترقی پر ہو۔ ہپ باتھ پانچ منٹ کی بجائے ۱۰۔ ۱۵۔ ۲۰۔ ۲۵ منٹ تک کر دیں۔ صرف اُبلی ہوئی سبزی میں خالی نمک گھی مصالحہ بالکل بند ہے۔ ایک ہفتہ کے اندر چھٹے روز بالکل آرام سے گذرا مریض کو یقین کامل ہو گیا۔ اب دس منٹ کا عمل شروع کر دیا اب کمزوری بڑھ گئی بخار تیز ہو گیا۔ لیکن ہر وقت کی بجائے اب تین ٹائم کا بخار رہ گیا۔ صبح دوپہر۔ شام رات کا ٹائم چھوڑ گیا۔ شام کے کھانے کے بعد کم ہو جاتا رات کو بالکل نہ رہتا۔ اور نیند آجاتی یہی صحت ہے۔ اور پاخانہ میں کئی قسم کا فاسد مادہ خارج ہوتا۔ ایک ماہ عمل کے بعد صرف صبح کا بخار رہ گیا اور سب ٹائم چھوڑ گیا۔ دوسرے ماہ میں یہ بھی ہفتہ میں ایک دو دفعہ ہوتا۔ اور اتر جاتا۔ اب عمل ۱۰ سے ۱۵ منٹ ۲۰۔ ۲۵۔ ۳۰ منٹ تک عمل ہپ باتھ کر دیا اور جسم کی رنگت بدلنے لگی۔ اور اب اضافہ خوراک دلیہ نمکین مسور کی دال کھچڑی سبزی بھاجی ہمہ قسم پھل وغیرہ دوپہر کو کھانے شروع کر دیئے اور ہضم ہو جاتے اول مریض کچھ نہ کھا سکتا تھا۔ جب سے علاج کرنا شروع کیا ۳ پاؤ کے قریب غذا ہضم ہو جاتی۔ اور کچھ تکلیف نہ ہوتی۔ حوصلہ اور بھی بڑھ گیا۔ اور جسم کا وزن بھی زیادہ ہونے لگا۔ اور بدن پر سُرخی نمودار ہونی شروع ہوئی ۳½ ماہ کے بعد کوئی شکایت تکلیف کی نہ رہی۔ تمام امراض کافور ہو گئے علاج شروع رہا صرف بخار گاہے گاہے ہو جاتا اور پانچ دن کے بعد وزن ۸ سیر بڑھ گیا۔ ایک دن ہپ باتھ کا ہفتہ میں ناغہ کر دیا کرتا اور غذا پرہیز سے کھاتا۔ موسم گرمی میں دو دفعہ یہ عمل شروع کر دیا ایسا کرنے سے تکلیف زیادہ ہو گئی۔ مگر جو کچھ اندر بیماری کا مادہ تھا وہ بھی صرف دو ہفتہ میں نیست و نابود ہو گیا۔ اب بغیر کام کے جی گھبراتے

لگا اور تمام بیماریاں جڑ سے چلی گئیں۔ آخر کالج کا جانا شروع کر دیا اب صرف ہسپ بابت ایک دفعہ ہفتہ میں کر دیا۔ رخصت کے روز غذا وہی پرہیز سے کھاتا اب لوگ کہتے مردہ زندہ ہو گیا۔ مگر عمل برابر جاری رکھا کبھی دو دفعہ بھی کر لیتا جس صاحب نے یہ علاج کرنا ہو گئی بار اسکو پڑھے اور یقین کر کے عمل کرے یہ ایک بڑا بھاری ڈاکٹر ہوا۔ جن کی ہسٹری میں علاج کا طریقہ ملاحظہ کیا اور نفع عام کی بھلائی کی خاطر یہ مختصر حال لکھا گیا۔ کہ ہر بشر کی سمجھ میں جو آ سکے میرا مطالعہ کئی سال سے رہا ہے۔ آخر حکیم صاحب کی مہربانی اور محبت کے باعث یادگار کے لئے ایسے ایسے مضمون لکھے گئے ہیں جو باعث حیرانی کا ہونگے

نیند

زندگی کو قائم رکھنے کے لئے نیند سے بڑھ کر کوئی آرام دہ وسیلہ نہیں کیونکہ جب سو جائیں تمام بیماریاں رنج غم غلط اور ایک بادشاہ سے لے کر ایک غریب تک آنند دینے والی نیند ہے۔ اگر نیند گہری نہ آئے تو انسان مرجاتا ہے کھانا سب کھاتے ہیں کوئی عمدہ کوئی خشک نیز ہوا قدرتی ہے۔ مگر حیوان انسان کے لئے یکساں ہے۔ ایک بڑے لایق ڈاکٹر کی تصنیف سے یہ لکھا جاتا ہے۔ جن کا خطاب ایم۔ سی۔ پی۔ ایس۔ ایم تھا۔ نیند کل تکلیفوں کو کم کرنے والی ہے گویا دوبارہ زندگی حاصل ہوتی ہے۔ جب انسان متواتر کام کرنے سے تھک جاتا ہے نیند سے ہی پھر دوبارہ تر و تازہ ہو جاتا ہے۔ گویا نیند نقلی مردہ بنتا ہے کیونکہ کچھ خبر نہیں رہتی یہ اصلی نیند ہے۔ جو کہ پھر انسان کام کرنے کے لئے بحال ہو جاتا ہے یہ قدرت کا بڑا بھاری عطیہ ہے کم از کم ۶ گھنٹہ ضرور سونا چاہئے۔ جوان کو جس قدر

گہری نیند ہوگی اُسی قدر تروتازگی حاصل ہوگی۔ بعض انسان آدھا سوتا آدھا جاگتا ہے اور خواب دیکھتا ہے۔ اس نیند سے تروتازگی کم حاصل ہوتی ہے سونا ہمیشہ اول وقت، دائیں طرف سوئیں تاکہ دل پر دباؤ نہ پڑے۔ نیند لانے کا طریقہ سوتے وقت تمام خیال دنیوی ہٹا کر ایشور کا نام لیں اور سونے کی طرف خیال کریں خوب نیند آوے۔ سوتے وقت جسم ڈھیلا کر کے سونا چاہیے۔ تن کر نہ سوئیں اگر موسم گرما ہو تو سوتے وقت منہ پاؤں دھولیں اور آرام کریں۔ اگر سردی ہو تو صرف گیلے تولیہ سے ہاتھ منہ صاف کریں اور کُرولی وغیرہ کریں۔ اور خشکی کی وجہ ہو تو تیل کی مالش کرنی لازمی ہے اور سونے کی جگہ ہر موسم میں ہوادار ہوا زندگی کا ذریعہ ہے۔ نسخہ مجرب خشخاش کا تیل دماغ اور پیشانی پر ملیں اور نسوار لیں نیند آویگی۔

ایک پورانی طب سے معلوم ہوا ہے کہ بذریعہ دودھ بھی امراض دور ہو سکتے ہیں سو رفاہ عام کی خاطر درج کرتا ہوں۔

بکری

بکری کا دودھ حلق زبان منہ کے چھالوں کو مفید ہے دیگر ایک تندرست جوان بکری کو ہر روز ڈیڑھ ماشہ شنگرف رومی سفوف کر کے دانہ نخود کے ہمراہ کھلاویں اس بکری کا دودھ آتشک کا مریض ۴۰ یوم استعمال کرے صحت پاوے۔ غذا روٹی شوربہ و نخودآب اور پرہیز رکھے۔

اونٹنی کا دودھ

جلندھر و یرقان کے واسطے ضعف جگر کے واسطے مفید ہے

گدھی کا دودھ

مصفی خون۔ چیچک۔ تپ دق۔ سل کو نہایت مفید ہے۔

بھینس کا دودھ

بواسیر کے لئے بہتر غذا ہے۔ استعمال سے آرام آتا ہے۔ دست خونی کے لئے اس کا حقنہ نہایت مفید ہے۔

سو سال تک زندہ رہنا

کھلے مکان میں رہنا۔ غذا میں اعتدال ترس۔ رحم کرنا۔ خوش رہنا سادی غذا کھانا اور تازہ پانی اور باہر کی ہوا کھانا

بارجو انگریز ایک سو باون سال زندہ رہا ساری عمر اس نے دودھ روٹی پر اکتفا رکھا۔ دیگر ہنری ایک سو ستر برس زندہ رہا۔ صرف سادی غذا۔ دیگر پال انگریز ایک سو پچاس برس زندہ رہا۔ صرف کھجور اور پانی اور گاہے گاہے روٹی اور چشمہ کا پانی کل بیماریاں رنگ برنگ کی غذا ہی سے سرزد ہوتی ہیں۔

پیاس کا تصفیہ

ایک حکیم نامی گذرا ہے۔ بو علی سینا ذکر کرتے ہیں۔ کہ عام لوگ اکثر خیال کرتے ہیں۔ کہ گرم چیز سے پیاس لگتی ہے۔ اور سرد چیز سے بجھتی ہے۔ مگر حکیم صاحب فرماتے ہیں۔ جو شے تر ہو اور سرد ہو وہ تشنگی کے رفع کرنے میں بمنزلہ تریاق کے ہے۔ خشک چیز پیاس کا ذریعہ ہے یا گرم خشک سونٹھ نمک

استعمال کرو پیاس لگے گی۔ اگر سونٹھ نمک رگڑ کر ٹھنڈا پانی ملاکر چھانکر استعمال کریں۔ پانی کی برودت اور طوبت گرمی خشکی کم کردے گی۔ خواہ کیسی پیاس ہو مٹ جاوے گی۔ خام دودھ پیاس کو کم کرتا ہے۔ گرم پیاس لگاتا ہے۔ اگر چھاچھ بناکر پئیں تو اور زیادہ پیاس لگے گی۔ کیونکہ اس سے ترادت بذریعہ مشین کے مکھن نکال لیا چھاچھ نمک مرچ اور زیادہ بھڑک کردے گی چشموں کا پانی پیاس کو کم کرتا ہے۔ ہاضم بھی ہے ہلکا پانی جس قدر ہو گا مفید ہو گا۔ سب سے بہتر عرق ہے۔ گاؤزبان کاسنی وغیرہ یا ابلا ہوا پانی سادہ مقطر کیا ہوا۔

آنکھیں بڑی نعمت ہیں

آنکھ کے پڑوال کا تیر بہدف نسخہ

آک کے دودھ میں روئی تر کر کے خشک کریں اس روئی کی بتی بناکر روغن سرسوں میں تر کر کے اوس بتی کو چراغ میں جلا دیں اور سیاہی کے لیئے اوپر برتن چینی کا رکھیں سیاہی لے کر حفاظت سے رکھیں سوتے وقت ایک سلائی لگائیں۔ پانی جاتا ہو۔ بیل ۔ آنکھ کو بھی صاف کردے گی۔

نسخہ مجرب کان کے درد کا

روغن کنجد ۵ تولہ لہسن ۱ تولہ سرکہ باہم ملاکر اس میں لہسن پکاؤ جب ایک تولہ رہے پھر تیل ملاکر اسقدر پکاؤ ۵ تولہ رہجاوے ایک قطرہ کان میں ڈالیں۔

مجرب نسخہ امراض دمہ

پیشاب گائے ۵ تولہ سرکہ ۱ تولہ۔ آک کی لونگ اور گھی برابر وزن لیکر کوٹ کر ایک

ایک رتی کی گولی بناؤ رات کو سوتے وقت گولی کھائیں آرام ہوگا۔

سخت کھانسی کے لئے مجرب نسخہ

ادرک کے ست کے ساتھ شہد خالص ملا کر کھائیں آرام ہوگا۔

برائے تلی

پیپل کے پتے ابال کر پلائیں تلی کے لئے اکسیر ہے۔

جوڑوں کے درد کے لئے تیل

برگ آک کا پانی پاؤ سیر لیکر ۵ تولہ روغن کنجد میں ڈالکر جوش دیں جب پانی جل جاوے۔ اور تیل رہ جاوے رکھیں درد پر مالش کریں آرام ہوگا

کھانسی کا سہل علاج

بار بار آئینہ دیکھنے سے کھانسی کو آرام ہو جاتا ہے۔

خارش تر و خشک کیلئے نسخہ

گیرو گندھک سہاگہ برابر وزن پیسکر مکھن ملا کر لیپ کرو ملو ایک گھنٹہ بعد دھو ڈالو۔ ایک ہفتہ

بواسیر کے لئے

سانپ کی کینچلی کا دھواں لینے سے مسے گر جاتے ہیں

عرق طحال یعنی تلی

عرق لیموں تین ماشہ عرق لہسن دو ماشہ ملا کر صبح کو دیں آرام ہوگا۔

گلٹی طاعون

پھل دھتورا۔ نمولی نیم۔ پیاز تینوں کو شیر آک میں پیس کر لگائیں گرم کریں آرام ہوگا

یرقان کا علاج

مریض سبز پوشاک پہن کر چاندنی میں سوئے اور وہی بجائے غذا اور پانی میں استعمال کرے آرام ہوگا

مجرب نسخہ: عورت کی لٹکتی ہوئی چھاتی سخت ہو۔ برگد کی داڑی کے سرے جو ملائم ہوں و سرخ و زردی مائل پانی میں رگڑ کر لیپ ہفتہ کریں انگی پہنیں۔

درد کان

اگر کسی دوا سے آرام نہ آوے تو زردہ کوڑی کی راکھ عرق لیموں میں ملا کر کان میں ٹپکا دو آرام ہوگا۔ داد کی دوا۔ تیل تارپین یا مٹی میں کافور گندھک حل کر کے لگائیں آرام ہو ایلوپیتھی کے علاج کے مقابلہ میں ویدک ہومیوپیتھک کے مقابلہ میں سنیاسی۔ کرہ پیتھی کے مقابلہ میں یونانی علاج ہے۔

ناسور کا نسخہ ۔ پیپل کی چھال کا سفوف مکھن میں ملا کر لگا دیں۔

رسم الفار سفید

ایک تولہ بغیر پتہ کے ہو دس سیر بلخنہ برگ آک میں رکھ کر مٹکے میں رکھیں منہ بند کر کے ایک دن برابر آگ جلاویں۔ جب پتے راکھ ہوجاویں کشتہ سفید کھل ہوگا۔ نکال کر پیس لیں باریک شدہ کو شیشی میں رکھیں۔ نامرد کو ایک چاول ۲ تولہ مکھن میں دیں۔ تین دن میں کامل مرد ہوگا۔ دمہ والا کو شہد، گلقند۔ نیلوفر میں دیں

نشانہ تیر کا کام کرے گا۔

عورتوں کو بچہ پیدا ہوتے ہوئے تکلیف کا علاج

زعفران گھسکر ایک کانسی کے برتن میں ۲۱ دفعہ لفظ اوم یا واہیگرو یا اللہ برتن میں لکھیں اور گلاب کے عرق سے برتن دھوکر پلا دیں اُس وقت درد کو آرام ہوگا

سانپ کے کاٹے علاج

اگر مریض مردے کی مانند بیہوش ہو تو نوشادر پیس کر آنکھ میں سلائی سے لگائیں ایک دو دفعہ کرنے سے ہوش میں آویگا۔ پھر ریٹھے کا پوست تھوڑا تھوڑا پانی میں پیس کر پلاتے رہو۔ اس ترکیب سے زہر بالکل جاتا رہے گا اتنی دیر یہ کرو۔ جب تک مریض کو نیم کی پتی کڑوی لگے بند کردو جھاڑے پھونکنے سے علاج بہتر ہے۔ ورنہ ہلاکت کا باعث ہوگا۔

بچھو کا زہر دُور ہو

جس جگہ کاٹا ہو اُس پر نمک پیاز کا پانی مل دو۔ فوراً آرام ہوگا۔

تیا بخار اگر نہ جاوے

تو ایک کاغذ کے ٹکڑے پر کیسر سے اوم دیو یہ گوپال ایشور لکھ کر لوبان کی دھونی دے کر بخار والے کو دکھا کر نقش کو کسی درخت وغیرہ میں کیل کی نوک سے ٹھونس دیں آرام ہوگا۔

آنکھ کے کئی امراض دُور ہونگے۔ درخت سرس کی لکڑی عرق یا پانی میں رگڑ کر سلائی سے لگاویں۔ بہت مفید ہے۔ مجرب ہے

علاج بذریعہ پانی

ایک بڑا لائق ڈاکٹر ہوا ہے۔ جس کی معلومات سے یہ علاج دو بارہ درج ذیل ہے۔

اول پانچ رنگ کی بوتلیں لیں۔ ان میں برساتی پانی یا کسی چشمہ کا ہلکا پانی بھر دو۔ نصف بوتل خالی رکھیں اور مضبوط کاک لگائیں۔ پھر کسی میز پر جہاں خوب دھوپ لگے کم از کم ۴ گھنٹہ کے بعد اٹھا کر رکھ لیں۔

سفید بوتل کا پانی زخم دھونے نیز ہر قسم زہریلے دنبل آتشک سوزاک قرحہ ہائے چند یوم دھونے سے آرام ہوگا۔ بواسیر کے مسّے ۴ دفعہ دن میں دھوئیں آرام ہو۔ دیوانے کُتے کا زخم ایک دن میں کئی بار دھونے سے فائدہ ہوگا۔ اگر کانٹا وسے پاؤں متورم ہوں تو ایک ہی بار دھونے سے فائدہ ہوگا۔ سبز یا نیلگون بوتل کا پانی آشوب چشم کے واسطے مفید ہے۔ پینا اور آنکھ میں چھینٹے لگانا دیگر گرمی کے دست ہوں تو اس پانی کے پینے سے آرام ہوگا۔

قولنج یا درد پیٹ ہو تو بوتل گرم پانی کی بھر کر سینک کریں آرام ہوگا۔ درد گردہ و پیشاب کی جلن دور ہوگی۔

زرد بوتل کا پانی تپ دق و محرقہ اور ہر قسم کی درد سر کو اکسیر ہے۔ دن میں کئی ہا ۴ تولہ پانی استعمال کریں ضرور فائدہ ہوگا۔

سُرخ رنگ کی بوتل کا پانی سرسام۔ جنون۔ مرگی یا مالیخولیا ہر قسم ضعف دماغ کے لئے مفید ہے ۵ تولہ پانی صبح شام استعمال کریں۔

دیگر زرد و سُرخ رنگ کی بوتل کا پانی ملا کر جذام آتشک سُرخ بادہ اور خارش ہر قسم کیونکہ مصفی خون ہے صبح شام استعمال کریں آرام ہوگا۔

بڑی مدت مدید کے مطالعہ کے بعد رفاہ عام کی کمزوری کے باعث یہ علاج مفت کے مندرج کر دیئے ہیں فائدہ اٹھائیں اور خادم کو دعائے خیر سے یاد کریں۔

خاصیّت بکرا

بکرے کی داڑھی کا بال چوتھہ بخار والے کے بازو پر باندھنے سے آرام ہو گا۔

خاصیت ہاتھی

اس کی ہڈی مرگی والے کے بازو پر باندھیں تو دورہ دور ہو دیگر دانت کا دھواں درخت کو دیں تو اس کے کرم دور ہوں۔

بخار والے کے گلے میں ہڈی لٹکا دیں تو بخار جاتا رہے۔

خاصیت گھوڑا

اگر دانت بروز منگلوار بچے کے گلے میں باندھیں تو دانت آسانی سے نکلیں اگر انسان سوتا ہوا دانت پیستا ہو تو سوتے وقت گھوڑے کا دانت سرہانے رکھیں تو پیسنے سے باز رہیگا۔

اسکی لید کا دھوآں بچہ جننے وقت عورت کو دیں تاکہ تکلیف رفع ہو۔

بارہ سنگھا

درد پر رگڑ کر لیپ کریں آرام ہو اور اسکی خاک دانتوں پر ملیں درد کافور ہو۔

برائے دفعہ احتلام

سوتے وقت سورہ یٰسین ایک بار پڑھ کر سو جاویں تو خواب میں ناپاکی سے آرام رہے +

برائے بند پیشاب

چوہے کی مینگن لے کر گرم کر کے ناف کے نیچے لیپ کو بن آرام ہو گا۔

برائے برص

جس کے بدن پر سفید داغ ہوں تو نوشادر اور لہسن ہموزن باہم ملا کر پیس کر داغوں پر ملیں آرام ہو۔

خاصیت چھلکا خربوزہ

اگر سوکا کر پیس کر پانی ملا کر داد پر لگائیں آرام ہو اگر کوئی چیز گلتی نہ ہو تو چٹکی ڈالدیں گل جاوے گی۔

سردی یا ویسے پاؤں کی بوائی پھٹنے کا علاج

مولی کے ٹکڑے کر کے پانی میں پکائیں جب گل جاویں تو نصف وزن موم سفید ڈال کر آگ پر ہی ملائیں اور مرہم کو ڈبیہ میں رکھیں وقت ضرورت بوائی میں بھر دیں آرام ہو گا۔ دیگر پاؤں میں اگر جوتی سے بھوری ہو تو کاٹ کر دودھ انجیر کا لیں کبھی نہ ہو گی۔

درد داڑھ

جس جانب درد ہو دوسری طرف ہاتھ کی سنی انگلی پر پیس کر لگائیں آرام ہو۔

چہرے کے کیل مہاسے

ہوں تو چھوارہ کی گٹھلی سرکہ میں کھرل کر کے لگائیں آرام ہو گا

جوہر لوبان

لوبان کوڑیہ ۵ تولے لے کر پیالہ میں رکھ کر گل حکمت کریں۔ نیچے صرف موم بتی بڑی جلائیں اوپر والے پیالہ میں جوہر ہوگا۔ اتار کر شیشی میں رکھیں ایک رتی جوہر شہد میں ملاکر کھلائیں بھوک خوب لگے اور قوت باہ کے لئے اکسیر ہے اور یہی جوہر روغن مالکنگنی میں ملاکر عضو پر ملیں ناطاقتی دور ہو۔

نسخہ طلا نامردی کے لئے

تیل مالکنگنی ۳ تولہ آگ پر رکھیں اور ۲ ماشہ شنگرف تین ماشہ جمالگوٹہ چھلکر پتہ نکال کر چار ماشہ خراتین نہایت باریک کرکے ہر سہ ادویہ ملاکر رکھیں اور عضو پر مالش کریں نیچے نہ لگے اوپر پان باندھیں خوب طاقت ہوگی۔

کشتہ پارہ قایم کرنا

چوب چینی ریوند چینی ہر یک ۴ تولہ باریک کرکے کڑاہی میں نصف ڈالیں اس گڑھا بناکر ۲ تولہ پارہ صاف کرکے رکھیں پھر نصف سفوف ڈالیں نیچے آگ جلائیں جب سفوف راکھ ہو جاوے تو ٹھنڈا کرکے دھولیں پارہ قائم انتہائی کشتہ ہوگا کام میں لائیں۔

بچہ کی پیدائش کے بعد پرسوت کا بخار نہایت خوف دیتا ہے

پرسوت کا بخار۔ زخم رحم دھونے کے لئے مکوی سبز پتی سیر بھر پوست کوکنار ۶ ماشہ تخم حرمل ۲ تولہ تین سیر پانی میں پکائیں جب نصف رہے اتار کر چھان کر نیم گرم سے زخم دھوئیں دن میں دو دفعہ۔

دیگر: - انگریزی دوائی سپرٹ ایونیا ایروٹینگ ۳۰ بوند۔ ٹنکچر دبجی ۵ بوند ٹنکچر مسک کستوری ۱۰ بوند۔ سپرٹ وائنی گیپی سائی ۲ ڈرام۔ ایکوا ایک اونس یہ لنسخہ مقوی اور محرک ہے۔

کشتہ شنگرف

شنگرف کی ڈلی آک کی جڑ میں کھول کر کے رکھیں اور کپرو ٹی کر کے آگ دیں کشتہ ضرور ہوگا۔

کشتہ کی پہچان

خام ہوگا تو آگ پر ڈالنے سے فوراً اُڑ جاوے گا دیگر خام دھات کا پانی میں ڈوب جاویگا۔ اگر آگ پر نہ اُڑے تو درست ہے۔ دیگر پانی میں نہ ڈوبے تو درست ہے۔

مقوی ومُمسک درجہ اوّل

کم خرچ بے ضرر۔ پانی شلغم ۵ سیر نکال کر ستاور ۵ تولہ ثعلب مصری ۵ تولہ باریک کر کے قند سفید پاؤ بھر ڈالکر اقوام بطور معجون بناویں ۵ تولہ صبح کو کھاویں۔ شلغم کے نگدہ میں شنگرف کشتہ ہوجاتا ہے۔ اس کا حلوا دمہ والے کو مفید ہے۔ شلغم ابال کر گھی میں لال کریں اور سوجی کھانڈ ڈال کر حلوا بنائیں۔

کھانا کھاتے وقت اکثر ناک سے پانی اترآتا ہے۔ جنکو یہ شکایت ہو وہ معجون صبح فلنجنوش ۲ رتی استعمال کیا کریں آرام ہوگا۔

تپ دق وسل

نسخہ کشتہ ابرک سیاہ۔ کشتہ مرجان دست گلوہموزن لے کر ماشہ ہمراہ شربت

بنفشہ و عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ہمراہ صبح کو دیں نافع ہے۔

امراض ذات الجنب ذات الریہ مجرب نسخہ

اسبغول ۱۰ تولہ پانی میں بھگو دیں لعاب نکالکر مصری ڈالکر پلائیں اور مقام درد پر اسی اسبغول کا ضماد کریں فوراً آرام ہوگا۔

لعوق ذات الجنب سوداوی و بلغمی کیلئے

مغز بادام۔ مغز چلغوزہ۔ مغز پستہ انجیر زوفا خشک سب ادویہ برابر وزن کوٹ کر شربت زوفا و شربت لسوڑیاں میں ملاکر ۲ تولہ چٹنی چاٹا کریں۔

مجلوق و نامرد کیلئے بینظیر تیل کا نسخہ

بھلاوہ ۲ تولہ۔ ناریل ۱۰ تولہ۔ مال کنگنی ۵ تولہ۔ پیپلا مول و لونگ اندر جو ایک ایک تولہ ترکیب۔ بھلاوہ کڑاہی میں بھون لیں۔ بعد تمام دوائیاں کوٹ کر ۴ سیر پانی میں ۶ گھنٹہ پکائیں آنچ نرم رہے جب نصف رہے ٹھنڈا کریں اوپر کا تر واہ تیل پیالی میں رکھیں۔ صرف عضو پر لگاکر پان باندھیں کمال فائدہ ہوگا۔ اکسیر ہے۔

دیگر نامردی کا فی الفور انگریزی نسخہ

الیوریسینی لیپی سائی ایک رتی۔ اولیو سنیا پیس ۲ بوند۔ پٹرول ۲ ڈرام صرف ایک بوند عضو کی جڑ پر لگائیں فوراً گرمی اثر کرے گی۔

ٹھنڈی ہوا کے باعث

نزلہ زکام ہو تو درد سر وغیرہ عرق پودینہ میں لوہا بجھا کر اور معمولی نمک حل کر کے پلائیں

آنکھ کا پھولا کٹ جاوے

بنولہ کا تیل وکف دریا کر سلائی سے رات کو لگائیں ۔ ۴۰ یوم بعد آرام ہو گا ۔

ابتدائی موتیا بند کے لئے

نرملی شہد میں گھس کر لگائیں بعد ایک ماہ کے فائدہ ہو گا ۔

کرم خوردہ دانت میں

گندھک کو سرکہ میں کر کے روئی بھگو کر دانت میں دیں درد کو آرام ہو گا ۔

قے ہر قسم بند ہو

دھنیاں اجوائن ۔ نمک فی ۳ ماشہ رگڑ کر پانی ملا کر چھان کر پلائیں آرام ہو گا

حیض اگر بند نہ ہوتا ہو

تو رک جاوے یا بند ہو انار کے پتوں کا پانی نکال کر خبطیا نہ پیش کر پاؤں کی تلیوں پر لیپ کریں فوراً آرام ہو گا ۔

احتلام یعنی رات کی ناپاکی

بھینس کے تازہ دودھ میں شہد حل کر کے ۹ ماشہ کا ہو پھانک لیں اوپر سے دودھ پئیں صبح تا ایک ہفتہ

نمونیا یعنی درد پسلی

ضماد بے ضرر۔ ۲ تولہ زعفران ۲ ماشہ افیون۔ ۲ رتی مرغی کے انڈے کی زردی میں کھرل کرکے لیپ کریں۔ دیگر پینے کو چائے کی پتی ۴ ماشہ ارنڈ کی جڑ کا پوست ادرک کا پانی ۲ تولہ قند سیاہ ۴ تولہ چائے کی طرح پکا کر پلائیں فوراً آرام ہوگا

دانت انسان کی زیبائش ہے

اگر قائم رکھنا ہے تو زیادہ گرم چیز مت کھاؤ اور اوپر سے ٹھنڈا پانی مت پیو۔ مثلاً تیز گرم چائے اور دودھ کھانا وغیرہ۔ اور سوتے وقت ضرور منجن کرینی چاہیے تاکہ ہمہ قسم کا اناج صاف ہو جاوے۔

بچوں کی تمام امراض کے لئے

ہلیلہ زرد۔ پودینہ خشک نترودی سفید تینوں ہموزن باریک کرکے شیشی میں رکھیں جتنے برس کا بچہ ہو اُتنے ماشہ پھکی دودھ میں حل کرکے بچہ کو دیں بخار کھانسی دم وغیرہ کے لئے زود اثر ہے۔

پلیگ کی گلٹی کا علاج

کاربالک ایسڈ نصف حصہ کافور ایک حصہ دونوں اشیاء شیشی سٹاپر میں ڈالکر رکھیں روئی گلٹی پر لگائیں سینک دیں گلٹی بیٹھ جاوے گی اسکی دو بوند عرق بید مشک شربت صندل میں ڈالدیں یقینی فائدہ ہوگا۔

طحال کی پھکی ۴ سوہاگہ کھیل ایکنزلہ رائی ۲ تولہ پیسکر رکھیں ۳ ماشہ ہر روز ٹھنڈے پانی سے دیں

کشتہ عقیق مقوی دل جگر دماغ باہ دافع جریان احتلام

خوراک ایک رتی سے ۳ رتی ۲ رتی تک ہمراہ مکھن یا کتیرا کے لفعف سفوف میں ملا کر کھائیں۔

پاؤ بھر بھنگرے کی لکڑی میں ۲ تولہ عقیق کو رکھ کر گل حکمت کریں من بھرا وپلوں کی آگ دیں بہت عمدہ کشتہ ہوگا۔

چہرے پر تھم کے لئے

تخم مولی حسن یوسف سرکہ انگوری میں حل کرکے لیپ کریں دو گھنٹہ بعد دھوئیں

گھی کی بو صاف کرنا

نارنگیوں کے چھلکے بڑی الائچی ڈالکر پکائیں اور چھان کر رکھیں بہتر ہوگا۔

یرقان صفرا کنول باد کیلئے خارش پھنسیاں وغیرہ

سلفیٹ آف میگنشیا ایک ڈرام دن میں دو مرتبہ ایک ہفتہ دیں

بستر کے کھٹمل دور ہوں

مشک کافور چارپائی پر رکھیں یہ موذی دور ہوں گے۔

سوزاک کیلئے

بالسم کوپیا ۳۰ بوند مصری یا پتاشہ میں ڈالکر اوپر سے دودھ پی لیں۔

نسخہ بواسیر

ہیزبین ۳۰ بوند نکس وامیکا ۵ بوند پانی آدھ چھٹانک ایک وقت صبح کو دیں۔

ممبہی مشتی مقوی ملذذ ممسک

ستاور ثعلب ثنقاقل موصلی سفید و سیاہ گوند سنگ جراحت مصطگی تخم تمرہندی سبوس اسبغول دانہ الائچی خورد طباشیر فی یک تولہ کوٹ کر شہد یا مصری ملاکر رکھیں ۶ ماشہ کھائیں کمال لطف اٹھائیں

ویدک معجون

فوائد باہ کو تقویت سرعت رقت مفرح ممبہی ممسک جماع کی خواہش تیز کرے اور بدن کو طاقت دیوے۔ بڈھا جوان جوان نوجوان ہوجاوے۔

مغز بنولہ۔ مغز خربوزہ چرونجی کنجد خشخاس موصلی سفید موصلی سیاہ ستاور اسگندھ سنگھاڑے کا آٹا املی کے بیج فی یک تولہ۔ تخم گاجر۔ تخم پیاز تخم شلغم تخم مولی بہو پھلی تالمکھانا بریاں سمندر سوکھ میدہ لکڑی فی ۹ ماشہ خولنجاں حنا گوند ناگرموتھہ تج تخم کونچ گوکھرو خورد اندر جو شیریں ببول کی پھلی مغز کنول گھنٹہ گل دھاوا گوند سنبھل گوند بیج بند موچرس فی ۶ ماشہ۔ سپند گجراتی بریاں تخم روٹنگن عاقرقرحا سونٹھ پیپل اجوائن فی ۳ ماشہ کوٹ کر قند میں اقوام کریں اگر کل مغزیات فی یک تولہ شامل کریں تو بہتر ہوگا اور شہد پاؤ بھر خوراک ایک تولہ ہمراہ دودھ صبح یا رات کو یا ویسے ہی کھا لیا کریں۔

نسخہ طلائین روزہ: شنگرف ایک ماشہ زہر مہرہ ایک ماشہ مغز جمالگوٹہ ۳ ماشہ

موم سفید ۴ ماشہ ان سب کو کوٹ کر گھی ۵ تولہ آگ پر رکھ کر مخلوط کریں ایک تی پان پر لگا کر عضو پر رات کو باندھیں سرد پانی سے پرہیز کریں۔ کھٹائی سے پرہیز کریں اور غذا مقوی کھائیں۔

عود غرقی

معدہ جگر اقوائے دماغی انتڑیوں کو قوت دیتی ہے ریاح کو تحصیل کرتی باہ پیدا کرتی خفقان کو دور کرتی۔ معتدل درجہ گرم خشک ہے اول جو پانی میں ڈوب جاوے۔

اسطوخودوس

تمام اعضائے کو قوت دیتا ہے۔ ۳ ماشہ مربہ ہلیلہ و شہد میں کھانا کمال نافع کی اشیاء ہے آنکھ دل۔ دماغ۔ مصفی روح تلی۔ چوٹ رعشہ غم کو دور کرتا ہے۔ وسواس سوداوی کو کم کرے۔

ضعف معدہ کے نقص

اگر متعفن معدہ میں جمع ہو تو جی متلانا ابکائیاں آئیں گی پاخانہ سے بو منہ سے بو کھانا کم ہضم ہوگا۔ پیٹ میں گرانی طبیعت بھاری۔ علاج جوارش جالینوس استعمال کریں ۳ ماشہ سے ۶ ماشہ تک صبح کو ہمراہ عرق سونف کے

امساک کیلئے :۔ زیرہ سیاہ ۶ ماشہ پانی سے ایک گھنٹہ پیشتر پھانک لیں بعد مشغول ہوں

منجن دانتوں کے امراض کیلئے

کوئلہ کیکر ناگر موتھہ چھالیا مصطگی پھٹکری کف دریا عقر قرحا الائچی کا چھلکا۔ مرچ سیاہ

پیس کر دانتوں پر ملیں اور کلیاں کریں۔

نامردی کے مجرب سے مجرب علاج

پوست بیخ کہر سفید ۵ تولہ۔ گھونگچی سفید ۵ تولہ لودہ پٹھانی ۵ تولہ الکنگنی ۵ تولہ ہینگ ایک تولہ جمال گوٹہ ایک تولہ کوٹ کر دودھ آٹھ سیر میں پکائیں جب خوب پک جائے دہی جما کر صبح کو مکھن نکال لیں ایک رتی پان پر لگا کر عضو پر باندھیں اور ایک پان پر لگا کر کھائیں رات کو کمال فائدہ ہوگا

جلاب ہر بشر کیلئے بے ضرر

دال نخود آٹھ دن ڈنڈا تھوہر کے دودھ میں تر کریں بعد باریک کر کے گولی دانہ مونگ کے برابر بنا دیں اور کام میں لاویں۔

مجرب باہ و اشتہا

ایہ شتر اعرابی ۱ ماشہ۔ ستاور ۲ ماشہ بہمن ۴ ماشہ۔ شہد ۲ تولہ ملا کر سوتے وقت ایک دو ماشہ کھائیں عجیب چیز ہے۔

دیگر۔ ست لوبان ۲ رتی زعفران ۲ رتی جاوتر ۲ رتی مویز منقی ۲ دانہ ملا کر گولی چنے برابر رات کو کھائیں۔

ضعف باہ کیلئے

تودری سرخ ۹ ماشہ ہمراہ دودھ شہد ملا کر کھائیں ۴۰ روز میں دفعہ ہو جا نمرد ہو گا۔

ذات الجنب کی واحد دوا

جائے درد پر مالش روغن بابونہ نیز زوفا ۱½ تولہ آدھ سیر پانی میں پکا کر شہد حل کر کے پلائیں۔

آنکھوں کی تقویت کے لئے قدرتی علاج

جو اشخاص پڑھائی کا کام زیادہ کریں صرف آدھ گھنٹہ سبزی کو دیکھیں باغ وغیرہ

بال عمر بھر نہ پیدا ہوں

جونک خشک جلا کر نیز سرکا میں ملا کر لیپ کریں اوّل بال موچنے سے نکال لیں چند بار کے عمل سے عمر بھر کی رخصت ہو گی۔

چہرے کے سیاہ داغ دور کرنا

مولی کے بیج شہد میں رگڑ کر لیپ کریں صبح گرم پانی سے دھوئیں سیاہی دور ہو گی۔

اگر حلق کے اندر مکھی چلی جاوے

تو فوراً منہ اور ناک سے دم روک لیں فوراً باہر آجاوے گی۔

کھانے کے بعد پیشاب کرنا

درد گردہ سے بچنا اور قوت مردمی کو قائم رکھنا ہے۔

ٹھنڈی ہوا یا موسم سردی

کے باعث گرمی انسان کے اندر رہ کر معدے کو قوت دیکر ہاضمہ کو تیز کرتی ہے بھوک لگاتی اور غذا ہضم کرتی ہے۔

بذریعہ مضرات شراب و انڈے کا نقصان

دماغ دل معدہ و جگر کے لئے مضر ہے اور انڈا پتھری پیدا کرتا ہے۔ اور جگر کو بے کار کرتا ہے۔

ہرنیہ یعنی فتق کا لاعلاج ہے

گر جس فوتے کی جانب ہے، اس کی دوسری طرف کان کی لوئیں میں چھید کرادے تو مرض دفعہ ہوگا۔

حیض کا خون اگر بند نہ ہوتا ہو

تو خبطیانہ یعنی با کھاں بیدا اور پھٹکری سُرخ بیدانہ کے لعاب میں ملا کر بطور مہندی کے ہاتھوں پر لگائیں رک جاویگا جب تک رنگ رہے بند رہے گا

خشک و تر کھانسی کیلئے

چرائیتہ کے پھول نم دے کر بطور حقہ کے پئیں آرام ہوگا۔

بال صفا کرنیکا تیل لکھ بیریم سلفائیڈ ۳ تولہ نوشادر سوہاگہ پھٹکری بریاں ۶ ماشہ آدھ سیر پانی گرم کر کے سب اشیاء ڈال کر ایک گھنٹہ

گلاس ڈھانپ کر رکھیں بعد چھانکر شیشیوں میں بھر لیں روئی ترک کے بالوں پر لگائیں
چند منٹ میں بال صاف ہو جاوینگے۔

پرسوت کے بخار کے لئے گولیاں

چرائتہ تلخ کے پھول یک تولہ زعفران ۶ ماشہ پاپیتہ ۶ ماشہ زلی ۶ ماشہ افسنتین ۲ تولہ
باریک کرکے مکو کے پانی میں گولیاں بنائیں ۳ ماشہ گرم پانی سے دیں آرام ہوگا

پستان گول اور خوردتا عمر رہیں

۲۰ برس میں چمگادڑ کا خون تین چار دن رات کو لگائیں۔ تمام عمر ویسے رہیں گے

چرے یعنی کرامعا

بائے بڑنگ پوست ہلیلہ زرد نمک سونچر ہر سہ ہموزن سفوف کرکے
ایک ماشہ پانی میں گھول کر دیں۔

خارش اندام نہانی

گلاب میں کافور گھس کر کپڑا تر کرکے فرج میں رکھیں ایکٹریکٹ بیلاڈونا ½ گرین کافور
نصف گرین گولی بنا کر صبح شام ایک ایک گولی پانی سے دیں۔

بخار ملیریا یا موسمی

چار کی پتی ۳ ماشہ بنفشہ ۶ ماشہ دانہ الائچی یک ماشہ تخم کاسنی ۵ ماشہ پوست
۲ ماشہ جوکوب کرکے پانی میں پکا کر مصری ملا کر آہستہ آہستہ پلائیں۔

مرگی

پوست بیخ چیتہ بیج ہر ایک چار ماشہ سفوف کر کے ہر روز عرق گاؤزبان سے دیں

بے حس جذام

اس مرض میں پرہیز صفائی پوشاک اور عرق مصفیٰ خون استعمال کریں

جذام یعنے کوڑھ

نخود کی خام دال جوکوب کر کے آٹھ دن تھوہر کے دودھ میں تر کریں بعد میں سایہ میں خشک کریں پیس کر ۲ ماشہ رات کو سوتے وقت پانی سے کھلائیں یا تین ہفتہ۔

ذیابیطس

کشتہ مونگا ۲ ماشہ۔ کشتہ چاندی ۲ رتی دہی میں ملا کر چاٹ لیا کریں۔ غذا سبزی بھاجی وغیرہ۔

ہنجیر کا علاج

اونٹ کی ہڈی گھس کر ہنجیر پر طلا کریں بڑ کا چھال کا جوکوب کر کے ۹ ماشہ رات کو پانی میں بھگو دیں صبح جوش کر کے ۲ تولہ شہد حل کر کے چھانکر پلائیں۔

جس کو خوشبو نہ آئے

نسوار کئی دفعہ لیں دماغ صاف ہو جاوے گا۔ نسوار عام۔

نسخہ مجرب چھپاکی

پودینہ خشک رگڑ کر مصری ملا کر پلائیں یا شہد فوراً آرام ہوگا۔

رفع قبض کیلئے

کہتے ہیں صبح نہار شکم۔ باسی پانی سے قبض رفع ہوتی ہے۔ مگر سستی ضعف باہ ہو جاتا ہے۔ مگر شہد حل کرکے پئیں تو نقصان نہ ہوگا اور اکثر ہوگا۔

چہرہ صاف کرنے کا عرق

ہائیڈروکلورک ایسڈ نصف ڈرام آب مقطرہ اونس اسپرٹ اوف کمپونڈر نصف اونس ہر روز ملا کر منہ صاف کیا کریں۔

جذامی (کوڑھی) کے لئے

خنزیر کا گوشت سوکھا ہوا اوسکے نصف وزن کستوری ملا کر ہر روز مکھن ۳ تولہ میں بوقت صبح کوڑھی کو نصف رتی ہمہ چاول مکھن میں ۴۰ یوم دیں آرام ہوگا

خواص بطخ

تیل میں ایک ہڈی جلائیں درد پر مالش کریں آرام ہوگا۔ اگر اسکی چربی ملیں چہرہ ملائم خوبصورت نکل آئیگا۔

باز کے خواص:۔ اس کا پتہ موتیا بند کا مریض بطور سرمہ آنکھ میں لگائے

شفا پائے آئیندہ کو محفوظ رہے دیگر لقوہ کا بیمار پتہ ناک میں ٹپکانے سے شفا پائے

اُلّو

اس کا خون لقوہ والے کے چہرہ پر ملیں تو آرام ہو جاوے۔

کوّا

اس کے انڈے کی سفیدی ناسور و ہر قسم کے زخم کو اچھا کرتی ہے۔

خواص

آبنوس کی لکڑی سیاہ جلانے سے خوشبو آوے عمدہ ہے۔ حکیم بقراط لکھتے ہیں اس کی لکڑی عرق سولف میں گھس کر آنکھ میں لگائیں تو سفیدی دھند جالا شرطیہ دور ہوتا ہے۔

اس کی لکڑی کا سفوف ۹ ماشہ گردہ پتھری والے کو دیں پتھری ریزہ ریزہ ہو کر بذریعہ پیشاب نکل جاتی ہے اور نفخ شکم کو مفید ہے۔

اترج ہندی بجورا

اس کا پوست کپڑوں میں رکھیں تو کیڑا نہیں لگتا ہے۔ اگر پوست کی خاکستر بنا کر چھانیں اور داد پر سرکہ ملا کر لیپ کریں نشان تک نہ رہے۔ اس کے پوست کا دھواں مکان میں دیں وبائی طاعون سے محفوظ رہے۔

برائے ناسور۔ بارود یک تولہ روغن کنجد ۲½ تولہ ملا کر حل کریں اور ناسور پر لگائیں اندر گہرا ہو تو ذرا اوپر سے دوا اندر ڈال دیں آرام ہوگا۔

انجیر

اس کے پوست کے دھواں سے عارضہ فتق دور ہوتا ہے۔

سرو

اس کے پتوں کی دھونی سے مچھر بھاگ جاتے ہیں

زیتون

کا روغن کھائیں تو نامردی ہر قسم دور ہو دلیری پیدا ہوا۔ بلغمی کھانسی درد سر پھیپھڑوں کو بھی مفید ہے۔
بقول بلیناس۔ پتھر حجر ہرلیون ارسطو و شیخ الرئیس وغیرہ کی صفت یہ پتھر چاندی یا سونے کی کان سے ملتا ہے۔ رنگ اسکا زرد یا سرخ یا سبز ہوتا ہے۔ اگر اس کا رنگ انگشتری میں لگا کر پہنیں تو بواسیر جاتی ہے۔ اگر ایک ماشہ پیس کر پارہ کے کشتہ میں ملا کر تانبہ پر ڈالیں تو خالص چاندی بن جاویگی۔

بھڑ بچھو کاٹے کا علاج

فوراً نوشادر سرکہ نمک پھٹکری حل کر کے لیپ کریں اور شہد کھائیں آرام ہوگا

کشتہ سنکھیا

شرطیہ امراض دمہ نامردی ڈلی سنکھیا ایک تولہ لے کر تین دن مولی کے پانی میں کھرل کریں اور گولی بنا کر ڈنڈا تھوہر میں رکھ کر گل حکمت کریں اور ۵ سیر اوپلہ

کی آگ دیں کشتہ ہوگا۔

پارہ قائم النار

پارہ ایک تولہ ادرک کے رس میں ایک دن کھرل کریں اور گولی باندھیں اور سفوف چوب چینی ریوند چینی ۱۰ تولہ کرکے نصف نیچے نصف اوپر رکھیں اور جلادیں جب جل جاوے کشتہ رکھیں استعمال میں لاویں۔

قول جالینوس

گھوڑا

اس کا دانت اگر شیر خوار بچے کے گلے میں ڈالیں تو دانت بلا تکلیف نکلیں۔ اگر گھوڑے کی دُم کا بال دروازہ میں تان دیں تو مچھر اندر نہ آویں اس کے سم کا دھواں عورت کی اندام نہانی میں دیں تو بچہ مردہ زندہ فوراً شکم سے باہر آوے سرکش کا سم اگر مکان میں دفن کریں تو چوہے بھاگ جاویں اگر اس کا پشینہ چند بار بال صاف کرکے لگائیں تو پھر بال پیدا نہ ہونگے۔

بقول بوعلی

اونٹ

اگر اس کا پیشاب سوکھا کر ناسور میں بھریں تو اندمال ہوگا۔

حکیم بلیناس۔

ہاتھی

اگر اس کے دماغ کی ہڈی مرگی والے کی گردن میں باندھیں دورہ جاتا رہیگا اس کا پیشاب جس مکان کے اندر چھڑکیں چوہے بھاگ جاویں اس کی لید کا دھواں تپ کو دور کرتا ہے۔

بقول بقراط حکیم

برگ سبز کریلہ

باریک پیسکر پانی بقدر ۱۰ تولہ رگڑیں اس کا چہارم وزن خولنجان کا سفوف ملا ئیں جماع سے پیشتر ایک گھنٹہ دودھ سے تولہ بھر کھلائیں باہ اور مسک اسقدر ہووے کہ حیران ہو جاؤ گے اور بے ضرر۔

برگ سبز دھنیا

پتہ ۹ ماشہ اجوائن ۴ ماشہ نمک دیسی ۲ ماشہ باریک پیس کر پانی میں پکائیں۔ قے ہر قسم دست ہیضہ کے لئے تیر بہدف ہے۔

برگ سبز ہولی

شرابی کا جگر جل گیا ہو تو ایک تولہ سبز پتے رگڑ کر مصری ملا کر صبح شام پلائیں آرام ہو ایک ہفتہ تک۔

برگ سبز بوہڑ

پانچ تولہ جو کوب کر کے تین سیر پانی ڈالکر پکائیں۔ جب نصف رہے ٹھنڈا کر کے شہد ملا کر روز صبح پئیں ہر قسم جریان۔ احتلام اور ضعف باہ دور ہو گا ایک ماہ ایسا کرنے سے بوڑھا بھی زندگی حاصل کر سکتا ہے۔

برگ سبز بانس

۲ تولہ باریک کر کے پانی میں رگڑ کر ۲ تولہ شہد حل کر کے پئیں تین ہفتہ تک دمہ

ضیق النفس ۲۰ برس کا جاتا رہے گا۔

کشتہ ہڑتال

ایک تولہ کی ڈلی لیکر مٹی کے برتن میں رکھکر اوپر پھٹکری سُرخ ۸ تولہ ریزہ ریزہ کر کے نصف اوپر نصف نیچے ڈالیں گل حکمت کر کے ۱۰ اسیر اوپلہ کی آگ دیں کشتہ ہو گا۔

طلا سخت کنندہ

خراطین خشک ۱۰ ماشہ جوز بوا پیس کر روغن گاؤ میں بریاں کریں بوقت شغل روغن آلت کے اندر باہر مل کر مشغول ہوں۔

بخار کیلئے مجرب

ہر قسم اور چڑھے ہوئے پر بیشک دیں آرام ہو گا۔ لیکن محنت ہے۔ دیسی اجوائن کے چاول نکالکر تین دن طاقتور آدمی رگڑیں یہ چاول کشتہ ہو جاویں گے شیشی میں رکھیں جب ضرورت ہو نصف رتی جوان آدمی کو گرم پانی سے دیں آرام ہو گا۔

شربت بنفشہ خالص

سود مند زکام و نزلہ و کھانسی، تپ، خناق وغیرہ کے لئے مفید ہے۔

پستان گول رکھنا بینگن زرد رنگ کالے کر شگاف دیکر سایہ میں خشک کریں اور بطخ کی چربی میں مخلوط کر لیں نابالغ لڑکی

چھاتیوں پر طلا کرے چند یوم نہ بڑے ہونگے نہ لٹکیں گے کھانا مضر ہے

طرفون یعنی عقر قرعا کے پتے

اس کے پتے چبائیں تو کونین کا کڑوا پن جاتا رہے گا اگر پتے رگڑ کر بدن پر ملیں تو بخار فوراً اتر جاوے گا اور پسینہ خوب آوے گا۔

کدّو کی صفت

اس کے پودے پر مکھی نہیں بیٹھتی - سرد تر ہے اور بخار کھانسی میں اسکی بھاجی مفید ہے۔ اگر اس کے پتے پاس رکھیں تو مکھی نہ آوے گی۔

کشتہ کھانے سے نقصان ہونا

کتنی مدت سے کسی نے کشتہ کھایا ہو سبز مکو کا پانی ایک تولہ برگ تلسی کا پانی ایک تولہ ملا کر پئیں خراب کشتہ خواہ کسی چیز کا ہو پیشاب کے راستہ نکل جاوے گا۔

ترکیب شربت بزوری

برائے تپ کہنہ یرقان ضعف جگر کھانسی کو مفید ہے۔ تخم کاسنی - تخم خیارین پھول گلاب سولف ملٹھی - گاؤزبان باقی کل دوا ایک تولہ - پانی ایک بوتل - مصری تین تولہ اول ایک سیر پانی میں ادویہ بھگو کر جوش دیں پھر ملکر چھان لیں مصری ملا کر قوام کریں ٹھنڈا کر کے بوتل میں بھر لیں صبح کو حسب ضرورت پئیں تمام شربت اس طرح ہی تیار ہوتے ہیں۔

سوزاک کیلئے نشاستہ ۲ تولہ رات کو بھگودیں صبح نتارہ پی لیں آرام ہوگا تا

ایک ہفتہ
گل آرنڈ کا عرق نکال کر ½ تولہ نوش کریں رات میں کئی عورتوں کو خوش کریں۔

پپنیہ کی تعریف بیشمار ہے۔ انگریزی میں نام اگناکس ہے

کوئی امراض نہیں جسپر کام نہ آوے۔ مگر ایک دانہ لے کر سوراخ کر کے دھاگہ ڈالکر بازو پر باندھیں تو وبائی امراض کا اندیشہ نہیں رہتا ہے۔

شہد کے فوائد بیشمار ہیں

شہد خالص کی بتی بنا کر جلائیں یا روٹی پر لگا کر کتے کے آگے ڈالیں نہ کھاوے تو شہد خالص ہے۔

دانت

کے کل امراض جاتے ہیں پھٹکری پیس کر لیں شہد ملا کر دانت پر ملیں کلیاں کریں دیگر بھینس کے تازہ دودھ میں تین ہفتہ شہد حل کر کے پئیں قوت باہ خوب تیز ہو۔

اکثر حکیم لوگ راجوں کے علاج بغیر دوائی

کر دیا کرتے تھے۔ مگر تواریخ سے معلوم ہوا ہے۔ کہ بات درست ہے جسب توفیق لوگ اب بھی بغیر دوائی کے علاج کر سکتے ہیں حکیم سقراط بو علی وغیرہ کے تجربات بذریعہ راگ وغیرہ کے امراض دور کرنے کا علاج نازک امرا کے تفریح کے لئے لکھا جاتا ہے۔

علاج بذریعہ راگ

اوّل :- بھیرویں - سیر ملاگ رام گلی ہر موسم میں ۲ بجے رات سے صبح ۲½ بجے تک گانا سننا معمولی بخار تپ دق وسل ضعف جگر کے لئے مفید ہے

دوم :- مالکوس - ملہار سارنگ ہر موسم میں بشرح صدر ۴ بجے شام دماغی امراض و سرسام و جنون کے لئے -

سوم :- بسنت دھنا سری نسبت رُت موسم خزاں میں ہر وقت اکثر خونی امراض اور فالج و لقوہ وغیرہ کے لئے -

چہارم :- دیپک سخت جاڑے کے موسم میں ہر وقت سرسام و ذات الجنب دیگر مرطوب امراض کے لئے -

پنجم :- گندھاری موسم گرما میں صبح شام ہر قسم درد اعضاء کے لئے مفید ہے -

ششم :- بڑھن آساکو ہر موسم میں ۴ بجے صبح سے ۷ بجے تک گرم خشک امراض کے لئے مفید ہے - مگر سننا خوش الحان گویّہ سے - دیگر ملہار ہر وقت برسات میں گا سکتے ہیں دماغی امراض کے لئے مفید ہے - دیگر :- بیلیان برھاتی - بلاول - سارنگ قریباً ہر موسم میں ۳ بجے صبح سے ۸ بجے دن تک گانا سننا پریشانی اور تشویش کے لئے دل کی شانتی کے لئے مفید ہے -

بچوں کے لئے چورن

امراض کھانسی بلغم بدہضمی بخار قے وغیرہ کو دور کرتا ہے

نسخہ:۔ کاکڑا سنگی اتیس و پیپل برابر وزن ادویہ کو پیسکر شیشی میں رکھیں خوراک صرف ایک ماہ کے بچے کو صرف ایک رتی ۲ ماہ کے بچے کو ۲ رتی علیٰ ہذا القیاس

درد سر کسی قسم کا ہو مجرّب

کلونجی پانی میں پیس کر پیشانی پر لیپ کرنے سے آرام ہوگا

بلغمی کھانسی کیلئے

نسخہ مجرّب۔ پٹھکنڈا کو جلا کر خاک کریں خاک کو پانی میں ملا کر اس قدر پکائیں۔ کہ مرہم بن جاوے قدرے شہد ملا کر گولی چنے برابر بنائیں ایک گولی صبح گرم پانی سے اور ایک شام کو دیں۔

بخار ہر قسم

نیل کنٹھی کا سفوف کر کے گولی بقدر نخود بناویں ایک گولی گرم پانی سے دیں آرام ہوگا۔

آتشک کا فقری عطیہ

کالی گائے کا پیشاب بقدر ڈیڑھ پاؤ لاویں اور ان میں سے دو تولہ تین روز استعمال کریں بیج نبیاد سے جاتا رہے گا مریض کو نہ بتانا چاہیے اور نہ معاوضہ لینا چاہیے۔

نسخہ جلاب کا فقری

تخم ارنڈ۔ تخم جمالگوٹہ۔ سرسوں ہر ایک ہموزن باریک کر کے گولیاں بنا کر بذریعہ

تیار ہو جائے تو تیل نکالیں اور حفاظت میں شیشی میں رکھیں جب مسہل کا ارادہ ہو
تو ایک انگلی پر تیل مل لیں ایک دست آویگا اگر دو پر ملیں تو دو دست
آویں گے۔ علیٰ ہذالقیاس ایسا کریں اوننے دست آوینگے۔

کونین کا بدل بے ضرر فقیری عطیہ

سونف ۲ ماشہ اجوائین ۲ ماشہ کالی مرچ ۸ دانہ نمک عام ایک ماشہ رات کو
مٹی کے برتن میں تھوڑا پانی ڈالکر بھگو دیں صبح سردائی کی طرح سے اسی پانی
سے رگڑ کر پی لیں شام کو پھر تین دن میں بخار جڑ سے چلا جاوے گا۔ کشتہ ہڑتال
بھی بخار میں بجائے کونین نافع ہے۔

برائے چنبل عطیہ فقیری

تیل سرسوں آدھ سیر گرم کریں جب خوب گرم ہو جاوے ڈنڈا تھوہر ۱۳ انچہ
لمبا ڈنڈا تیل میں جلا دیں جب جل کر کوئلہ ہو جاوے نکال کر پھینک دیں یا
ویسے ہی رگڑ لیں اس تیل کو روز چنبل پر اچھی طرح سے لگاویں آرام ہو گا۔

معجون عطیہ فقیری بڈھا جوان ہو جائے

کم خرچ۔ تخم شلغم یک تولہ۔ عقرقرحا یک تولہ۔ تخم پیاز یک تولہ تخم گندنا
یک تولہ۔ خرول ½۲ ماشہ۔ پیپل ½۶ ماشہ۔ مرچ سیاہ ½۲ ماشہ۔ نارجیل
½۲ ماشہ۔ زعفران یک ماشہ۔ سیاہ دانہ ۴ ماشہ۔ پستہ ۴ ماشہ۔ شہد
یک پاؤ معجون بنا کر شام کو ایک تولہ یا صبح حسب مزاج تین دن میں نافع
ہو گا۔

فقیری عطیہ کان میں سے زندہ کیڑے نکالنے کا طریقہ

ایسے مریض کو اندھیرے کمرے میں لیجا کر بٹھاویں اور لیمپ جلا کر اُس کے کان کے نزدیک پکڑ رکھیں کیڑے خود بخود باہر آجاویں گے۔ بالکل مجرب ہے۔

منہ کا پھوڑا دانتوں کی خرابی کا باعث ہوتا ہے

دانت ہمیشہ صاف اور گاہے گاہے نمک ملا کر کلیاں کر لیا کریں

نسخہ فقیری

جو سر درد دائمی ہو اُس مریض کے پاؤں کی تلیوں میں کڑوے تیل کی مالش کریں

نسخہ فقیری

بخار چڑھے ہوئے میں دیں یا ویسے دیں تخم ستیاناسی ثابت دو ماشہ پلانے سے بخار جڑھ سے جاوے۔

نسخہ فقیری

اگر بھوک یعنی اشتہا کم لگے تو نوشادر یک رتی روٹی کھا کر کھائیں کھانا ہضم ہو بھوک لگے۔

اب چند نسخہ جات مستورات کے متعلق

لکھے جاتے ہیں جس سے حسن قائم رہے اور جوان تندرست رکھنا ہر انسان

کی خوش اسلوبی کا باعث مستورات ہے اور جن مستورات سے حکما نے
جماع سے پرہیز کرنا لکھا ہے۔ وہ باعث بیماری اور کمزوری کا ہے۔
بوڑھی عورت سے کم از کم ۵۰ سال سے جماع نہ کریں۔ باعث کمزوری
کا ہے نابالغ سے باعث کم عمری کا ہے حائضہ سے اور جو عرصہ دراز سے
جماع سے کنارہ کش ہو چکی ہو۔ بدصورت عورت سے پرہیز کریں۔
بدنما چہرہ خوبصورت کرنا بلا قیمت کے ایک برتن میں پانی خوب گرم کریں
اور اونچی جگہ رکھ لیں اور پاس کھڑے ہو کر آنکھوں پر پٹی باندھ لیں اور سر پر
کپڑا اوڑھ کر پانی کی بھاپ چہرہ کو لگے باہر نہ نکلے کم از ۸ منٹ تک بعد کسی
نرم کپڑے سے چہرہ کو خوب صاف کریں اور واسلین لگائیں تا صرف ۲
ہفتہ۔ اس سے چہرہ خوب گلزار سُرخ ہو جاوے گا۔ اور دھوپ کا اثر
بھی نہ ہوا کرے گا۔ اور زیادہ سردی بھی نہ اثر کریگی اور نہ سردی کے موسم
میں ہونٹ پھٹیں گے۔ دیگر غذا پر سب دار مدار ہے ہمیشہ سادی کم مصالحہ
والی اور زود ہضم اور خوش ذائقہ گا ہے گا ہے کوئی پھل وغیرہ بھی کھائیں
اور پھول سونگھنا تندرستی کا دارومدار معدے پر ہے۔ اور خون کی صفائی
پر۔ جب معدہ خوب صاف رہے اور کام اچھی طرح سے انجام دے تو
کوئی نقص واقعہ نہیں ہوتا۔ خون کی خرابی ہمیشہ معدے کے فساد
سے ہوتی ہے معدے کو صاف رکھنا ضروری ہے۔ یہ نسخہ خوش ذائقہ
اور نقائص سے بری ہے سیلفٹ آف سوڈا چار اونس۔ سلفر مگنیشیا ایک
اونس۔ کلورا یسڈ ایمونیم ½ اونس نائٹریٹ آف پوٹاش ½ اونس معمولی
نمک ایک اونس ان تمام ادویہ کو ملا کر شیشی میں رکھ لیں اور ماہ میں ایک مرتبہ
ایک تولہ کے قریب صبح کو ہمراہ پانی پھانک لیں اس کی مدد سے کوئی درد

جوڑ یا دیگر قسم بھی نہ ہوگا اور صحت قائم رہے گی۔

شباب کا محافظ خون ہے

جسم میں خون عظیم جزو ہے اس عرق سے خون صالح پیدا ہوتا ہے۔ نہایت عمدہ دوائی ہے عام ڈاکٹری دوکان سے مل سکتی ہے مگر عرق یہ نام ودا کا اکسٹریک آف کسکرا گاہے گاہے معمولی مقدار میں استعمال کرنا چاہئے۔

آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے

خرابی صحت کمزوری نقاہت بڑھ جاوے تو یہ حلقے سیاہ پڑ جاتے ہیں چہرہ بدصورت معلوم ہوتا ہے اس لوشن کو چند یوم لگائیں داغ دور ہونگے ٹینگ ایسڈ (Tainnicacid) ۲ گریں۔ گلسرین ایک اونس دونوں کو ملا کر روئی سے آنکھ کے نیچے لگائیں حلقے جاتے رہیں گے۔

نرگس چشم

آنکھوں کی چمک زینت ہے، بورکس ۱۰ گریں کمفر واٹر ایک اونس گاہے گاہے اونس ملا کر آنکھیں صاف کر لیا کریں نمائش سے بری اور چمک بنی رہے گی

چہرہ کا رنگ صاف کرنے کیلئے فیس کریم

سہ تاج۔ عمدہ سفید موم ایک اونس (spermaceti) نصف اونس آلو آئیل (روغن زیتون) ۳ اونس یہ سب ادویہ ملا کر نرم آنچ پر رکھیں جب یک ذات ملجاویں اوتار کر سرد کر کے چند قطرے خوشبو کے ملائیں شیشوں

میں بھر کر فروخت کرو جلد ملائم خشکی سے چہرہ بری اور چند روز میں چہرہ خوب نکھر آتا ہے۔

دیگر کریم

روز واٹر ہ اونس گلسرین ایک اونس ملاکر شیشی میں رکھ لیں اور ہاتھ پر ملکر چہرہ پر مالش کریں لوشن مسامات میں جذب ہو جاوے۔ تب ملائم کپڑے سے منہ صاف کریں رنگ بہت عمدہ ہو جاویگا۔

چھاتیاں سخت ہوں

سفوف پھٹکری ایک اونس۔ کافور ایک اونس۔ پوست انار ۳ اونس باریک کر کے سرکہ ملا کر پستان پر رات کو لیپ کریں ہفتہ میں چھاتی مثل کنواری کے ہونگے۔

پستان سخت کرنا

پھٹکری کو روغن زیتون میں ملا کر پستان پر ملیں ایک ہفتہ رات کو اور انکی حالت درست ہو گی۔

زلفِ شکن کی درازی زینت خوبصورتی ہے

عورت کا انحصار بالوں کی درازی پر ہے ایمونیا کے ڈھیلے پر تھوڑا پانی ڈالیں جب چونہ کی طرح پک کر سرد ہو جاوے تو بالوں کو خوب ملیں اور سرد پانی سے دھو ڈالیں بعد میں گلسرین نصف اونس انیں آٹھ گرین سلفیٹ آف کونین

ملائیں اس مرکب کو بوتل میں ڈالکر خوب ملائیں اور کوئی دل پسند خوشبو ملائیں اسکو صبح شام بالوں کی جڑوں میں ملیں بال دراز اور چمکدار ہونگے

بالوں کی خشکی جو بھوسی پیدا ہو جاتی ہے

اس کے لئے کولون واٹر ۲ اونس۔ ٹنکچر کنتھرائیڈس ½ ڈرام کیسٹر آئیل نصف ڈرام وقت ضرورت بالوں کی جڑوں میں ملیں اور سر گرم پانی سے دہوئیں

دانت سفید اور عمدہ مضبوط

ہر مرد عورت کی زینت ہے اور تندرستی کا ذریعہ ہے۔
گرم پانی میں بقدرے بورکس حل کریں اور چند قطرے ٹنکچر آف مر (Myrrh) ملائیں دانتوں پر ملیں کڑوا نہیں لگتا دانت مضبوط بد بو رفع ۔

دیگر

پیومائس اسٹون تھوڑا سا عمدہ سفوف لیکر داتن سے ملیں دانت صاف (Pumicestone) چمک دار اور میل صاف کرنے میں لاجواب کم خرچ ہے ۔

دہن سے خوشبو آوے گی

صاف پانی ۲۰ حصہ لیکوئیڈ کلوری نیاڈ سوڈا ایک حصہ گل تاریخ ملاکر صبح شام غرارہ کریں چند روزہ کے استعمال سے خوشبو آنے لگے گی۔

عرق کافور درد پیٹ وغیرہ کیلئے

ایک دو ٹکیہ نصف بوتل میں ڈالدیں ایک دن رات میں عرق تیار ہوگا بچے
کو ایک دو بوند سیانے کو ۵ بوند دیں عرق گاؤزبان و عرق پودینہ ۔

عرق شربت مفردات وغیرہ کے ذریعہ قوت باہ کو ترقی دیتا آنولہ باہ کے لئے عجیب تاثیر رکھتا ہے

ابریشم قوت شہوت کو زندہ کرنے والا ہے ۔خواہ شربت بنا دیں خواہ عرق
خواہ مقرص کر کے ادویہ مناسب کے ساتھ استعمال کریں ۔
السی بقول جالینوس منی و ذکر کو ترقی دینے والی ہے ۔
اندرجو منی کو پیدا کرتا ہے اور ذکر کو انتشار میں لاتا ہے ۔
کرفس عورت مرد دونوں کی شہوت کو ترقی دینے والا ہے ۔
چیا باہ آور بہت ہے انسان کے بدن کے ساتھ بہت نسبت ہے
دارچینی رگوں کو مضبوط اور منی کو زیادہ کرتی ہے ۔
زر بناد یعنی کچور اس کو ایک ڈرام ڈورے میں پرو کر کمر میں باندھ لیں تو شہوت
عود کرے خولنجان کا ٹکڑ منہ میں رکھیں نناری پیدا ہو ۔
رومی مصطگی کا استعمال باہ بکثرت پیدا کرتا ہے ۔
مینگن چمگادڑ شہد میں ملا کر وقت صحبت لگا کر مشغول ہوں ملذذ ہے
طلسم ممسک مشغول ہونے کے وقت ۰۰ اتک گنتی شروع کریں انزال نہ
ہوگا ۔یا یہ الفاظ دل میں پڑھیں ۔جبتک پڑھیں انزال نہ ہوگا وہ یہ ہیں ۔

آش - آش - دریاش - ث و ث و ثاث و ثاث ۔
شربت گذر جگر و ماغ دل کو قوت دینے والا اور ترقی شہوت ہے
عرق گاجر چار سیر مصری ۳ پاؤ مشک عنبر ملا کر تیار کریں ۔
سفید پیاز کا عرق نکال کر شہد ملا کر پانی آگ پر جلا کر شہد کی دو انگلی رات
کو چاٹ لیں اور ملاحظہ قوت فرماویں ۔
مولی کا عرق گھی میں مخلوط کر کے ذکر پر ملیں سستی دور ہو ۔
لہسن کا عرق و نربسی روغن کنجد میں حل کر کے ذکر و پستان پر مالش کریں سخت
ہونگے ۔
نمک پا پڑ یا ذکر پر مالش کرنا باعث سختی ہے و ملذذ ہے ۔
سر دھونے کا مصالحہ بال ملائم اور صاف ہو کر نکل آتے ہیں بے ضرر ہے
چورا صابون - سوڈا بائیکارب ہموزن لیکر پانی میں گھول کر سر دھوئیں اور
تیل لگاویں بال ملاحظہ فرماویں ۔
بال اوڑانے کا صابون - بیریم سلفائڈ ۲ تولہ - سفوف نشاستہ ۳ تولہ
کافور یک ماشہ چورا صابون یک تولہ سب کو پیسکر ملا لیں اور ٹکیہ بنا لیں
وقت ضرورت گرم پانی میں گاڑھا گھول کر لگا دیں اور چند منٹ کے بعد
بال پانی سے دھو ڈالیں بیضرر ہے ۔

عرق مقوی باہ

گاؤزبان ۳ چھٹانک - ابریشم یک چھٹانک - صندل یک چھٹانک خولنجان
یک چھٹانک عرق ۲ بوتل کشید کردہ ۵ تولہ صبح و شام ہر موسم میں
استعمال کر سکتے ہیں ۔

دیگر

عرق ہاضم و باہ و دل و دماغ کو نافع ہے۔ گاؤ زبان ۳ چھٹانک ابریشم یک چھٹانک صندل سفید یک چھٹانک۔ خولنجان۔ بالچھڑ۔ چوب چینی۔ اندرجو شیریں ہر ایک ایک چھٹانک۔ کشمش آدھ پاؤ پختہ۔ پودینہ یک چھٹانک۔ الائچی کلاں یک چھٹانک۔ دودھ ۲ سیر پختہ۔ عرق ۶ بوتل کشید۔ خوراک ۵ تولہ صبح خون صاف کرے و تازہ پیدا کرے مجرب ہے ہاضم و اشتہا طعام۔

نسخہ مجرب آزمودہ قابل قدر

بخار خواہ کسی قسم کا ہو نیا ہو یا پرانہ و کھانسی و دیگر شکایت رفع کرتا ہے ست گلو ۶ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ طباشیر ۶ ماشہ۔ گوند کیکر ۶ ماشہ و گوند کیکر ۶ ماشہ و گوند کتیرا ۱۲ ماشہ۔ مصری یک تولہ۔ رب السوس ۳ ماشہ کشتہ ابرک سیاہ ۲ ماشہ تمام اشیاء باریک کرکے ۳ ماشہ ہمراہ دودھ یا شربت بزوری تا یک ہفتہ۔

نسخہ شربت بزوری

کاسنی ۶ ماشہ۔ بیخ کاسنی ۶ ماشہ۔ بادیان ۶ ماشہ۔ بیخ کاسنی ۶ ماشہ۔ بادیان ۶ ماشہ۔ بیخ بادیاں ۶ ماشہ۔ تخم خربوزہ ۶ ماشہ۔ تخم خیارین ۶ ماشہ شکر سفید ڈیڑھ پاؤ پختہ۔ موسم گرما ہو تو برف ڈال لیں۔ سردی ہو تو ویسے پانی ٹھنڈا ڈال لیں۔ بعد آرام کے برائے طاقت کشتہ مرجان ہمراہ مکھن یا ویسے ہمراہ دودھ صبح تا ایک ہفتہ استعمال کریں۔ یک رتی

نیز۔ اگر کشتہ موتی یک رتی ملالیں تو اور بھی مفید ہوگا۔ اگر ایک ہفتہ تودری سفید و طباشیر و الائچی خورد و گوند دونوں ہمراہ کشتہ ملالیا کریں۔ اور پڑیا ۳ ماشہ ہمراہ شربت یا دودھ استعمال کریں تو کمزوری تمام قسم دور ہو اور بھوک خوب لگے اور تمام صفرا خارج ہووے۔ دل بشاش ہو جاوے آزمایش شرط ہے۔ پرہیز ہمہ قسم غذا سہری و سابودانہ صرف ایک ہفتہ یا تری آب نخود چاول وغیرہ۔

مثل ہے۔ زبان شیریں ملک گیری سیرت کے ہم غلام ہیں صورت ہوئی تو کیا

ایک انسان باہر سے تھکا ماندہ آتا ہے اور گھر کے اندر قدم رکھا غضب آلودہ صورت بنائے اور تیوڑی پر بل ڈالے اور صلواتین سنائے اور غم و غصہ کی چنگاریاں برسائے اُس انسان کا کیا حال ہوگا۔ چہ کہ اس کے دل میں محبت اور خیال کہ گھر جاکر عورت کا دل بہلاؤں گا۔ کچھ کھاؤں گا آرام سے سارے دن کا بوجھ کم ہو جاوے گا۔ بجائے اس کے رنجش۔ اگر عورت خوش اسلوبی اور شیریں زبان ہے آگے سے یہ الفاظ عائد کرے کہ میرے مالک میرے سرتاج آگئے۔ میں تمہاری راہ تک رہی تھی مسکرا کر کہتی ہے کہ آج آپ کو دیر ہو گئی شاید کام زیادہ ہوگا۔ میں خدمت کے لئے تیار ہوں تو کیسی عیش آرام سے زندگی بسر ہوگی اتنے الفاظ سے جو گھر خار تھا بہشت کا نمونہ معلوم ہوگا یہ مسرت کا کام ہے۔

دیگر جب کبھی کوئی بیماری کی علامت نظر آوے فاقہ کریں کیونکہ قدرت اپنے انسانوں کی ہر وقت محافظ ہے جو بیماری کا مادہ ہے اُس کو اندر سے

بغیر دوا کے خارج کر دے گی۔ ورنہ اول سہل علاج کریں اور غذا بالکل کم اور نرم استعمال کریں ضرور فائدہ ہو گا۔ عبادت پرہیزگاری ہر بشر کے لئے لازمی ہے۔

عام سہل نسخہ

چہرہ صاف کرنے کے لئے رنگ رخسار سرخ ملائم ہو جاوینگے چنے کا آٹا باقلہ کا آٹا جو کا آٹا مولی کے بیج ان چیزوں کو مساوی وزن پیس کر دودھ میں ملا کر منہ کو ملیں اور نیم گرم پانی سے دھوئیں اور کریم لگائیں خوب رنگ نکھر آوے گا۔

خوشبودار گولیاں

دارچینی خولنجان الائچی مصطگی پیپرمنٹ عرق گلاب سپاری شہد میں گولیاں بنائیں ایک دو گولی رات کو منہ میں رکھیں خوب دہن سے خوشبو آوے گی اور عیش پرست خوش ہو گا۔

خمیری روٹی

بعض جگہ ڈبل روٹی نہیں ملتی اور بیمار کو خمیری روٹی پکا کر دیں آٹا میں سوڈا ملا کر رکھیں چند گھنٹہ کے بعد روٹی پکالیں بغیر چھلکے کے صرف ہاتھ سے خواہ دودھ سے دیں اور دال کے پانی چنے کے پانی سے ذرا قبض کشا کرنی ہو تو سونف کا پانی ملا کر آٹا گوندھ لیں ؛

چاول قبض کشا بغیر دوائی کے جلاب

چاول سونف کے پانی میں اور گلاب کے پھول بھگو کر اس کے پانی میں پکائیں۔ نمکین بنانے ہوں تو ذرا نمک زیرہ ڈال لیں اور شیرین بنانے ہوں تو شکر سفید کی چاشن ملائیں عمدہ لذیذ بنا کر کھائیں۔

فرنی گرمی کے بخار کو دور کرے دست

صفراوی بند کرے صرف چاول بھگو کر ایک گھنٹہ بعد گھوٹ لیں اور دودھ ملا کر پکائیں اور ساتھ ہی شکر سفید ملائیں اور استعمال کریں بہت لذیذ چیز ہے ہلکی ہے۔

ستو

کھانڈ و گھی ملا کر موسم گرما میں کھانا عمدہ ہے ہلکا۔ مقوی۔ ٹھنڈا لذیذ ہے اور پانی ملا کر پینا بھی بہت مفید ہے۔ مگر ۳ گھنٹہ کے بعد اور کچھ کھائیں مگر ستو کے بعد جلدی کچھ نہ کھائیں۔

چیڑوے

دودھ شکر ملا کر کھانا عمدہ ہے طاقت و مسہل و مبہی ذہانت بڑھانے والا دافع باست مگر ذرا بلغم پیدا کرتا ہے کم استعمال کریں۔

چنے

کی گھگھنیاں بہت عمدہ شے ہیں خواہ میٹھا کے ہمراہ خواہ ویسے و نمک کے ہمراہ کھاویں۔

ٹوٹکہ فقیری بذریعہ پھٹکری

پھٹکری سفید بریان کھل کر کے رکھ چھوڑیں پانی سے رگڑ کر آنکھ میں ڈالیں
جب بھڑ یا بچھو ڈنگ مارے ایک سلائی آنکھ میں ڈالیں درد سے آرام ہوگا
کھل کو پانی سے رگڑ کر عورت کے پستان کی چوچی پر لگا کر بچے کو دودھ پلائیں
سخت سے سخت کھانسی بچہ کی دور ہوگی پھٹکری کی کھل ۲ رتی بخار باری
میں شکر سفید میں ملا کر دیں آرام ہوگا۔
برگ حنا اور زیرہ سفید بھگو کر رات کو صبح پانی نتاریں اور کھل کو پانی میں
حل کر کے آنکھ میں لگائیں دھوئیں آنکھ کی سُرخی و درد کو فوراً آرام ہوگا۔
اور پھولا بھی پڑ گیا ہو تو نافع ہوگا۔

فقیری ٹوٹکہ

بواسیر خونی کیلہ کا عرق کشید کر کے ۲ تولہ صبح و شام پلائیں آرام ہوگا۔

بخار و قے کو نافع

کافور ۲ رتی۔ بھنگ ۲ رتی خوب باریک کر کے گولی یا سفوف نصف رتی دیں
اگر آرام نہ ہو تو پھر دیں فوراً آرام ہوگا۔

ٹوٹکہ فقیری زحیر خونی و بادی

باہر جا کر ڈنڈا تھوہر کو چاقو سے پانچ چیرے دے آویں تیسرے دن جا کر جو دودھ
ہو خشک اتار لاویں ۳ رتی زحیر والے کو دہی میں دیں ایک روز میں شفا

ہوگی جس کو خون آتا ہو ۳ رتی قند سفید میں شربت بنفشہ سے دیں آرام ہوگا۔

دیگر چٹکلہ کیلہ کی پھلی مریض کو سفید شکر کے ہمراہ کھلاویں بواسیر کو آرام ہوگا

غب خالص کیلئے مجرّب

سفوف حمیات نائب طباشیر ست گلو ہموزن پیس کر خوراک ایک ماشہ ہمراہ شربت بزوری۔

ٹوٹکہ درد کان

مولی کا پانی ۵ تولہ روغن گل ۵ تولہ دونوں کو جلا کر شیشی میں رکھیں دو قطرے کان میں ڈالیں آرام ہوگا۔

ٹوٹکہ پوٹلی سستی کے لئے

سونٹھ ۱۰ تولہ باریک کر کے ۲ پوٹلیاں بنا دیں اور گرم کر کے ذکر کے اوپر اردگرد ٹکور کریں عجب مفید ہے۔

طلاء سستی

عطر دارچینی مومیائی ہموزن عطر عود قبل نزدیک ذکر پر ملیں اور عطر نار مشک لگا دیں اور لطف سے بھرپور ہو جاویں۔

ٹوٹکہ فقیری مقوی باہ سم الفار سفید یک تولہ مالکنگنی مقشر ۱۰ تولہ رگڑ کر بذریعہ شیشی آتشی تیل نکال لیں ایک

سیخ موسم سرما میں پان پر لگا کر کھائیں اور ذکر پر رات کو ملیں۔ عجب طاقت دینے والی چیز ہے۔

ٹوٹکہ سوزاک فقیری

روغن صندل روغن بھروزہ روغن رال مساوی الوزن ملا کر بوتل میں رکھیں اگر موسم گرما ہو تو سیر دودھ کے ہمراہ ۳-۴ بوندیں عرق گوکھرو زیرہ سفید کے ہمراہ موسم سرما میں آرام قطعی ہوگا۔

روغن زفت رومی جس کی تعریف کلدرق ہے

کمال چیز ہے۔ ہے بھی بے ضرر۔ درازی فربہی کجی کمزوری زافت یک تولہ شیرہ نرگندھی یک چھٹانک میں کھرل کریں پھر ۲ تولہ شیرہ بیخ کنیر سفید میں کھرل کریں۔ بذریعہ شیشی تیل نکالیں تیل سرخ رنگ کا ہوگا۔ درازی ہوگی ہفتہ میں عجب رنگ ہوگا۔ مالش کریں پان باندھیں۔

ٹوٹکہ قوت باہ بے نظیر است

یعنے حلیم۔ دالیں ہمہ قسم کی لیکر ایک چھٹانک اور دودھ بڑ سے ترکریں خوب ترکر کے پھر کھرل کر کے تیل بذریعہ شیشی نکالیں خوراک یک رتی ہمراہ دودھ کے کھاویں بوقت شب اور تماشا دیکھیں نمک نہ کھاویں۔

ٹوٹکہ فقیری جس بول پیشاب بند کیلئے

بھینس کے کان کا میل بقدر ۴ رتی نکالکر مریض کی ناف پر لیپ کریں فوراً پیشاب

جاری ہوگا۔

برائے قوت باہ

سپاری تیلہ یک تولہ بہمن ۶ ماشہ سرخ و سفید ۶ ماشہ عاقرقرحا ۶ ماشہ منقہ سوا تولہ مصری یک چھٹانک پختہ ترکیب۔ سپاری کاٹ کر یک پاؤ دودھ میں رات کو بھگو دیں۔ صبح کو جوش دے کر دودھ خشک کریں اور ۲ تولہ گھی ڈالکر بھون لیں اور باقی ادویہ کوٹ کر ملائیں اور اقوام مصری علیحدہ کر کے معجون بنالیں غذا یک تولہ صبح کھائیں ایک ہفتہ میں طاقت ناقابل برداشت ہوگی اور حیرانی ہوگی کہ معمولی چیز اور یہ فوائد۔ پرہیز جماع و ترشی۔ استعمال معجون میں اوپر سے گرم دودھ سفوف دارچینی ایک ماشہ ملاکر بی بس مصری ملاکر یا شہد حل کرکے۔

گوجیا یعنی دماغ میں کیڑے پڑ جانا

روغن تارپین یک تولہ۔ کافور ۲ ماشہ حل کرکے شیشی میں رکھیں اور دن میں دو تین بار تالو پر مالش کریں کان کے ذریعہ کیڑے تمام نکل جاویں گے۔

مسہل فقیری ٹوٹکہ

تخم کٹیلہ ایک تولہ موافق عمر طاقت مریض۔ تخم میں پانی ڈالکر رگڑیں اور چھان لیں پلائیں جتنی دفعہ چھان کر پلائیں گے اُسی قدر دست زیادہ آویں گے

فقیری ٹوٹکہ برائے لنجا منقہ یک تولہ لے کر بیج نکالکر کیسر مطابق مرچ سیاہ منقہ میں ملاکر رگڑیں اور پانی ملاکر گرم کر کے مریض کو

پلائیں اور کپڑا اوڑھ کر لیٹ جاوے گرمی سے تر بتر ہو جاویگا اور بخار جاتا رہیگا مجرّب ہے۔

چٹکلہ فقیری

دھتورہ سفید گل کا زیرہ چٹکی بھر لیکر پان میں رکھ کر کھائیں اس قدر تندی اور شہوت ہوگی اگر مشغول نہ ہونگے تو آلت تڑپیگی امساک بھی خوب ہوگا۔

ملذذ طرفین درجہ اوّل شاہی

قبل از جماع عطر گلاب عمدہ و عطر اگر سوراخ میں اور اوپر لگا کر لذت اٹھائیں۔

طلاء

تخم جرجیر یعنی اوٹنگن ۶ ماشہ پیسکر چربی شیر شہد میں ملا کر مالش کریں۔

برائے درد سر

پیپر منٹ یک ڈرام واسلین یک اونس ملا کر پیشانی پر ملیں آرام ہوگا۔

درد سر میں کھانے کا نسخہ

اسپرین ۳ گرین کافین سائٹراس ۲ گرین سوڈا برومائیڈم ۵ گرین پڑیہ بنا کر دیں آرام ہوگا۔

گگرے پڑوال وغیرہ

پروٹارگول ۱۵ گرین آرجی رول ۱۰ گرین گلسرین یک ڈرام اکیوا ڈسٹلاٹ ایک

اونس ملاکر روہوں پر روئی سے لگاویں آرام ہوگا۔

مسوڑوں کے ورم میں فقیری ٹوٹکہ

گندم کے دانہ منہ میں رکھیں جب پھول جاویں نکالکر بدل لیں دن میں تین چار دفعہ کریں آرام ہوگا۔

درد بیرونی خواہ کسی جگہ ہو کسی قسم کا ہو

تیل تارپین یا ماٹی ۴ تولہ کافور دیسی یک تولہ ڈالکر شیشی کو ڈاٹ لگا کر رکھیں درد پر ملیں روئی نمدہ باندھیں درد کافور ہوگا۔ اگر تیز کرنا ہو تو نمک پھٹکری کا سفوف تیل کے بعد درد پر لگا کر روئی باندھیں مجرب ہے۔

دیگر کھانے کو

ایسپرین ۵ گرین درد والے کو دیں مجرب ہے آرام ہوگا دن میں دو تین دفعہ۔

ٹوٹکہ فقیری درد گردہ

پھٹکری بریاں ۳ ماشہ قلمی شورہ ۷ ماشہ باریک کر کے سات پڑیہ بنا دیں صبح کو شیر گاؤ کے ہمراہ ایک پڑیہ دیں مجرب ہے آرام ہوگا۔

درد سر

ہالون پانی میں رگڑ کر پیشانی پر لیپ کریں فوراً آرام ہوگا۔
سنگترے کے چھلکے بیکار نہ گنوائیں۔

مربہ سنگترہ کے چھلکے لے کر ا۔ بال لیں خوب ۔۔ دفعہ کڑواہٹ نکل جاوگی بعد میں چھلکے کو کھانڈ میں پانی ڈال کر پکائیں۔ بڑا لذیذ خوش ہاضم مربہ ہے۔

تھوتھ پوڈر امراض دانت مثل موتی

پھٹکری سفیدہ ۵ تولہ کندر ۳ تولہ باریک کر کے مسواک سے ملا کریں اگر چاک والا ئچی ملا کر استعمال کریں تو بہت عمدہ ہے۔

گوشت خورہ

سیلفورک ایسڈ ۱½ اونس پانی ۴ اونس ملا کر کلیاں کریں بعد کھانا کھانے کے دانت سفید ہوجاوینگے۔

برائے فواق یعنی ہچکی

امونیا سالٹ (یانوشادر اور چونہ) وہ ایک بار سونگھنے سے فوراً غائب ہوگی

لال شربت گریمالٹ سیرپ

برائے کھانسی کمزوری دمہ بدنی طاقت کو قائم کرنیوالا۔ ٹاپو فاسفائٹ آف لائم ۱۶ گرین ڈسٹلڈ واٹر ۶ تولہ دونوں کو ملا کر فلٹر کریں اور ۲۰ تولہ مصری ملا کر جوش دیں جب قوام ہوجاوے تو ہائپو فاسفورس ایسڈ ٹنکچر کو چمچہ ایک ڈرام ملا کر شیشی میں رکھیں ایک چمچہ دن میں دو دفعہ دیں۔

مسوڑوں کا درد کے آیوڈین انگریزی دوائی ہے لگائیں درد دور ہوگا

درد سر کے لئے اکسیر

کیفین سائٹراس یک رتی نے نس ٹین ½ ۲ رتی دونوں کو خوب باریک کر کے ملا کر ہمراہ پانی کے دیں فوراً آرام ہوگا۔

ہپناٹزم

عامل معمول یعنے عامل پر یقین کرنا کہ اگر معمول کو بخار کی دوا پانی دیا ہے تو وہ یہ خیال کرے کہ مجھے اب آرام آوے گا۔ اور بلکہ آگے سے اچھی حالت ہے فوراً آرام ہوگا۔ گو یکسوئی قلب سے آرام ہر ایک مرض دور ہو سکتا ہے اور قدرت کاملہ مددگار ہے۔ یقین بھروسہ بڑی بھاری طاقت ہے بغیر یقین کے فائدہ ہونا محال ہے دوائی کے وقت یقین کا ہونا لازمی ہے۔ ایسے ہی سیاہ داغ دیکھنے کی ٹکٹکی سے کیا کیا کر سکتا ہے۔ جس کو مسمریزم کہتے ہیں وہ یہی ہے سیاہ داغ بنا کر روز مشق سے سب کچھ کر لو گے۔ جو شخص یہ عمل کرے تنہا جگہ ہو شور و غل نہ ہو۔ شراب گوشت ترک کریں اور غسل روز کریں اور جماع بالکل کم کریں۔ گاہ بگاہے تکلیف اول بعد کشادگی ہوتی ہے اور بھوک پیاس کی حالت میں جماع نہ کریں۔ ورنہ امراض ہونے کا اندیشہ ہے۔ بھوجن کے بعد بھی ممنوع ہے کم از ۳ گھنٹہ کے بعد اور بعد میں پانی نہ پینا چاہیے بلکہ گرم دودھ جس میں چھوہارہ ڈالا گیا ہو اور گرم کیا ہوا ہو شہد حل کر کے استعمال کریں رات کو سوتے ہوئے اٹھ کر پانی نہ استعمال کریں۔ درد ہو پسینا آیا ہو۔ سبزی کھائی ہوئی ہو پھل وغیرہ کے بعد پانی مت پیو۔ بھوک لگ رہی ہو دور سے آئے ہو جلدی سے پانی مت پیو۔ کھڑے ہو کر پانی مت پیو۔ پانی ہمیشہ صاف استعمال کرنا

چاہیئے۔ بہت گرم کھانا کھانے سے دانت گر جاتے ہیں۔ زیادہ میلا رہنے سے خارش داد پیدا ہو جاتی ہے۔ پاخانہ پیشاب کبھی نہ روکیں۔ کئی امراض ہو جاتے ہیں۔ صبح اٹھنے سے چستی بڑھتی ہے۔ زیادہ رنج غم انسان کی جان کا دشمن ہے۔ خون سوکھ جاتا ہے۔ کھانا ہمیشہ آہستہ آہستہ چبا کر کھائیں اور ایک کھانے کے بعد جلدی دوسرا کھانا مت کھائیں۔ تاوقتیکہ ہضم نہ ہو جاوے اور کھانے میں اول نمکین چیز کھائیں۔ تاکہ اشتہا بڑھے بعد میں میٹھی اشیاء۔ کھٹائی کے ہمراہ دودھ نہ کھائیں۔ سچ بولو خیرات کرو۔ اور صحت پرہیز وقت کا خیال رکھو۔ مرجھائے ہوئے درخت موسم بہار میں سرسبز ہو جاتے ہیں۔ جوانی گئی ہوئی تازی نہیں ہوتی اور قرض لینا دینا اپنے واسطے ملک الموت پیدا کرنا ہے۔ دشمن کو حقیر مت جانو کفایت شعاری سب سے عمدہ آمدنی ہے۔ جو شخص قسم کھا کر وعدہ کرے وہ قابل اعتبار نہیں ہمیشہ کم بولنے کی عادت اختیار کرو۔ ایک چپ ہزار سکھ اگر ایسی باتیں لکھیں تو کتاب اور بن جاوے۔ عاقلاں را اشارہ است۔

مجربات حکیم حاذق

حلوا منی افزا۔ نشاستہ یک تولہ۔ گوند کیکر یک تولہ۔ مغز بادام ۲ تولہ روغن زرد ۱½ تولہ مصری ۲ تولہ حلوا بنا کر ۶ ماشہ صبح کو روز کھائیں۔ موسم سرما میں فائدہ اٹھائیں۔

لمبائی موٹائی خوب ہو (لیپ)

خراطین مصفا ۶ ماشہ۔ جونک ۶ ماشہ تخم گاجر لید گدھے کی اس کا پانی

نکالکر لیپ بناکر ذکر پر رات کو لگاکر صبح گرم پانی سے دھوئیں اور روغن زیتون ملیں۔

مجربات

اس نسخہ کے استعمال سے خوب باہ پیدا ہو حیرانی کی سی حالت ہو جاوے ثعلب مصری۔ گوکھرو۔ بیج بند۔ تالمکھانہ۔ سپستان بیج میدہ چوب سنبل کا گوند۔ ستاور سنگھاڑہ۔ بہو پھلی۔ موصلی سیاہ۔ برہم ڈنڈی برگ ببول ہینگ۔ گوند ڈھاک۔ اندر جو شیریں۔ خوب کلاں۔ منڈی عقرقرحا دارچینی۔ لونگ۔ جاوتری سمندر سوکھ۔ گھ۔ کالی تلی۔ اجوائن گل دھاوہ کل ادویہ ہموزن کوٹ پیس کر شہد حسب ضرورت میں معجون بناکر ۲ تولہ صبح کو کھائیں فائدہ اٹھائیں۔

لیپ

کافور بھیم سنی یک رتی اور افیون یک رتی ملاکر ہمراہ عطر کے لیپ کریں فوراً سختی پیدا ہوگی جماع کریں اور بعد جماع کے ذکر گرم پانی سے دھوئیں طاقت ہمیشہ قائم رہے۔

مغلظ کمال است

املی کے بیج ۲ تولہ گوکھرو ۱ تولہ نخود بریان ۲ تولہ تالمکھانہ ۲ تولہ شکر سفید ۵ تولہ کوٹ کر سفوف ہمراہ دودھ کے ہر موسم میں استعمال کریں۔

برائے سختی و فربہی ذکر و مضیق اندام نہانی

جب گھوڑی بچہ جنے اسی وقت کپڑا دودھ میں تر کرکے ذکر پر طلا کریں چند منٹ جماع کریں سختی بیان سے باہر ہے۔ اگر یہی کپڑا عورت اندام نہانی میں رکھے گی تو دُرنا سفتہ بن جاوے گی۔

نسخہ برائے باہ

پوست بیخ ڈھاکہ نیم درم پانی میں گھوٹ کر چھان کر دو ہفتہ پئیں تو فربہی ذکر ہوگی کلنجن کا ٹکڑا منہ میں رکھیں تندی خوب ہووے۔ تل کے تیل عاقرقرحا ملاکر ذکر پر ملیں۔

مجرّب مقوی باہ و درد کمر مغلظ منی

دافع جریان - سرعت - احتلام و انزال و ممسک و دافع نامردی و ذیابیطس۔ ست برگد بڑ برگ ۴ سیر پختہ لے کر ایک گڑھے میں ڈالکر ۲۰ سیر پختہ پانی بھر کر ایک ہفتہ بھگو رکھیں بعد مل چھانکر پانی کو لوہے کی کڑاہی میں ڈالکر آگ پر تمام پانی خشک کریں کڑاہی میں جما ہوا کچھ سفوف ہوگا۔ کھرچ کر شیشی میں رکھیں درد کمر میں ہو تو ۲ رتی ہمراہ ایک تولہ شہد کے دیں اور کمزور منی میں ہمراہ طباشیر ۲ رتی عرق گاؤزبان کے تمام نقص رفع ہونگے نامردی میں ۲ رتی ہمراہ مکھن کے دیں پرہیز تیل۔ ترشی۔ بادی اشیا رہے۔ غذا زود ہضم اور عمدہ کھاویں۔

مجرّب سختی کیلئے] تخم ترب کا چھلکا دور کرکے روغن گاؤ یک ماشہ میں لت

کر کے کھاویں ایک ہفتہ میں سختی۔

ملذذ طرفین

بیر بہوٹی روغن زیتون میں بھون لیں اور ملا کر شیشی میں رکھیں وقت جماع ذکر پر مل کر مشغول ہوں۔لطف اٹھائیں۔

دُگنا کرنا ذکر کا

سُرخ چیونٹی ایک شیشی میں بھر کر ایک ہفتہ دھوپ میں رکھیں۔تیل خود بخود برآمد ہو گا۔اس کی ذکر پر مالش کرو۔دو ہفتہ میں ذکر ازحد لمبا کریں۔

کھانے کو یہ دوا

بیخ سہنجنہ صحرائی نرم اور چھوٹا ہو پارہ پارہ کر کے سایہ میں سکھا کر کوٹ لیں اور ایک تولہ سات بھوسی اجوائن ملائیں اور سیاہ ارڈ ملا کر کل ادویہ ملا کر کل ادویہ ہموزن کریں۔گولیاں ۳-۳ ماشہ کی بنا کر شہد سے تیار کریں ۲ ماہ کھاویں عمر ۳۰ برس سے زائد والا یہ دوا کرے ۱۵ برس سے لیکر ۳۰ برس تک لمبائی ذکر ہو سکتی ہے۔بقول حکمار کے موٹائی ہر عمر میں واجب ہے

ملذذ لطف آمیز

عطر گلاب عمدہ میں نمک ملا کر ایک چاول کستوری ملائیں اور سوراخ احلیل میں داخل کر کے جماع کریں۔

تنگی فرج:- ۲ ماشہ مانند باکرہ کھل پھٹکری پیکر کے نصف ماشہ چٹکی سے

فرج میں داخل کر کے جماع کریں۔

تپ لرزہ کیلئے مجرب

خوب کلاں ۶ ماشہ سونف ۶ ماشہ کوٹ کر پانی حسب ضرورت ملاکر آگ پر پکائیں نصف رہے چھان کر ویسے ہی مصری ملاکر پلائیں فوراً رک جاوے گی۔
تپ اول ہی لرزہ کے وقت۔ ایک رتی نوشادر و ایک عدد مرچ سیاہ سفوف کر کے ہمراہ پانی گرم کے دیں فوراً آرام ہو گا۔

دم کشی کے لئے

گل مختوم ۶ ماشہ جوشاندہ کر کے پیا اگر شہد حل کر لیا کریں اور بھی مفید ہے آرام ہو گا۔ دیگر کشتہ گوزن یعنی بارہ سنگا ۲ رتی شہد میں کھائیں۔

سنگرہنی

رسوت صاف کر کے ایک رتی دہی کی لسی بنا کر استعمال کریں دن میں تین دفعہ دیں آرام ہو گا۔

مروڑ کے لئے

خشخاش سیاہ و سفید رگڑ کر مصری ملاکر پینا نافع ہے۔

یرقان کا فقیری مجرّب علاج خواہ کسی قسم کا ہو

پیپل کی نرم چھال لیکر ۲ تولہ رات کو پانی میں بھگو کر چھان کر پی لیں اگر موسم سردی ہو تو نیم گرم اور روٹی ہمراہ دہی کی لسی سے کھائیں یا صرف چنے کا شوربہ ایک ہفتہ

اسہال کیلئے - دانہ الائچی خورد ۳ ماشہ پیس کر طباشیر ۲ رتی ہمراہ ملا کر پانی سے پھانک لیں آرام ہو گا۔

ہچکی کیلئے - لگھ پیس کر شہد ملا کر چاٹیں فوراً آرام ہو گا۔

منہ کی بدبو یعنی گندہ دہنی

کیکر کا کوئلہ پیس کر شہد ملا کر بطور منجن استعمال کریں شکایت رفع ہو دانت سفید ہو جاویں گے۔

جریان احتلام سرعت کیلئے

بہوپھلی کا سفوف ۶ ماشہ صبح ہمراہ خام دودھ بکری کے استعمال کریں۔ دیگر پوست بیخ ستیاناسی بوٹی کا ۱ ماشہ پھانک کر دودھ پئیں آرام ہو گا۔

پیچس ہر قسم

گوندموچرس باریک کر کے ۲ ماشہ دہی میں ملا کر کھائیں۔ غذا چاول ہمراہ دہی کے میٹھے کے اور کچھ استعمال نہ کریں تاوقتیکہ فائدہ نہ ہو جاوے۔

پاؤں کی تلیاں جلنا

آملہ ۶ ماشہ بھگو کر صبح کو نتار کر پانی میں مصری ملا کر پئیں اور فضلہ رگڑ کر تلیوں پر لیپ کریں بلا حد مفید ہے تا ایک ہفتہ۔

داد کھجلی - روغن سرشف یک چھٹانک اور تیزاب گندھک یک تولہ ملا کر لگائیں آرام ہو گا۔ مفید ہے۔

درد جسم میں کسی طرح کا ہو۔ ریٹھہ کا چھلکا پیسکر دانہ نخود برابر شہد ملا کر دیں آرام ہوگا

پیاس و خشکی دُور کرنا۔ سونف ۶ ماشہ۔ منقہ ۴ دانہ رگڑ کر مصری ملا کر پینے سے پیاس جاتی رہے گی

قوت باہ مجرب بے نظیر۔ حرمل بریاں ۶ ماشہ۔ حرمل خام ۶ ماشہ۔ خشخاش ۱ تولہ کنجد سیاہ ۱ تولہ قند سیاہ ۴ تولہ سب کو یک جا کر کے گولی فی ۱½ ماشہ کی بنا کر صبح شام کھائیں۔

مجرب طلا برائے نامردی۔ شیر مدار و شیر زقوم یعنی تھوہر ۶ ماشہ۔ پیاز کا پانی یک تولہ۔ گھی روغن زرد ۳ تولہ کھرل ۲ گھنٹہ رات کو آلت پر مالش کریں۔

مجرب حکیم حاذق

مار گزیدہ۔ ایک پوتھی لہسن کو چھٹانک دودھ میں رگڑ کر پلاؤ آرام ہوگا صدہا پر آزمایا گیا ہے۔

آنکھ میں پھولا کتنی مدت کا ہو

پھٹکری سفید ۲ تولہ کو سفید گدھے کے پیشاب آدھ پاؤ پختہ میں کھرل کریں جب سب پیشاب جذب ہو جاوے صبح شام سلائی سے آنکھ میں لگائیں کھٹائی مرچ۔ تیل کا پرہیز گھی دودھ زود ہضم غذا کھائیں۔

دم کشی نزلہ زکام درد سینہ وغیرہ کیلئے

اکسیر: لوبان کوڑیا ۸ تولہ۔ جائفل ۲ تولہ اجوائن دیسی ۲ تولہ دارچینی یک تولہ معہ سایلہ گوندہ ۳ ماشہ جوتری ۵ ماشہ تیل آتشی شیشی میں نکال لیں برسوں کی کھانسی

دمہ کافور ہوگا۔ دو بوند مکھن یا شہد میں دیں۔

دل کی دھڑکن کیلئے

پانی کا جالا یک چھٹانک رگڑ کر پانی ملا کر مصری حل کر کے چھان کر پلائیں۔ جریان واحتلام میں ۶ ماشہ شو کھا کر پڑیہ ہمراہ لسی کے پھانک لیں آرام ہوگا۔

جالا جائے درد پہ۔ تروتازہ لیکر لیپ کریں آرام ہوگا۔ پاؤں کو تلیوں میں جلن ہو تو بطور مہندی لگائیں آرام ہوگا۔

دم کشی میں فقیری نسخہ۔ مغز تخم ریٹھہ کھانا نافع ہے۔

سرمہ فقیری بڑا اچھا کی

دانہ الائچی خورد و نوشادر ملا کر کھرل کریں اور شیشی میں رکھیں وقت ضرورت سلائی سے آنکھ میں لگائیں آرام ہوگا۔ اور مریض کو ہوا سے بچاویں۔

قوت باہ عمر تک نافع ہے

ثعلب مصری عمدہ یک تولہ سپاری تیلیا یک تولہ مصری ۴ تولہ کوٹ کر ۳ ماشہ کی پڑیاں بنا کر صبح کو استعمال کریں تا دو ہفتہ تک۔

خضاب مجرب موسیاہ کردہ

پیر مگنائل ڈایا انگریزی دوائی خشک ہے دو سرپ کی لیکر ۶ ماشہ ہائیڈروجن ملا کر اور عرق گلاب ملا کر برش سے لگائیں بے ضرر قدرتی چمک اور رنگ دیرپا ہے۔ مجرب ہے۔

نوشادر کے بھڑ بچھو کاٹے پر نوشادر رگڑ کر سرکہ میں لگا دو۔ نوشادر و چونہ قلعی پیکر شیشی میں رکھیں اسکے سونگھنے سے غش بیہوشی زکام سردرد درد دانت کو فوراً آرام ہوجاتا ہے۔ چنا بھر ایک دو دفعہ پانی کے ہمراہ کھانے سے تلی کھانسی پرانا زکام قبض دائمی درد پیٹ درد سر درد ریح کو مفید ہے مجرّب ہے۔

ہینگ وا حد کے دافع ریح درد پیٹ دست بوقت حیض باد گولہ کی اکسیر دوا ہے ۲ رتی کھائیں ہمراہ شہد۔

بیان کشتہ جات

واجب ہے۔ مقدار کم ہوتی ہے۔ فائدہ اکسیر ہوتا ہے

(۱) ترکیب کشتہ یشب سبز رنگ، عمدہ ہوتا ہے۔ اسکو آگ میں گرم کرکے عرق گلاب میں بجھاؤ جب تمام یشب گھل کر عرق میں آجاوے عرق خشک کریں اور پیس کر کام میں لائیں مزاج اسکا دوسرے درجہ میں سرد خشک ہے اور خواص تقویت دل و معدہ و خفقان وغیرہ عجب تاثیر رکھتا ہے۔ ہمراہ شربت ایک چاول سے ۴ چاول تک کھا سکتے ہیں تا دو ہفتہ کم از کم بہت نافع ہوگا۔

(۲) ترکیب کشتہ عقیق عمدہ برنگ سرخ شفاف لیں اول گرم کرکے ۱۰۰ مرتبہ عرق گلاب میں بجھادیں بعد مغز کنول گھوٹہ ۵ تولہ لیکر اس میں رکھ کر دس سیر اوپلہ کی آگ دیں کشتہ برنگ سفید ہوگا۔ مزاج اسکا سرد خشک ہے۔ درجہ دوئم میں خواص سنگ گردہ مثانہ کیلئے اکسیر ہے رقت الدم و جگر و طحال کیلئے مجرّب ہے اسکو روغن چنبیلی اور کافور میں ملا کر چہرہ پر ملکر حاکم کے سامنے جاوے مہربان ہو ۲ چاول تک منقے میں کھائیں عرق گاؤزبان ۵ تولہ پئیں تا تین ہفتہ اکسیر ہے

(۳) ترکیب کشتہ یاقوت۔ حسب ضرورت لیکر عرق بید مشک میں ۱۰۰ مرتبہ غوطہ

دیں بعدہ تولہ مغز تمر ہندی میں ٹکڑی بنا کر ۵ سیر اوپلہ کی آگ دیں کشتہ برنگ سفید ہوگا مزاج دوسرے درجہ میں گرم خشک ہے خواص۔ مفرح اور مقوی دماغ خفقان طاعون رفع کرے زہروں کے اور صاف کرنے خون کے اور مقوی اعضائے رئیس ہے تقویت باہ و امراض چشم کے نہایت عمدہ ہے نصف چاول مربہ سیب کے استعمال کریں کم از کم دو ہفتہ تک اسکی انگشتری پہننا بھی مفید ہے اکثر امراض سے محفوظ رہتا ہے۔

(۴) ترکیب زمرد سبز رنگ پہلے زمرد حسب ضرورت لیکر عرق گلاب میں ۱۰۰ مرتبہ غوطہ دیں بعد نارنج میں ۵ تولہ کی ٹکڑی بنا کر گل حکمت کرکے دس سیر اوپلہ کی آگ دیں کشتہ سفید ہوگا۔ مزاج اسکا دوسرے درجہ میں سرد و خشک ہے مفرح مقوی خواص باہ قوی اور روح کو طاقت اور ذات الجنب اور اسہال دموی کو نافع کرنیوالا استسقا و یرقان سلسل بول اور وجع المفاصل اور گردہ مثانہ کو فائدہ کرتا ہے اور جذام اور برص اور بالوں کو گرنے سے بچاتا اور واسطے امراض چشم کے حکم اکسیر کا رکھتا باطنی قروح و طاعون وغیرہ کیلئے مفید ہے خوراک ۲ چاول مربہ سیب و آملہ میں کھائیں دو ہفتہ تک۔

(۵) ترکیب کشتہ مرجان یعنی مونگہ ۲ تولہ لے کر گل سرخ ۵ تولہ پیس کر ٹکڑی بنا کر گلحکمت کریں دس سیر اوپلہ کی آگ دیں کشتہ برنگ گلابی ہوگا مزاج اسکا دوسرے درجہ میں سرد خشک ہے خواص۔ تقویت معدہ و جگر اور احتباس حیض و تقویت دماغ و باہ و جریان کو مفید ہے خوراک ایک چاول ہمراہ مربہ گاجر و آملہ و سیب وغیرہ میں۔

(۶) ترکیب کشتہ مروارید یعنی موتی بے سوراخ لیکر بسوس گندم میں پوٹلی بنا کر ایک شب عرق گلاب میں تر رکھیں صبح کو پوٹلی برتن گلی میں گلحکمت کرکے ۵ سیر اوپلہ کی آگ دیں کشتہ سفید رنگ ہوگا۔ سرد خشک دوسرے درجہ میں ہے

خواص مقوی دماغ مولد منی خونی بواسیر نفث الدم مزاج ضعف جگر اور گردہ کو نافع ہی
خوراک ایک چاول مربہ آملہ و سیب میں تا دو ہفتہ تک۔

(۷) ترکیب کشتہ طلق یعنی ابرک کو لیکر پوٹلی میں باریک کر کے باندھیں اور پانی سے دھوئیں اور عرق مولی میں ایک روز حل کریں بعد خشک ہونے کے ٹکیہ بنا کر قلمی شورہ میں رکھ کر سکورہ گلی میں گلحکمت کریں اور ۲۰ سیر اوپلہ کی آگ دیں کشتہ برنگ گلابی ہوگا۔ مزاج سرد خشک ہی دوسرے درجہ میں خواص عسر البول ضعف مثانہ تقطیر البول سوزاک کہنہ ہر قسم کے تپ و کھانسی کیلئے و نفث الدم اور اسہال کبدی و دموی اور بواسیر و ضرب و جگر کو بھی مفید ہے خوراک ایک دو چاول منقے یا مناسب چیز سے

(۸) ترکیب خرمہرہ زرد کوڑی کو لے کر عرق کیلہ میں گرم کریں اور عرق بجھائیں بعد اسکو کیلہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے اوپلہ کی آگ دیں کشتہ ہوگا مزاج سرد و خشک ہے دوئم میں خواص سفیدی آنکھ و تقویت گردہ اور توڑنے سنگ گردہ و تپ کے ایک ماشہ شیرہ مغز جربوزہ و شربت بزوری کے استعمال کریں مجرب ہے۔

(۹) ترکیب کشتہ ورق طلا لیکر اسکو عرق ادرک میں دو روز کھرل کریں بعد خشک ہونیکے گولی بنا کر سکورہ گلی میں رکھکر اوپلہ کی آگ دیں کشتہ ہوگا مزاج معتدل مائل بہ گرمی خواص تقویت باہ کے اس سے بہتر کوئی چیز نہیں ہے مفرح مقوی دل دماغ و بدن کو فربہ کرتا ہے اور گردے کو طاقت دیتا ہے اور منی افزا ہے۔ خوراک ایک چاول ہمراہ شہد ایک ماشہ کے ملاکر استعمال کریں۔

(۱۰) ترکیب کشتہ چاندی۔ چاندی کا پتر لیکر گرم کر کے پیشاب میں ۵۰ مرتبہ بجھائیں بعد چرس میں رکھکر چلم میں رکھ کر سوٹا لگائیں کشتہ ہوگا۔ مزاج سرد خشک۔ خواص مقوی دل و دماغ و حافظ جوانی اور مقوی باہ اور مولد منی و فربہی بدن اور اشتہا پیدا کرنیوالا یرقان۔ نزلہ۔ جریان سوزاک کو نافع جب کھائیں جماع سے پرہیز کریں

خوراک ۲ چاول ہمراہ مناسب بدرقہ کے تا ایک ہفتہ۔

(۱۱) ترکیب کشتہ قلعی لیکر پتر بنا کر سات مرتبہ ترپھلہ کے پانی میں غوطہ دیں اور بھنگ کی نگدی میں رکھکر ۱۰ سیر اوپلہ کی آگ دیں کشتہ ہوگا سرد تر ہے۔ دوسرے تیسرے درجہ میں خواص۔ سوزاک۔ جریان۔ مغلظ منی۔ بوا سیر مقوی دماغ۔ احتلام و سرعت کو نافع ہے خوراک ۲ سرخ ہمراہ شربت بزوری کے

یہ کشتہ جات وہ ہیں جنکے کھانے سے نقصان کا اندلیشہ نہیں ہے ورنہ اور بہت ہیں۔ حکما کے نزدیک اکثر باعث نقصان کا ہے۔ مثلاً سنکھیا۔ شنگرف و پارہ وغیرہ کے واسطے وہ نہیں لکھے جو استعمال کے قابل نہ ہوں۔

نسخہ ماءلالحم اکثر شوقین لوگ

استعمال کرتے ہیں **فوائد**۔ خون پیدا ہو اور صاف ہو سیاہی جسم ہو اور رنگ سرخ ہو اور ہاضمہ بڑھ جاوے۔ اور قوت باہ بہ انداز ہو۔ اول دل ہر وقت بشاش رہے ذائقہ عمدہ ہو **نسخہ**۔ عشبہ چوب چینی براہمی بوٹی منڈی بوٹی ہلیلہ سیاہ نیل کنٹھی برادہ آبنوس برہمڈنڈی گل گاؤزبان زوفا گل اسطوخودوس ہر ایک ۲۰ تولہ ابریشم زعفران دارچینی۔ جاوتری۔ خولنجان۔ دانہ الائچی ہر یک پانچ تولہ گاجر سیاہ ۵ سیر سیب عمدہ انار کابلی فی ۲ سیر عرق کیوڑہ ایک بوتل اور پرانہ وبہ کوٹکر بھگوئیں اور بہو پھلی ریزہ ریزہ کرکے وقت کشید شامل کریں اور ایک بوتل دو آتشہ شراب ملائیں تو نشہ آور ہوجاویگا۔ ۲ بوتل عرق دو آتشہ نکلوائیں خوراک عرق ۵ تولہ پانچ بجے شام ایک تولہ صبح فقط اب خاتمہ ہے۔ اب ادویات کے نام عام سہولت کے لئے درج ہذا کرتا ہوں۔

تاثیر ادویات

خون کو اصل میں لانیوالی دوائیاں

تخم کاسنی - کاہو - دھنیا - گلاب - عناب - صندل سفید و سُرخ - شاہترہ - منڈی نیموں - برم ڈنڈی - آلو بخارا - نیل کنٹھی نیم کا پھول و پتے نیلوفر - بنفشہ وغیرہ -

گاڑھے خون کو پتلا کرنے والی

بادیان بھنگی پیاز اسطوخودوس - پودینہ - دارچینی - بابونہ - موتھا بیج - اجوائن -

حیض جاری کرنے والی

تخم کلونجی - اجوائن - سداب یعنی تتلی - موتھا - زعفران - منڈی اجمود پکھان بید -

دماغ کو قوت دینے والی

آملہ - ہرڑ - سیب - امرود - بہی - نارنگی - مولی - لونگ - زعفران چنبیلی - صندل بادام وغیرہ

دماغ کو نقصان دینے والی

بہت ٹھنڈی اور زیادہ کٹھائی وغیرہ

دل کو قوت دینے والی

انار - ابریشم - آملہ - پان - سیب - انجیر - زہر مہرہ - الائچی سفید - دارچینی گڑہل - شقاقل - صندل سفید - طباشیر ورق طلاء نقرہ وغیرہ - پستہ - لونگ کافور - کیوڑہ

جگر کو قوت دینے والی

پستہ - الائچی - منقہ - انار - دارچینی

جگر کو نقصان کرنیوالی

نارنگی - چھوہارا - سرکہ - سرد پانی وغیرہ -

معدہ کو قوت کرنیوالی

آنولہ۔ آنار۔ بہی۔ طباشیر۔ ہرڑ۔ کالی مرچ۔ موتھا۔ لونگ پودینہ عود۔

معدہ کو نقصان دینے والی

زعفران۔ گھی۔ مسور۔ سیاہ تل۔

بھوک بڑھانے والی

لیموں۔ کالی مرچ۔ سرکہ۔ نمک الائچی کلاں سرد پانی

دانتوں کو طاقت دینے والی

سپاری۔ عقرقرعا۔ موتھا۔ مازو۔ مصطگی۔ کیس۔ بنسلوچن وغیرہ۔

دانتوں کو نقصان دینے والی

دودھ۔ مولی۔ برف کھٹائی وغیرہ۔

باہ کو طاقت دینے والی

گاجر۔ مولی۔ پیاز۔ دودھ۔ چھوہارا۔ بادام۔ تل سفید۔ پستہ چلغوزہ ثعلب شقاقل۔ گوکھرو۔ بہمن۔ تخم خربوزہ۔ سنبل عقرقرعا مصطگی۔ دارچینی۔ سونٹھ۔ بیدمشک وغیرہ۔

باہ کو نقصان کرنیوالی

دھنیا۔ کاسنی۔ کاہو۔ عناب۔ کافور۔ کھٹائی ہمہ قسم۔

منی پیدا کرنیوالی

دودھ۔ پیاز۔ بادام۔ پستہ۔ ناریل۔ چنا۔ سونٹھ۔ زعفران۔ بہمن۔

آنکھ کی روشنی کرنے والی

بادام۔ منڈی۔ سونف۔ شہد۔ سرمہ لگانا۔ زعفران۔ موتی۔

آنکھ کو نقصان دینے والی:۔ اندھیرے میں لکھنا پڑھنا۔ مرچ۔ تیل۔ اندھا سونا

اچانک روشنی سے اندھیرے میں آنا - آگ تاپنا - جلاب لینا - سینگی لگانا۔

الف	معنے	الف	معنے
آب شبینہ	رات کا باسی پانی	انجرہ	تخم اوٹنگن
آب آیکھ	رس گنا پونڈا	آہو	ہرن
ابوخلسا	رتن جوت	آہک آب	چونہ ان بجھا
اٹ سٹ	بسکھپرہ	ایرسا	جڑ سوسن
اترج	ترنج بجورا	ابلوا	کالا سہاگہ
اہل	ہاؤ بیر	اثمد	سرمہ
اجمود	تخم کرفس	**ب**	**معنے**
اذخر مکی	خس زخ پتی	بالنگو	تخم ملنگان
اڑوسہ	باسہ	بارود	بہروزہ
اسپند	حرمل	ببول	کیکر
ارزیز	قلعی	بیدانجیر	آرنڈ
اشخار	سجی	بچھناگ	میٹھا تیلیا
اشخار لوٹہ	لوٹہ سجی	بذر قطونہ	اسبغول
اصل الحاو	گندھک آملہ سار	برگد	بڑھ
اقحوان	بابونہ کی قسم کی بوٹی	برگ تبت	کشمیری پتھہ
اگر	عود ہندی	برگ رمان	انار کے پتے
انگوزہ	ہینگ	برادہ عاج	ہاتھی دانت
اونٹ کٹیلہ	ہاتھی سونی بوٹی	برم	پھلاہی درخت
اندرائن	تما حنظل	برگ قنب	بھنگ کے پتے
		براز مگس	مکھی کی بیٹ

بزرالبنج	اجوائین
بباسہ	جاوتری
بسکھپرہ	اِٹ سٹ بوٹی
بکین بوٹی	جل دھنیاں
بندق	ریٹھہ
بنسلوچن	طباشیر
بندال	کڑوی توری
بہسرہ	بھکڑہ
بیش	مٹھا تیلیا
پ	**معنے**
پاچک صحرائی	ایرنہ اوپلہ
پکھان بید	جنطیانہ
پلاس	ڈھاکہ
پپلا مول	مرچ سیاہ
پنبہ دانہ	تخم کپاس
پیتہ بط	چربی بطخ
پیتہ خوک	چربی سور
پیتہ غوک	چربی مینڈک
پیتہ خرس	چربی ریچھ
پیتہ اسد	چربی شیر
پیپل کلاں	گمھاں

بزرج	سازج ہندی
ت	**معنے**
تخم ترہ تیزک	ہالوں کے بیج
” شبت	سوئے
” نیل	وسمہ کے بیج
” مورد	حب الآس
ترب	مولی
ترکنڈ	گمھ مرچ سیاہ یسونٹھ
ترس	باقلا مصری
تامیر	تانبہ
تنکار	سہاگہ
توتیا ہندی	نیلا تھوتھا
تخم زروک	گاجر کے بیج
ج	**معنے**
جسادار	نربسی
جسد سوختہ	کشتہ جست
جل دھنیاں	بکین بوٹی
جلنار	انار کے پھول
جمیز	گولر
جھاڑ سنگرہ	تونتی بوٹی
جوانا	دھما بوٹی

چ	معنے
چرادچنہ	شطرج ہندی
چرچٹہ	ٹھکنڈا
چرم کہنہ	پُرانا چمڑا
چرک سنئے	میل نڑی حقہ
چلپاسہ	کرلی
چوہڑی سروج	جماؤ
ح	**معنے**
حب المجلب	کھرنی کے بیج
حب الملوک	جمال گوٹہ
حب القلت	کلتھی کے بیج
حب قرطم	کُنبہ کے بیج
حب الخروج	ارنڈ کے بیج
حب القطن	کپاس کے بیج
حب الرشاد	تخم ہالون
حبہ سفید	رتک سفید رتک سُرخ
حُسن یوسف	گندھک جوبوسے
حصص کمی	رسوت
حلتیت	ہینگ
حلبہ	میتھی
حماض	چوکا

ح	معنے
حمص	نخود چنے
حبوب حمیصہ	گولی نخود برابر
حبہ سیاہ	سانپ کالا
حلوان	گوشت بکرا
خ	**معنے**
خاکسی خاشکی	خوب کلان
خارپشت	کچھوا
خارخسک	بھکڑہ
خانہ عنکبوت	مکڑی
خردل	رائی
" سیاہ	تارامیرا
خربق	کٹکی
خستہ	گٹھلی
خضر	پارہ
خندقوقی	اڑٹ لسکھپڑا
خیارشنبر	املتاس
د	**معنے**
دارفلفل	مگھاں
دارہلد	امب ہلدی
دارشیشعاں	گائے پھل
دب	گھاس

لفظ	معنے
دراج	تیتر
دوب	پونڈا گنا
دودھی خورد	ہزاردانی بوٹی
ر	**معنے**
رازیانہ	سونف
رانگ	قلعی
رمان	انار
روح موز شیریں	روح کیلا
روباہ	لومڑی
ز	**معنے**
زاگ۔شب یمانی	سفید پھٹکڑی
زبدالبحر	سمندر جھاگ
زربناد	کچور
زردچوب	ہلدی
زرنیخ طبقی	ہڑتال ورقیہ
زرورد	زیرہ پھل گلاب
زرنب	برہمی بوٹی
زقوم	تھوہر
زلو	جونک
زلال	بھگوئی ہوئی چیز کا پانی
زنجفر	شنگرف
زہرہ	پتہ
زہوک	آک
زہرہلدیہ	سنکھیا زرد
زیبق	پارہ
س	**معنے**
سارنج ہندی	تیزپات
سبوس	چھلکہ
سرس	درخت سرینہ
سرطان	کیکڑہ
سعدکوفی	ناگرموتھہ
سم اسپ	گھوڑے کا ناخن
سم الطیب	بال چھڑ
سام ابرص	کرلی چھپکلی
سیندران	ہالون
سرشف	سرسوں
سرگین گُوزنہ	پاخانہ بندر
شرپشم ماہی	رطوبت ماہی
سرب	سکہ
سرکنڈہ	کانے جیسی قلم ہوتی ہے
سرگین مگس	پاخانہ مکھی
سکہار رشن	چنبیلی

	معنی
سلیخہ	تج
سنگ پشت	کچھو
سیماب	پارہ
سیتل چینی	کباب چینی
سپنری	گرلی
سیر	لہسن
ش	**معنی**
شاہترہ	پت پاپڑہ
شاخ گوزن	بارہ سنگھا کا سینگ
شاہدانہ	بھنگ کے بیج
شحم خرس	چربی ریچھ
شفتالو	آڑو
شک سفید	سنکھیا
شیرہ جارہ	کنوار گندل
شونیز	کلونجی
شگوفہ ترنج	پھول ترنج
شیر زقوم	تھوہر کا دودھ
ص	**معنی**
صبارہ	کنوار گندل
صبر سقوطری	سہاگہ سیاہ
صدف	موتی سیپ

	معنی
صعتر	پودینہ
صمغ ڈھاک	کمرکس
صمغ عربی	گوند کیکر
ط	**معنی**
طحب	جالا پانی
طاؤس	مور
ع	**معنی**
عروسک	بیر بہوٹی
عشر	آک
عطارد	پارہ
عقاب	نوشادر
عقرب	بچھو
عنب الثعلب	مکو
عود الحطاش	کندش نک چھکنی
عین الدیک	رتنک
عدس	مسور
عزی الملک	سریشم ماہی
عنب	آنکھ کا امراض
ف	**معنی**
فادزہر معدنی	زہر مہرہ
فادزہر حیوانی	پتھر ہے

فرار	پارہ
فلک سر	بھنگ
فنجنگشت	اٹمق سمبھالو
فوفل	سپاری
فوہ	مجیٹھ
ق	**معنے**
قاقلہ	الائچی
قاضی دستار	دوہ ہک چھتری والی
قاتل الکلب	کچلہ
قرنفل	لونگ
قشر بیضہ	انڈے کا چھلکا
قصب ایزریرہ	چرائیتہ
قنب	بھنگ
قنبیل	کمیلہ
باب کا	**معنے**
کاہی	سبز رنگ کی جو پانی میں ہوتی ہے
کاکنج مانج	مکو
کبیو	درخت کریہ
کبیرالاشجار	بڑھ
کبریت	گندھک
کپور	کافور

کتان	السی
کثائی خورد	ممولیاں
کٹائی کلاں	ستیاناسی
کٹکی	کوٹہ
کٹیلی	ممولیاں
کرم شب تاب	جگنو
کرنجوا	میچکنا
کرم مخمل	بیر بہوٹی
کڑ	کسنبہ
کندریا	سمندر جھک
کنچہ مار سیاہ	سانپ
کنچہ مار بوٹی	چھتر تھوہر
ککروندی	ککر چھڈی
کلیا بز غالہ	سر بکرا
کنکول	مرچ سیاہ
کنار	بیر
کنجشک	چڑیا
کوکن بیر	جنگلی بیر
باب گ	**معنے**
گرزگاں	اخروٹ
گزمازج	مائیں

گل صدبرگ	گیندے کے پھول
گل ملتان	گاجنی
گلبیان سبحان	مرجان
گوندڈھاک	کمرکس
گوند سنبل	موچرس
گوگرد	گندھک
گھگر ویل	توری کڑوی

باب ل	معنے
لٹوبری	جل دھنیا
لسان العصافیر	اندرجو
لحم	گوشت
لک	لاکھ
لوٹہ کھارہ	سجی
لبن	دودھ
لسلہ	سوڈھا

باب م	معنے
ماہی زہرج	کرلی
مارالعروس	تیزآب گندھک
مار آراب	آب دہی
مرکی	بول
مرزنجوس	چوہے کی منگنی

مُرارہ	پتہ
مستی غوک	مینڈک کی مستی
مشکرامشیع	پودینہ
مصبر	ایلوا
مغز فلوس	گودا املتاس
مغیل	کیکر
مقیل	گوگل
مغز گردگان	اخروٹ کی گری
مکو	پلپیک
مکد	مراد ہر ایک بات سے
مگس	مکھی
مونگا	مرجان
مورد	حب الآس
مورچہ	چیونٹی کیڑے
موکری	کتائی خورد
معہ سائلہ	گندہ بروزہ تر
ماکھ	اڑدماش
ماچھک	شہد
مانسی	بکری
معیہ یابسہ	گندہ بروزہ خشک
میاہ لکڑی	میدہ سک

(باب ن)	معنے
نانخواہ	اجوائین
نارنج	سنگترہ
ناگ پھن	چھتر کھوہر
نحاس	تانبہ
نرگنڈی	سنھیالو
نسوت	تروی
نفاع	پودینہ
نمک شور	کلر
نیشکر	پونا و گنا
نیب	نیم

(باب و)	معنے
وج	اگر تُرکی
ورق الخیال	بھنگ

(باب ہ)	معنے

ہاتھی سونڈی کے ادنٹ چرکھبسہ پیدا جبت یا باسا

ہزارپا	کنکھجورا
ہیل	الائچی
ہنسراج	پرسیاؤشاں
ہرچوبہ	رتن جوت
ہندبا	کاسنی
ہوناریفون	کاسنی

باب ی	معنے
یاقوت	نیلم
یبروزج الغم	ہتھاجوڑی
یرجوع	گھونس
یاسمین	چمبیلی
یل	۵ تولہ ۴ ماشہ
کدث	مٹھی بھر
بہلولی	۱۲ ماشہ
دینار	ایک مثقال یعنی ۲۵ جو
آدھک	۴ سیر ۴ چھٹانک

یونانی وزن و نام		وزن و پیمانے انگریزی	
نام ارزہ	ایک چاول	اگرین	نصف رتی
استار	ساڑھے ۴ مثقال	ڈرام	۴ ماشہ
اوقیہ	ساڑھے ۷ مثقال	اونس	۲ تولہ ۶ ماشہ
باقلا	ساڑھے سات رتی	ایک نیم	ایک قطرہ

بندق	ایک ماشہ ۴ رتی	۸ ڈرام	ایک اونس
ترمسد	۶ رتی	۱۳ گرین	ایک ڈرام
حبہ	دو جو برابر	۱۲ اونس	ایک پونڈ
خرمسہ	۴ مثقال	ٹمبلر	گلاس یا ۱۰ اونس
خرنوب	ساڑھے ۳ رتی	۳ سکروپل	۱۰ رتی
یک سرخ	ایک رتی	۳ اونس	۸ ڈرام ۱/۲ ۲ تولہ
دانق یعنی دانگ	۴ رتی	پائنٹ	۵۰۴ قطرہ
درم	ساڑھے ۳ ماشہ	گیلن	۵ سیر
رطل	۳۴ تولہ ساڑھے ۴ ماشہ	۲۰ گرین	ایک سکروپل
مثقال	دو ماشہ ۶ رتی	کمپونڈ	دو تین دوائیاں ملانی
من [illegible]	۴۰ تولہ ۸ ماشہ	ٹن	ساڑھے ستائیس ۲۷ من
ماشہ	رتی ۸ کا	۱۶ اونس	۴۰ تولہ

فارسی نام	معنے اردو	نفخ + پھکا	غب + بخار
اکال	کھانیوالی تیز دوا	گلحکمت یا کپروٹی	کسی ہانڈی یا شیشی پہ لگانا
جاذب	کھینچنے والی مواد کو	سمپٹ	دو مٹی کی پیالیوں کے اندر دوا رکھ کر بند کرنا اور اوپر کپڑا چڑھانا
مقی	قے کرانی والی		
معرق	پسینہ لانیوالی	ترپھلا	ہرڑ بہیڑا۔ آملہ۔
مدر	پیشاب لانیوالی	ترکٹا	سونٹھ۔ مرچ پیپل
معطیس	چھینک لانیوالی	چترجات + دارچینی آلائچی تیجپات ناگکیسر	
محرک	ہوشیار کرنیوالی	پنج پات + آم جامن کیتھ بیجہ ابیل	
متقلع	بلغم نکالنے والی	ہچکول + پیپل پیپلا مول چب چیتا سونٹھ	

کرم کش	کپڑے مارنیوالی	پنج پھول + پیپل شیوناک مکھاری وغیرہ	
مسبت	بیہوش کرنیوالی	زہریلی اشیاء سے	مدت موت
تکمد	سینگ	سنکھیا ایک رتی	میعاد موت ۸ گھنٹہ میں
حمول	انار رکھدا فرج میں رکھنی	رسکپور ۳ گرین	ایک گھنٹہ
جوارش	چٹنی	کچلہ ایک عدد	دو گھنٹہ
عفص	کیلا	افیون ایک ماشہ	۶ گھنٹہ
حرلیف	چرچڑی	دموی	خونی

نسخہ جات مجرّب

نامردی کو رفع کرے۔ سفید کنیر کے تخم لیکر جو پختہ ہوں سایہ میں سکھا کر پیسکر اول نصف رتی دوسرے یک رتی روز بروز نصف رتی زیادہ کرتے رہیں ایک ہفتہ مکھن میں کھائیں اور دیکھیں پرہیز ترشی تیل۔ **مقوی باہ و معدہ۔** مصطگی ۲ تولہ شہد ۴ تولہ میں حل کرکے ۴ ماشہ رات کو استعمال کریں۔ **سرمہ بصارت سلیمانی۔** نسخہ توتیا کرمانی ایک درم سرمہ اصفہانی ۲ درم نمک اندرانی ۴ مثقال زعفران نصف قراط کافور یک رتی (پوست ہیلہ زرد ۵ دانہ۔ پوست بلیلہ دو نو پوست لیکر ۳ حصہ جلا کر پانی کو بعد میں اوپر کی دوا الکر کھرل کریں تاکہ مانند سرمہ ہو جاوے پھر رات کو سلائی سے لگائیں **دیگر کھانسی کے لئے چٹکلہ** اسپند بریان چند دانہ پیسکر شکر سفید ملا کر دیں فائدہ ہوگا۔ **دیگر** گھوڑے کا کھف بال مونڈ کر لگائیں بال ہمیشہ کے لئے اوگنے بند ہونگے ہاتھی لید کی دھونی سے بخار دور ہو جاتا ہے۔ **دیگر** مینڈک کے کباب کھانے سے رہائی پائیں۔ **دیگر** پستان گول رہیں۔ شاخ انگور کی راکھ کرکے پانی میں کھول کو کپڑے پر لیپ کریں اور وہ کپڑا پستان پر لگا کر باندھیں دائگی پہنیں **دیگر چٹکلہ فقیری۔**

تخم ستیاناسی کے لیکر پانی میں رگڑکر بطور مرہم لگائیں پھوڑا جلدی اچھا ہوگا۔ مصفی خون پرلے درجہ کا تخم باریک پیسکر چنا کے برابر صبح کو پانی سے استعمال کریں دو ہفتہ پرہیز ترشی تیل کا اور کچا میٹھا وغیرہ اور خداوند نے اسکا نام ہی ایسا رکھا ہے کل امراض کا ناس کرکے گل ستیاناسی مقوی باہ و دافع احتلام و مغلظ منی گل لیکر سایہ میں سکھاکر برابر وزن طباشیر و الائچی خورد و زہر مہرہ۔ مشک ۳ رتی زہر مہرہ و مشک کو کیوڑہ میں کھرل کریں اور منقی میں گولی برابر نخود بنالیں ایک گولی صبح و شام کو دودھ سے یا ویسے استعمال کریں تا یک ہفتہ دمہ کے لئے ڈھکلہ فقیری مدار کے پتوں پر جو سفید باریک سی روئی ہوتی ہے اُسکو چاقو سے آہستہ سے اونارلیں ہمراہ شہد کے گولی موٹھ کے دانہ کی مانند بناکر ایک گولی رات کو پان میں دیں فائدہ اکثیر ہوگا۔ دیگر فوائد نمک اسکی سلائی بناکر آنکھ میں پھیریں یا ڈلی سو سال تک نظر قائم رہے۔ دیگر ہچکی خواہ کسی وجہ سے آرہی ہو نمک کی نسوار لیں آرام ہو گا۔ دیگر داد کے لئے نمک کو پانی میں حل کرکے داد پر لگائیں ایک ہفتہ میں فائدہ ہو۔ پھولا کے لئے فقیری عطیہ کسی ویران جگہ میں سبز رنگ کی چوڑی تلاش کریں جب ملجاوے اوسکو کانسی کے کٹورا میں شبنم کے پانی میں رگڑیں ایک ہفتہ پانی ڈالکر رگڑیں جب تمام چوڑی جاوے سبز رنگ کا زنگار بن جاویگا اوسکو شیشی میں رکھیں اور سلائی سے رات کے وقت لگائیں فائدہ ہوگا مریض پھولا والا چت لیٹے ۳ دن میں آرام ہوگا۔ آتشک سے بچنے کی تدبیر جو عورت سے جماع کریں دو گھنٹہ بعد اپنے ذکر کو اپنے ہی پیشاب سے صاف کرلیویں متعدی بیماری سے بچ رہیگا۔ وقت جماع فاحشہ کی اندام نہانی ہمیشہ دھو لینی چاہیئے۔ نسخہ فربہی۔ پوست ڈھاکہ نیمدرم پانی سے رگڑ کر ایک ہفتہ کام میں لائیں۔ دیگر طلا۔ لہسن تازہ روغن السی میں جلاکر پھر تیل میں خردل عاقرقرحا

تخم ترب و مالکنگنی گل دوا ہموزن تیل میں حل کر کے آلت پر رات کو ملیں ایک ہفتہ
دیگر تنگی اندام املی کے بیج چھل کر سرمہ بنالیں از قبل جماع او نگلی سے لگائیں
اور ملاحظہ کریں **گوشت خورہ** کیلئے نیلا تھوتھا بریاں کر کے بطور منجن استعمال
کریں **دیگر جلاب** نرم ہر عمر ہر موسم میں ہلیلہ بلیلہ پیسکر قند سفید ملا کر کھائیں رات
کو۔ صبح اجابت ہو گی۔ **دیگر کشتہ شنگرف** ۲ تولہ لیکر پانی پیاز یک بوتل لیکر
کھرل کریں۔ جب پانی ختم ہو جاوے کشتہ تیار ہے ۲ چانول مکھن میں دیں
نیند کا نہ آنا۔ باعث صفرا کی تیزی یا زیادتی دھوپ یا فکر یا خشکی تقوت
دماغ دوا کریں کل صحت نیند گہری پر ہے ٭

انسانی تندرستی

التماس ہے۔ کہ ایک کتاب بنام پوتھی گیان گیتا ایشور کے اوصاف
و ملاپ کی جسکی ہر بشر کو خواہش ہے بحروف اردو گورمکھی میں چھپائی گئی
جس کو پڑھکر مصنفت پڑھکر مصنف کی حوصلہ افصائی عام نے بڑھائی باعث
مشکوری کا ہوا اب خیال ہوا کہ سوائے انسان کے پرمیشر کے اوصاف و ہستی
کو کوئی ظاہر کرنیوالا نہیں ہے مگر سب دار مدار صحت پر ہے ورنہ انسان کچھ کرنے
کے لائق نہیں اسواسطے بڑی محنت سے تندرستی کے اصول کو مدنظر رکھکر
مخلوق کی بھلائی کے لئے کل قسم علاج و نسخہ جات و اصول ہر ماہ درج کئے
تشریح مثلاً افاقہ سے پانی سے دھوپ سے چاند سے ایلوپیتھی سے ہومیوپیتھی
سے کروپھتی ویدک سنیاسی فقری یونانی یک سوئی خیال سے وغیرہ وغیرہ
شاید ہی اس کے علاوہ کوئی اور ذریعہ ہو گا۔ علاج کا قریباً ایک ہزار کتاب سے

زیادہ کتب کا مطالعہ کر کے عرصہ ۲۵ سال کی خدمت ہے۔ نسخہ جات وہ جو
پیسہ دو پیسہ کی لاگت کے ہوں زیادہ تعریف فضول کتاب کے ملاحظہ سے
ثابت ہو سکتی ہے۔ کیونکہ میرے مہربان حکیم فضل حسین صاحب سید عرصہ دراز
سے فیض رسان ہیں اور علم طب میں ازبس لائق فائق اور خدا پرست نیز ریاست
ٹپیالہ سے پنشن یافتہ و جنبہ و کپورتھلہ وغیرہ سے اور کئی کتب ہائے کے
منصف اب بڑی شان سے لاہور میں مقیم ہیں اونکی نظر و عنایت سے
لیاقت حاصل کر کے اس کتاب کے مرتب کرنیکا خیال کیا گیا کہ یادگار بن
جاوے آجتک شاید ہی ایسی اکیلی کتاب شائع ہوئی ہو۔ جس میں کل دنیا
بھر کے علاج کا ذخیرہ ہو اول باب امراض بچوں کے۔ دوئم جوانی سے
بڑھاپے تک صحت برقرار رکھنا بمعہ ترکیب و نسخہ جات اور سوئم میں ہمہ
قسم علاج مستورات و نسخہ جات و ترتیب خانہ داری و حسن و سیرت کے
بنائے جانیکا طریقہ اور چہارم میں تو ازبس کمالیت ہی کر کے نسخہ جات کی
تشریح و ترکیب بنانے دکھانے کی لکھی گئی ہے صحت سے ہی انسان پہاڑ چیرتا
ہے ہوائی جہاز چلاتا ہے۔ سمندر عبور کرتا ہے اور خداوند تعالیٰ کا عبادت سے
دیدار کرتا ہے کھانا پہننا دنیا کی سیر کرنا غرض جو کچھ ہے سب انسان تندرستی
سے کر سکتا ہے مگر علم کی روشنی کے ذریعہ سے دُنیا اسپر عمل کر کے اپنی اور اپنے
عیال کی زندگی کو خوش بنائے رکھے اور صحت کا لحاظ رکھے اور جو صاحب فائدہ اوٹھادیں
وہ اس ناچیز کے حق میں دعا خیر فرماویں انسان ہردم بھولنہار ہے اگر کوئی غلط بیانی ثابت ہو تو
معاف فرمانا۔ اور آگاہ فرماویں اُنکا مشکور ہونگا اور آئندہ ایڈیشن میں ساتھ شکریہ کے
نام شائع یادگار کراؤنگا۔ زیادہ طوالت کے خاتمہ کرتا ہوں دعا خیر سے یاد فرماویں نیازمند

لالہ فقیر چند اگروال مصنف ریاست کپورتھلہ محلہ سردار صاحب

آئینہ مطب
عنقریب
ہی تیار ہو کر ہدیہ ناظرین کرونگا جس
میں ویدک سنیاسی کیمیا ہر قسم کشتہ جات جملہ
امراض کے علاج کا فوٹو ہوگا۔ یہ کتاب ہر گھر میں
رہنی چاہئے بغیر حکیم و ڈاکٹر کے
علاج کر سکتے ہیں
ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشرز
وتاجران لاہور بازار کشمیری

پنجسورہ شریف مترجم

عکسی ہفت رنگ

یہ پنجسورہ شریف اور اِس قسم کے دوسرے وظائف
عکسی - رنگین ہم نے با ترجمہ نہایت اعلیٰ - خوشخط - صحت
وصفائی سے طبع کئے ہیں - جنکی خوبیاں و دیگر اوصاف دیکھنے
کے لایق ہیں - ع شنیدہ کے بود مانند دیدہ :-

ملنے کا پتہ :- **ملک دین محمد اینڈ سنز تا[illegible]**
وپبلشرز کشمیری بازار لاہ[illegible]